مقالات مولوی محمدؐ شفیع

راجع بہ

ہنروران وخط وخطّاطان

جلد اوّل

مرتّب

احمد ربانی ایم اے
(پاکستان ریلوے سروس)

مجلس ترقّئ ادب، لاہور

مقالات مولوی محمد شفیع

راجع بہ

ہنروران خط و خطاطان

جلد اوّل

مرتبہ

احمد ربانی ایم اے
(پاکستان ریلوے سروس)

مجلس ترقی ادب، لاہور

والد بزرگوار

کے

مقالات کا یہ مجموعہ

اپنے شفیق بزرگ جسٹس ایس اے رحمان دام اقبالہ المعالی

کے نام نامی سے منتسب کرنے کی

سعادت وفضیلت حاصل کرتا ہوں

جن کی تشویق

میری ان حقیر علمی کوششوں کی ہمیشہ رفیق رہی ہے

احمد ربانی

جمع و ترتیب — احمد ربانی ایم۔ اے، پاکستان ریلوے سروس
ڈپٹی جنرل منیجر پاکستان ویسٹرن ریلوے۔ لاہور

کتابت — محمد شفیع۔ ادارہ کتابت۔ چوک وال گراں۔ لاہور

مطبع — نوائے وقت پرنٹرز لمیٹڈ لاہور۔

ناشر — مجلس ترقی ادب لاہور

طبع — اوّل

تعداد — ایک ہزار ایک سو

قیمت — پندرہ روپے

فہرست مندرجات

مولانا محمد شفیع مرحوم و مغفور

از سید حسام الدین راشدی

رفتہ اند، ازیں بزم، تا سخن باقیست
ز دیدہ رفتہ حریفان، ہنوز در گوشند

جب شعور نے آنکھیں کھولیں اس وقت دیکھا، علمی دنیا میں مولانا محمد شفیع کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ ان کی تحقیق ان کی دقت نظر اور ان کا علمی مقام اور منزلت، اس دور کی ایک مانی ہوئی بات تھی۔

یہی دن تھے جب اورینٹل کالج نہ فقط اہم بلکہ معزز اور محترم ادارہ بنا ہوا تھا، کیونکہ مولانا اس میں موجود تھے، کالج کا رسالہ اور اس کا فارسی ضمیمہ اس لیے موقر اور مقبول اور عالمی شہرت رکھتا تھا کہ مولانا کی تحقیقات اس میں چھپتی تھیں۔ دانش گاہ پنجاب ان دنوں دنیائے دانش اور علم میں اس لیے مشہور و معروف بلکہ آبرو مند تھی کہ اس سے کئی ایک ایسے اہم علمی نوادر شایع ہو چکے تھے، ایک مدت سے اہل علم کو، جن کی کمی محسوس ہو رہی تھی۔ مکاتیب رشید الدین تو بعد میں سامنے آئی، لیکن اس سے پہلے فہرست عقد العرید، مطلع السعدین، تتمہ صوان الحکمہ، درۃ الاخبار، تذکرہ میخانہ، خواجہ غیاث الدین کا

سفر نامہ، چین اور اقتباسات آداب الحرب و الشجاعت جیسی نادر کتابیں اہل علم تک پہنچ چکی تھیں۔ عنصری کی دامق و عذرا کی دریافت اور اس پر تحقیقات خود ایک ایسا غیر معمولی انکشاف تھا کہ اہل علم و قلم میں ایک تہلکہ مچا ہوا تھا ـــــ دنیائے علم کو علم تھا کہ لاہور ایک آبرومند شہر ہے اور اس کی دانش گاہ صحیح معنوں میں دانش اور علم کا ایک ایسا سرچشمہ ہے جو کسی صورت میں دنیا کے کسی بڑے سے بڑے علمی سرچشمہ سے کم نہیں ہے۔

مولانا کا وجود خیر و برکت کا باعث تھا، ان کی مردم شناسی، قدردانی، اور ان کی اپنی ذاتی صفات اور شخصی کشش نے، جہاں تہاں سے، کئی ایک محقق اور مانے ہوئے اہل علم، اپنے ارد گرد جمع کر لیے تھے، اور بجا طور پر دانش گاہ پنجاب کو ان کی وجہ سے نہ فقط فضیلت یا افضلیت حاصل تھی، بلکہ سچ تو یہ ہے کہ یہ دور اس کی سروری کا دور تھا اور یہ زمانہ اس کی کجکلاہی کا زمانہ تھا۔ اسی سمے میں مولانا عبدالعزیز المیمنی وہاں تھے، حافظ محمود خاں شیرانی مرحوم کا یہی زمانہ تھا، شیخ محمد اقبال مرحوم اور ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ اسی دور کے اساتذہ تھے، اور یہ بھی حقیقت ہے کہ میرے بزرگوار سید عبد اللہ کا دور بھی وہی دور تھا۔

یہ سب حضرات اسی حلقہ کے ارکان، اسی سلسلہ کے موتی، اور اسی محفل کے شب چراغ تھے۔ ان سب برگزیدہ شخصیتوں نے مل کر پورے ملک کے اندر تحقیق اور تجسس کی، علم اور عمل کی، قلم کی اور کتاب کی ایک ایسی ہوا

باندھ رکھی تھی اور علمی ماحول کو ایسے بلند مرتبہ اور درجہ تک پہنچا دیا تھا کہ دنیا دو رنگی نے جب اس طلسم کو توڑا اور یہ بساط الٹی تو پھر یہ آنکھیں ہمیشہ کے لیے ترستی ہی رہ گئیں۔

مولانا نے شاہ حسین بایقرا کے حالات پڑھتے اور ہرات کے علمی نشاۃ ثانیہ پر لکھتے لکھتے اپنے شہر کو اور اپنے ملک کو بھی قریب قریب اس منزل اور مقام تک پہنچا دیا تھا، علمی ذوق و شوق پورے شباب پر تھا، لکھنا پڑھنا اور مطالعہ ایک دھن بن چکا تھا، خالص علمی اور ٹھوس تحقیقی کتابوں کی مانگ ہر طرف بڑھ چکی تھی، لاہور کے بازار ہر وقت بھرے بھرے رہتے تھے ــــ سودا تبھی تو بازار میں ہوتا ہے جب اس کے گاہک ہوتے ہیں ــــ کتابوں کی خرید اور ملک بھر میں خطی نسخوں کی تلاش اور اپنے آباؤ اجداد کے ارث کی حفاظت اور فراہمی اس زمانے میں ایک مقدس فریضہ سمجھا جانے لگا تھا اور لاہور کے ہر اہل علم کو یہ فریضہ انجام دینا پڑتا تھا۔ شیرانی کے نوادر، پروفیسر آذر کا کلیکشن، خود مولانا کا اپنا کتب خانہ، سب اسی عہد زرّین کی یادگار ہیں۔

مولوی صاحب ہی سب سے پہلے بزرگ ہیں جنھوں نے ملک کے علاوہ ملک سے باہر مشرق ہو خواہ مغرب، یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ کون سے علمی نوادر کہاں کہاں اور کس کس کتب خانہ کی زینت ہیں۔ مختلف کتابوں کے فوٹو اور نقلیں ــ جو اس وقت دانش گاہ کے کتب خانہ کی زینت اور آبرو ہیں ــ سب اسی یادگار زمانے کی یادگار ہیں۔

اپنے ذاتی ذوق اور شخصی تلاش اور تحقیق کے طفیل اس بزرگوار نے

دانش گاہ میں اس طرح کے پائدار اور نہ مٹنے والے نقوش اور نشان چھوڑے کہ اسی پرانی ساکھ اور ان پرانے نقش و نگار کی بنا پر، دور دیس سے آج بھی جو پڑھا لکھا وارد ہوتا ہے، وہ ایک مرتبہ دانش گاہ کے دروازے پر ضرور جا کر دستک دیتا ہے۔

احمد ربانی صاحب نے فرمایا ہے کہ میں ایسی عظیم شخصیت کے مقالات پر مقدمہ لکھوں۔ حیران ہوں اور شرمندہ بھی۔ حیران اس لیے کہ مولانا کے لکھے ہوئے پر میں کیا لکھ سکتا ہوں! اور شرمندہ ہوں کہ لکھوں بھی تو اس کے لیے مرتبہ اور منزلت کہاں سے لاؤں! اور پھر وہ قلم کہاں ہے جو ان کے مضامین یا ان کی تحقیق پر تبصرہ کرتے چلے؟

حکم کی تعمیل اور ارشاد کی تکمیل بہر حال اس حد تک کر سکتا ہوں کہ جو کچھ میں نے دیکھا ہے یا اس عظیم المرتبت آدمی کی شخصیت نے میرے دل و دماغ پر اثرات چھوڑے ہیں ان کو بیان کر دوں — اتنا کچھ مناسب بھی ہے اور یہی میرا مقدور بھی ہے۔

جنس موہومئے ما، شیفتۂ ارزش نیست
قیمت ما، ہمہ این بسکہ، بہ بازار تو ایم

مولانا سے شخصی طور پر حضوری تو غالباً پاکستان بننے کے بعد، اس وقت حاصل ہوئی جب، سید ہاشمی فرید آبادی مرحوم نے راقم حروف کے لیے لاہور میں اپنے گھر پر دعوت کا اہتمام فرمایا، اور حضرت مولانا کو بھی تشریف فرمانے کی زحمت دی۔ لیکن جیسا کہ اوپر عرض کر چکا ہوں، روحانی شرفیابی

برسوں سے حاصل تھی۔ ان کے نوشتوں میں ان کے مقالوں میں ان کی کتابوں میں ان کو میں اچھی طرح دیکھ چکا تھا۔

اس رات کو جب وہ تشریف لائے تعارف ہوا اور باتیں ہوئیں تو ــــ ہر چند پہلی ملاقات تھی ــــ لیکن شخصاً بھی میں نے ان کو دیکھ لیا بلکہ جی بھر کے دیکھ لیا۔ قد دراز، مضبوط کاٹھی، بدن چوڑا چکلا، کھلتا ہوا گندمی رنگ، چہرہ مہرہ مردانہ نہایت شاندار اور پر وقار، پیشانی کشادہ اور تابندہ، آنکھیں چھوٹی لیکن چمکدار اور اتنی تیز کہ تاب لانا بڑا ہی مشکل کام تھا، بلکہ نا ممکن تھا کہ ان کو گھور کے دیکھا جا سکے۔ مونچھیں مناسب حد تک لمبی اور اس دور کی یادگار جس دور میں مرد مرد دکھائی دیتے تھے۔ ان کا منہ بہت دلکش اور ٹھوڑی بہت خوبصورت اور جاذب تھی۔ سر کے بال جھڑتا چکے تھے، کنپٹیوں پر بال جتنے بھی تھے وہ سفید ہو چکے تھے۔ آواز باریک نہایت ملائم اور حریر و پرنیاں کی طرح نرم اور نازک ــــ ایسی آواز "تند و تلخ کبھی" کاہے کو ہوتی ہوگی، سراسر مشفقانہ اور دلوں کو اپنی طرف کھینچنے والی یہ آواز تھی ــــ میں بہت خوش تھا کہ آج اس شخصیت کا سامنا ہے جس کو دیکھنے کی تمنا اور آرزو مدت سے تھی۔

نازم بچشم خود، کہ جمال تو دیدہ است
افتم بپای خود، کہ بکویت رسیدہ است

مولانا پہلے شخص تھے جنہوں نے سندھ کا علمی سفر کیا تھا۔ سکھر، روہڑی، حیدرآباد، ٹھٹہ، اور سیوھن پہنچ کر وہاں کے تاریخی آثار دیکھے اور جہاں کہیں کتبات نظر آئے نقل کیے اور بعض اہم

کتبوں کے چربے اتارے۔ پرانے خاندانوں کے گھروں میں گئے، قلمی کتابیں، قلمی بیاضیں اور تاریخی نوادر اور نوشتے دیکھے، جو خرید سکے وہ خرید لیے باقیوں کی یادداشتیں تیار کیں۔

اس تاریخی سفر کے حالات اورینٹل کالج میگزین کی متعدد اشاعتوں میں جب شائع کیے کتبے دیئے اور چربے چھاپے تو۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ سندھ کے علم دوست حضرات چونک اٹھے تھے۔ کئی اہم تاریخی حقائق، علمی تحقیق اور تنظیم کے ساتھ، پہلی مرتبہ ان کے سامنے آئے تھے، اور پہلا موقع تھا کہ ان کو یہ علم ہوا کہ مقابر اور خانقاہیں پوجا پاٹھ کے علاوہ بھی کچھ اہمیت اور افادیت رکھتی ہیں۔

مولانا نے انہیں مضامین کے ذریعہ، علمی دنیا کے سامنے، یہ اہم تاریخی انکشاف کیا تھا کہ، سلطان محمد تغلق جب ٹھٹھ کے قریب مرا تو اس کی نعش پہلے سیوھن میں دفن کی گئی اور دہلی بعد میں منتقل ہوئی تھی۔ اس عارضی دفن گاہ پر جو کتبے چسپاں ہوئے تھے۔ وہ مولانا نے سیوھن میں دریافت کر لیے تھے، اور ان کے چربے انہی سلسلۂ مضامین میں چھاپ کر لکھنے والوں کے لیے ایک اہم تحقیقی موضوع پیدا کردیا۔

بہت زمانے کی بات ہے، میرے برادر بزرگ پیر علی محمد راشدی ٹھٹھ جا کر، تحفۃ الکرام کا وہ نسخہ جو مصنف کے اپنے خط میں تھا، ان کے خاندان سے چند دن کے لیے لے آئے تھے، اور مطبوعہ نسخہ کے مقابلے میں جو اضافہ اور اختلافات نکلے، ان کو مرتب کرکے اپنے روزنامہ ستارہ سندھ کی کئی اشاعتوں میں شائع کیا۔ یہ ایک بات تھی جو

آئی گئی ہو چکی تھی، نہ تتارہ سندھ رہا نہ وہ پرچے محفوظ رہے اور نہ پھر یہ معلوم رہا کہ وہ نسخہ کیا ہوا اور کہاں گیا۔

اسی صحبت میں ٹھٹھ کے تاثرات بیان کرتے ہوئے مولانا نے انکشاف فرمایا کہ تحفۃ الکرام کا وہ نسخہ انہوں نے خریدا تھا اور اب وہ ان کے پاس محفوظ ہے ــــ گو کہ رشک سے میں یکلخت چونک اٹھا اور منہ میں پانی بھر آیا، لیکن ساتھ ہی مطمئن ہو گیا کہ کتاب اہم تھی نادر تھی اور منحصر بہ فرد تھی، ٹھیک ہی ہوا کہ مولانا کے پاس پہنچ کر ضائع ہونے سے بچ گئی۔

میں نے لوگوں سے سن رکھا تھا کہ مولانا بڑے ہی خشک اور مزاج کے بہت ہی سخت ہیں۔ میرے دل پر وحشت بیٹھی ہوئی تھی، لیکن جب دیکھا اور باتیں کیں تو سراسر مختلف پایا، بہت دلچسپ، بڑے شفیق اور مزاج کے نہایت مہربان اور ملائم۔

اس رات کی صحبت اور اس صحبت کی تلطف آمیز باتیں اور دل بڑھانے والی شفقت تھی جس نے مجھے یکسر گرویدہ بنا لیا۔ پہلے فقط ان کے علمی جاہ و جلال سے مرعوب تھا لیکن گفتگو کے بعد اور مربیانہ سلوک کی وجہ سے اب ان کی ذات اور شخصیت بھی میرے لیے دلکش اور جاذب بن گئی تھی۔ جیسے جیسے میری حضوری بڑھی ویسے ویسے ان کے طور طریقے اور ان کی مزاجی کیفیت مجھ پر واضح ہوتی گئی۔ میں نے محسوس کیا کہ جو لوگ ان سے گھبراتے ہیں، در اصل وہ ان کے مزاج کی وجہ سے نہیں، بلکہ ان کو اپنی بے مائگی اور افلاس ذہنی، مولانا سے دور دور رہنے پر مجبور کرتا ہے۔ مولانا

اس طرح کے لوگوں کے ساتھ اگر خشک رویہ اور سرد سلوک برتتے ہوں گے
۳ تو اس میں بر حق تھے ۔ آخر اتنے فاضل اوقات کہاں سے لاتے؟ وقت
کا صرفہ وہ اس طرح کرنے لگتے تو' یہ سب کچھ جو انھوں نے لکھا اور
کیا وہ کس طرح کر سکتے تھے ۔

حقیقت یہ ہے کہ مولانا اگر سخت تھے اور خشک تھے تو محض علمی معاملات اور تحقیقی مسائل میں ۔ ایسی چیزوں میں وہ سخت ہی نہیں بلکہ بہت ہی سخت گیر تھے ۔ چلتی ہوئی چیز اور سطحی کھوت کو وہ برداشت نہیں کر سکتے تھے ۔ لکھنے والے اکثر سرسری ہوتے کے عادی تھے' مولانا اس عمل کو علم کے لیے رسوا کن اور اپنے ملک کے لیے باعث ننگ و عار سمجھتے تھے ۔ ان کا خیال تھا — اور بالکل بجا خیال تھا — کہ اس طرح کے لکھنے والوں کی اگر تحسین کی گئی یا درگذر اور سکوت سے کام لیا گیا تو ملک سے حقیقی علم مفقود اور صحیح تحقیق کا جذبہ ختم ہوجائے گا ۔ بحیثیت استاد کے بھی اور بحیثیت ایک عالم کے بھی' مولانا اپنی اس عادت اور پالیسی پر سختی سے قائم رہے ۔ ان کی یہ خواہش اور کوشش رہی کہ ملک میں تحقیق کا معیار بہت بلند ہونا چاہیے اور قلم سے جو بات نکلے وہ سپاٹ سرسری اور پست نہ ہو بلکہ جچی تلی بات ہو ۔ مولانا کی یہ کوشش کہاں تک کامیاب ہوئی یا یہ آرزو کس حد تک تکمیل کو پہنچی؟ اس کے بیان کا نہ یہ موقع ہے اور نہ یہ محل ہے ۔

مولانا کی یہ گرفت فقط عامیوں کے لیے نہیں تھی بلکہ مانے ہوئے

اصحاب علم و قلم کے لیے بھی ان کا دستور العمل یہی تھا۔ ایسے حضرات کے نوشتے بھی جب تک ایک ایک لفظ کر کے خود پڑھ نہ لیتے اور پرکھ نہ لیتے تھے، اس وقت تک ممکن نہیں تھا کہ وہ مطمئن ہوں۔

ایک دن کی بات ہے، صبح صبح ہمارے مشترک دوست جناب عبدالحی جیبی صاحب تشریف لائے۔ بہت متردد اور پریشان تھے۔ معلوم ہُوا کہ مولانا کی فرمائش پر انھوں نے ایک مقالہ لکھ کر ان کی خدمت میں بھیج دیا تھا، مولانا نے اس میں سے ایک حوالے کی تصدیق ان سے چاہی تھی۔ بظاہر بات بہت معمولی تھی لیکن گھبراہٹ کی وجہ ہوئی کہ وہ بات بجائے کسی کتاب کے جیبی صاحب نے، اپنی یادداشت پر بھروسہ کرکے لکھ دی تھی۔ اتفاق کی بات کہیے یا مولانا کی نگاہ کی نکتہ رسی اور رسائی، نگاہ کرتے ہی نظر وہیں جا کر رکی اور طبیعت وہیں جاکر ٹھٹکی جہاں از روئے اصول تحقیق کچھ کمزوری رہ گئی تھی۔

بڑی دیر کے بعد کئی کتابوں کی الٹ پھیر کرتے ہوئے جب مطلوب حوالہ مل گیا تو میں نے محسوس کیا کہ جیبی صاحب کے سر پر سے جیسے ایک پہاڑ تھا جو بحمد اللہ اتر گیا۔ اطمینان کی سانس لی، پیشانی سے پسینا پونچھا اور سگرٹ سلگانے کے بعد جب اپنے میں آئے تو ایک اعترافی مسکراہٹ کے ساتھ کہا کہ: صاحب! واقعی یہ شخص صاحب نظر ہے! آپ لوگوں پر قدرت کا بہت بڑا احسان ہے! میں نے کہا: جیبی صاحب! آخر اس میں اتنی پریشانی کی کیا بات تھی؟ فرمایا: آپ کہتے ہیں پریشانی؟ صاحب میری تو علمی آبرو چوراہے پر کھڑی تھی۔ یہ کہہ کر حوالے کا کاغذ لیا اور اطمینان قلب اور سکون ذہنی

کے ساتھ نیو ٹاؤن پوسٹ آفس کی طرف، جلد جلد قدم اٹھاتے ہوئے چلے گئے۔

دیر دیر تک میں دروازے کی طرف دیکھتا رہا اور سوچتا رہا۔ واقعی یہ ہماری خوش بختی تھی کہ ایک ایسا شخص ہم میں موجود تھا۔

اس وقت مجھے یہ بھی خیال آیا کہ بعض حضرات کا تملا اٹھنا کچھ ایسا غلط بھی نہیں ہے۔ مولانا کی تحقیق طلبی ان کے دست رس سے بہت بلند تھی اور ان کے ظرف سے بھی قطعی باہر۔

مولانا کے علمی تحقیق کی دنیا محدود نہیں تھی، بہت ہی وسیع بلکہ لامحدود کہیے تو بیجا نہ ہوگا۔ دور دراز فاصلوں کو ان کا اشہب قلم طے کئے ہوئے تھا۔ ان کی ذہنی گیرائی اور فکری رسائی بہت سے علاقوں اور ملکوں کا احاطہ کئے ہوئے تھی۔ یہاں کے لوگ اپنے گرد و پیش کی چھوٹی چھوٹی چیزوں سے آگے جانے کے عادی نہیں تھے۔ مولانا ہی تھے جنہوں نے، ایک خاص نہج پر ٹھوس اور با وقار علمی تحقیق کی بنیاد ڈالی اور ایسے موضوعات اور گوناگوں علمی مسائل کے چھپے ہوئے گوشوں پر سے نقاب اٹھانے کہ پہلی مرتبہ بیرونی دنیا ہمارے ملک کی تحقیقات سے استفادہ کرنے پر مجبور ہو گئی۔ خطاطی، مصوری، ادب، شعر، تاریخ، سوانح، کتبات، مقابر غرض کہ علم اور فضل کا کونسا ایسا شعبہ یا شاخ تھی جس پر مولانا کی تحقیقات اور مرتب کئے ہوئے نتائج نے، علمی دنیا میں ایک مقام حاصل نہ کیا ہو۔

وسط ایشیا کی تاریخ ادب یا فنون لطیفہ پر ہمارے ہاں سب سے اول مولانا ہی کی نگاہ پڑی اور انہوں نے ہی اپنی تحقیق اور تلاش

کا موضوع اس کو بنایا۔ تیموریوں کی تاریخ ہو یا ان کی معارف پروری، مولانا ہی کے قلم نے پہلے پہل اس کو اجاگر کیا۔ اس کی تاریخی اہمیت سے نہ فقط ہمیں متعارف کرایا بلکہ دنیا کے مختلف گوشوں میں جو علما ان موضوعات پر تحقیق کر رہے تھے، ان کی عقدہ کشائیاں کیں۔ یہی سبب تھا کہ بیرونی دنیا کے اہل علم ہمارے ہاں سے فقط مولانا ہی کی ذات کو جانتے تھے، اور ان کی مجالس علمی میں مولانا ہی کو مساویانہ بلکہ بعض چیزوں میں بلند مقام اور بالا تر درجہ حاصل تھا۔ جب "ارمغان علمی" کا اعلان ہوا تو بیرونی دنیا کے کئی ایک علما نے اس میں حصہ لینا، اس وجہ سے اپنے لئے علمی فرض سمجھا کہ، مولانا کی شخصیت ان کے سامنے اہم اور بہت محترم تھی۔ استاد معظم جناب بدیع الزمان فروزانفر نے اسی موقعہ پر فرمایا تھا کہ:

دهر و دوران کم آورد فرزند
چون محمد شفیع دانش مند

اور سچ کہا تھا کہ:

خاک لاہور از وجودہ شرف
پدر فضل را بہینہ خلف

مولانا کی شخصیت، اپنے کردار عمل خواہ علم کے لحاظ سے، ہمارے لیے نہ فقط مثالی بلکہ مشعل راہ ہے۔ ان کو اپنے موضوعات سے لگاؤ ہی نہیں تھا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ایک عشق تھا۔ انہماک کی یہ حالت تھی کہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے انہیں موضوعات کی ٹوہ میں لگے

رہتے تھے۔ عمل کی صورت حال یہ تھی کہ گھر پہ ہوں یا باہر، سفر ہو یا حضر، ہمیشہ اور ہر آن کسی نہ کسی مسئلہ کی تحقیق اور تلاش میں سرگرم رہتے تھے— یہ سب کچھ کسی عزّ و جاہ کے لئے نہیں تھا بلکہ محض حصول علم کے لئے۔ ذاتی غرض کوئی نہیں تھی نہ اس سے جلب منفعت مقصود تھا۔ ان کی ملازمت کا نہ اس پر انحصار تھا اور نہ ان کی روزی کا یہ سہارا تھا۔ مولانا نے علم کو بیچا نہیں اور نہ علم کو کبھی بازار میں لا کر بٹھایا تھا۔

ان کی زندگی نہایت ضابطہ کی زندگی تھی۔ ہر لمحہ قیمتی اور ہر لحظہ با کار، اور ہر قدم بجا تلا منزل کی جانب۔ ایک ایک آن قیمتی سمجھتے تھے کچھ نہ کچھ کرتے ہی رہتے تھے، وقت ضائع کرنا ان کی نگاہ میں کفر سے بدتر تھا۔ وہ وقت ان کی زندگی کا حاصل ہوتا تھا جس میں وہ کوئی نئی معلومات یا کچھ نئی تحقیق کر لیتے تھے۔ گھر میں تو— یہ طبعی امر ہے — اہل و عیال کے ساتھ کبھی کبھار اِدھر اُدھر کی باتیں کر لیتے ہوں گے، لیکن باہر کی زندگی میں — جہاں تک مجھے علم ہے — ان کے منہ سے کبھی ایسی بات نکلتی ہوئی نہیں سنی گئی جو بے مقصد ہو غیر ضروری ہو یا غیر علمی ہو۔ پوری زندگی از اول تا آخر ایک نپے تلے سانچے میں ڈھلی ہوئی تھی۔ اسی لئے ان کی زندگی قیمتی بھی ہوئی اور یہی وجہ ہوئی کہ وہ اتنے قیمتی کام کر بھی گئے اور ایسے اہم آثار چھوڑ بھی گئے کہ آج اگر ان پر کسی کا ہاتھ اٹھنا چاہے بھی تو نقل ہوتا ہُوا محسوس کیا جاتا ہے۔

ایک شخص کی زندگی اور ایک زندگی کا متواتر عمل رہتی دنیا تک

کے لئے، فقط دانش گاہ ہی نہیں ایک شہر ہی نہیں بلکہ پورے ملک اور ملت کو آبرومند بنا گیا۔

مولانا انسائیکلو پیڈیا کے سلسلے میں، یورپ جاتے ہوئے ایک مرتبہ چند گھنٹوں کے لئے اپنے داماد کے ہاں کراچی میں ٹھہرے۔ آغائی عبد الحی جیبی اور اس خاکسار کو جیسے ہی اطلاع ہوئی، ہم دونوں ان کی خدمت میں پہنچے۔ بڑے خوش ہوئے اور ایسے جذبہ کے ساتھ پذیرائی فرمائی کہ ہم سمجھے ان کو منہ مانگی مراد مل گئی یا وہ ہمارے ہی گویا منتظر تھے۔ اس زمانے میں مولانا "بازیدی فرقہ" پر تحقیق کر رہے تھے، بیٹھتے ہی اس موضوع پر گفتگو اور مسائل کا آغاز کر دیا۔ جیبی صاحب مخاطب تھے، مولانا کے سوال اور جیبی صاحب کے جواب۔ غرض دو ڈھائی گھنٹے تک دنیا و ما فیہا سے بے خبر، یورپ کے لئے فراہمیٔ اسباب سے بے پروا، سفر کی تیاری اور ضروری کاغذات وغیرہ کی درستی سے بے نیاز —— نہایت اطمینان اور سکون کے ساتھ "بازیدیوں" کے متعلق تحقیق و تفتیش فرماتے رہے۔

میں سوچتا رہا کہ یہ کیا آدمی ہے، یورپ جا رہا ہے نہ ڈالروں کی فکر نہ پاؤنڈوں کی لگن، نہ داماد سے پوچھتے ہیں کہ کیا لائیں، نہ صاحبزادی سے فرمائشات کی فہرست لکھواتے ہیں نہ اس پوچھ گچھ میں ہیں کہ لندن سے کون سی چیز لائی جائے جو یہاں بیچ کر کرایہ مع نفع نکال لیں۔ رفریجیٹر کونسا بہتر ہوتا ہے، ٹیپ ریکارڈ کس میک کا لایا جائے، موٹر کونسی موزون رہے گی۔ نہ کسٹم والوں کی ٹوہ نہ یہ تفتیش کہ واپسی

کے وقت ایسا بندوبست ہو کہ بغیر سامان کھلوائے گھر پہنچ جائیں۔

ہم دونوں جب چلے تو سوچتے ہوئے چلے اور یہی باتیں کرتے ہوئے گھر تک آئے۔ سبحان اللہ! علی عشق اور اس عشق کے عالم کا کیا عالم تھا۔

مولانا کالج سے سبکدوش ہوئے تو انسائیکلوپیڈیا کے اردو ترجمہ کی نگرانی میں مشغول ہوگئے لیکن اسی طرح جیسا کہ ان کے مزاج کی افتاد تھی — دن اور رات صبح اور شام ایک کر دیا۔

سردیوں میں ان کا چھوٹا سا چھتری نما خیمہ باہر کتب خانے کے لان میں لگا رہتا اور گرمیاں اندر کمرے میں بیٹھ کر کام کرتے تھے۔ مولانا کا یہ چھتری نما خیمہ کتب خانے کے صحن کا ایک نمایاں کردار بن چکا تھا۔ چھوٹی کرسی اور سامنے مختصر سی میز، اس پاس اس دن کام آنے والی کتابوں کے ڈھیر اور ساتھ ہی فائلوں میں ترجمہ شدہ مقالوں کے انبار۔

میں اس خیمہ میں کئی بار ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مجھے ہر بار اس لئے بار مل جاتا کہ کراچی سے چل کر آیا ہوا ہوتا تھا۔ ورنہ کام کے وقت مولانا سے ملاقات ہونا نا ممکن بات تھی۔ ملاقات برائے ملاقات کو مولانا گناہ بلکہ قومی بد اخلاقی سمجھتے تھے۔

طریقہ کار یہاں بھی ان کا وہی مخصوص تھا۔ مضمون سامنے رکھتے ایک ایک لفظ کو خود دیکھتے ایک ایک سند ایک ایک نام اور ایک ایک سن و سال کی جب تک خود تحقیق اور تصدیق نہ کر لیتے، مضمون

چھپنے کے لئے نہیں بھجواتے۔ تصحیح اور مطابقت کے سلسلے میں ان کو ہمیشہ تکلیف اور زحمت اٹھانی پڑتی تھی۔ اکثر مترجم حضرات علمی ترجمے کے عادی نہیں تھے اور نہ ان کو یہ معلوم تھا کہ جغرافیائی نام کا تعین اور سنہ و سال کی درستی کیا اہمیت رکھتی ہے۔ عبارت اور جملوں تک کی صحت مولانا کو خود کرنا پڑتی تھی۔

میں نے بارہا اخباروں میں پڑھا کہ ارباب دانش گاہ شاکی ہیں کہ کام تیزی سے نہیں ہو رہا، کراسے لیے اور صبر آزما وقفوں کے بعد چھپتے ہیں لیکن انھیں یہ اندازہ شاید نہیں تھا کہ ترجمے کے بعد سے لے کر پریس میں بھجواتے تک، ایک ایک مقالہ کو کن کن منزلوں اور مرحلوں سے گذرنا پڑتا ہے اور مولانا کو اس سلسلے میں کتنے ہفت خواں طے کرنے پڑتے ہیں۔

آخری دور میں مولانا کی صحت درست نہیں رہی تھی، دل بڑھ چکا تھا جگر کا فعل صحیح نہیں تھا دور ہی سے محسوس کیا جا سکتا تھا کہ مولانا بیمار ہیں۔ ان کو خود بھی اس کا احساس تھا لیکن جیتے جی خیمہ کی بیٹھک اور کام میں ناغہ کبھی انھوں نے گوارا نہیں کیا۔ ہر روز آتے ہر چیز پر خود نگاہ کرتے اور وقت ختم ہو جانے سے پہلے تو کیا کچھ دیر ہی سے گھر لوٹنا نصیب ہوتا تھا۔

جسم پر سفید شلوار میل خور رنگ کی شروانی اور کھڑی دیوار کی سرخ ترکی ٹوپی۔ موٹر سے اترتے لکڑی کا سہارا لیے آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے خیمے میں داخل ہوتے۔ اندر پہنچ کر جب ایک دفعہ

بیٹھ گئے اور قلم ہاتھ میں لیا' تو پھر کہاں کی بیماری اور کہاں کی صحت، نہ کمزوری پاس بھٹکتی اور نہ ضعف کا احساس باقی رہتا، دیتا و ما فیہا سے بے نیاز لفظوں اور عبارتوں میں گم ہو کے رہ جاتے تھے ___ کتنے لیل و نہار اور کتنے مہ و سال مولانا نے اس طرح گذار دیئے۔

یہ اتوار تھا اور سال ۱۹۷۳ء کے مہینہ مارچ کی دسویں تاریخ۔ دوست نے پوچھا: کہاں جانا ہے؟ میں نے کہا: مولانا کے پاس! چلئے گا؟ دوسرے دوست نے دخل دیا: کہاں جائیں گے بھائی صاحب! یہ لوگ تو بیٹھ کر کریں گے قبروں کی باتیں مُردوں کی داستانیں اور پھٹی پرانی کتابوں کے قصے کہے، آپ بیٹھ جائیے گپ شپ کرتے ہیں، اتوار ہے چھٹی کا دن ہے آج!

میرے دونوں دوست عرف عام میں پڑھے لکھے تھے، ایک پی' ایچ، ڈی تھا اور دوسرا ڈبل گریجویٹ۔ لندن میں غالباً دونوں تربیت پا چکے تھے۔

سردی ختم ہو چکی تھی، بہار کا موسم تھا، لارنس گارڈن کے پھول بہت کچھ کھل چکے تھے اور کچھ کھلنے باقی تھے۔ اس صبح کی خنکی ابھی دم توڑ رہی تھی کہ میں ۲۴ میسن روڈ پہنچا۔ مولانا برآمدے میں ایک کھڑی کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے۔ دونوں طرف چند کرسیوں اور ایک آدھ ٹیبل پر کتابیں ایک دوسرے پر الٹی رکھی

تھیں ۔ بروکلمان ، انسائیکلو پیڈیا، سارٹن ، قاموس الاعلام اور کشف الظنون ، اپنی ضخامت کی وجہ سے بہت نمایاں تھے ۔ کئی ایک مسودے بھی سامنے رکھے تھے ایک مسودے پر گردن جھکائے مولانا بڑے انہماک کے ساتھ کتر بیونت میں مشغول تھے — مجھے فوراً خیال آیا کہ یہ بھی ایک اتوار ہے اور ایک یہ بھی چھٹی کا دن ہے ۔

مجھے دیکھ کر مسکرا دیئے ۔ خوشدلی اور خندہ روئی سے بڑے ہی تپاک اور گرم جوشی کے ساتھ گلے لگایا ۔ ویسے تو مولانا ہمیشہ ہی لطف فرمایا کرتے تھے لیکن آج کا سلوک کچھ غیر معمولی سا سلوک تھا — خوشی سے میرا خون بڑھ گیا ذرہ جیسے آفتاب ہو گیا ۔

بیٹھتے ہی مجھ سے میرے عارضۂ قلب کی کیفیت پوچھنا شروع کی ، میں دیکھ رہا تھا کہ خود ان کی اپنی حالت دگرگوں اور مخدوش ہو چکی ہے ۔ چہرہ بالکل سفید ہو رہا ہے گال سوجے ہوئے آنکھوں کے حلقے سیاہ اور ان کی چمک ماند پڑ چکی ہے ۔ پاؤں پر اتنا ورم تھا کہ ایک ایک پاؤں من بھر کا معلوم ہو رہا تھا ۔ پنڈلیوں سے اوپر تک سوجن کے اثرات پہنچ چکے تھے ۔ میں نے حیرت سے کہا : مولانا یہ کیا ہے ؟ ہاں ہوں کہہ کر ٹالتے ہوئے پھر میری صحت کی پوچھ پاچھ اور حفظان صحت کی ہدایات شروع کر دیں ۔

میں نے موقع پاتے ہی پھر کہا کہ : مولانا اتوار کے دن بھی آپ آرام نہیں فرماتے ؟ کہا : بھائی ! اگر کام نہ کروں تو دن کیسے کٹے ؟ اور کام بھی تو بہت ہے ۔ لوگ لکھنا تو در کنار توجہ تک کرنا بھی تو

نہیں جانتے، ہر چیز مجھ ہی کو دیکھنا پڑتی ہے۔

صحت کے اس عالم میں فرض شناسی کا یہ عالم اور رنگ دیکھ کر میں دنگ تو رہ گیا لیکن ساتھ ہی ان کی حالت پر بہت رحم بھی آیا۔

تقریباً ڈیڑھ دو گھنٹے تک میں ان کی خدمت میں بیٹھا رہا۔ بہت باتیں ہوئیں بلکہ یوں کہ اس دن واقعاً جی کھول کر باتیں کی گئیں۔

مولانا نے طاہر آشنا کے دیوان کی بات کی۔ پیرس سے فلم منگائی تھی لیکن کاغذ کی کمیابی کی وجہ سے فوٹو اسٹاٹ نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے کہا: مجھے دیجیے مولانا! پرسوں جا رہا ہوں کراچی سے بنوا لاؤں گا۔ فرمایا: کل آفس پہنچ کر فلم بھیج دوں گا۔

محمد حسین آزاد مرحوم کے سلسلے میں مولانا نے بعض حیرت انگیز چیزیں بتائیں اور ان پر لکھا ہوا اپنا ایک تازہ مضمون بھی عنایت کیا۔ مفتی صدر الدین آزردہ پر انہی دنوں ایک مقالہ لکھا تھا وہ بھی اندر سے لا کر دیا۔ میری عادت ہے کہ ایسی چیزوں پر آٹو گراف لے لیتا ہوں، لیکن مولانا کی شخصیت کا رعب اتنا زیادہ تھا کہ میں کہنے کی جرأت نہ کر سکا، اپنی اس کمزوری پر بعد میں کیا' بلکہ آج تک پچھتا رہا ہوں۔ اگر دستخط فرما دیتے تو غالباً یہ ان کے آخری دستخط ہوتے۔

میرے دونوں دوستوں کی گھبراہٹ بجا تھی۔ ہم نے دیمک چاٹی ہوئی اور پھٹی پرانی کئی ایک کتابوں کا ذکر کیا' بلکہ مولانا نے شکایت کی کہ ان کے کتب خانہ میں کئی ایک خطی نسخے دیمک چاٹ چکی ہے۔ اب

یاد نہیں رہا ایک دو نہایت ہی قیمتی کتابوں کا نام لیا جن کو دیمک لگ چکی تھی۔ اس طرح کی ایک کتاب کتاب خانے سے لینے بھی گئے لیکن اس وقت ملی نہیں۔ مولانا نے باتوں باتوں میں فرمایا کہ نظیری نیشاپوری کے علاوہ بھی ایک نظیری شاعر ہندوستان میں رہ چکا ہے جس کا دیوان — جس پر میر مومن استرآبادی کی مہر ہے — ان کے پاس موجود ہے۔ مولانا ایک دفعہ پھر کتاب خانے کی طرف اٹھ کے چلے، میں بہت شرمندہ ہو رہا تھا، ان کی حالت ایسی نہیں تھی کہ بار بار اٹھیں اور اندر جائیں۔ میں نے محسوس کیا کہ کرسی سے اٹھتے ہی ان کی سانس پھولنے لگتی ہے۔

اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر نے کراچی میں مجھ سے کہا تھا کہ میں مولانا سے کتب خانے کے سلسلے معلوم کروں، اگر فروختگی کے لیے آمادہ ہوں تو قیمت طے کر لوں۔ مجھے براہ راست پوچھنے کی جرأت نہیں ہو رہی تھی پہلو سوچ ہی رہا تھا۔ جب دیمک اور کتابوں کے ضایع ہونے کا ذکر آیا تو میں نے دبے الفاظ اور کچھ بے خواہی کے انداز میں مسئلہ کو چھیڑا۔ فرمایا: یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ابھی تو پانچ برس تک کام کرنے کا خیال ہے، کئی ایک کام ادھورے پڑے ہیں۔ بغیر کتابوں کے کس طرح گذارا ہو سکتا ہے؟

مولانا کا یہ پانچ سالہ منصوبہ سن کر میں ہکا بکا رہ گیا۔ چہرہ کی طرف دیکھا، صحت کا جائزہ لیا، اور پاؤں کے ورم پہ نگاہ کی۔ اللہ اکبر! کس ارادے کس کردار اور کس عزم کا یہ انسان تھا۔

کسی کو کیا معلوم تھا کہ زندگی اور موت کے درمیان سالوں کا نہیں بلکہ اَب فقط دو دن کا وقفہ باقی رہ گیا ہے۔

آج ۱۴ مارچ تھی اور جمعرات کا دن۔ صبح گھر آئی تھی میں ابھی آفس میں آکر بیٹھا ہی تھا کہ ٹیلیفون کی گھنٹی بجی۔ یہ مرحوم رازی کی آواز تھی۔ گھبرائی ہوئی اور بھرائی ہوئی۔ میں نے پوچھا: خیریت؟ کہا: مولانا کا انتقال ہوگیا کب؟ رات بارہ بجے!

انا للہ و انا الیہ راجعون

میں سُن ہو گیا۔ ابھی تین دن پیشتر ان کی خدمت میں حاضر ہوا تھا ٹیبل ڈائری میں ۱۰ تاریخ اتوار کا ورق ابھی تک کھلا رکھا تھا۔ مولانا کی خدمت میں حاضر ہونے کا پروگرام میرے جناتی خط میں اس پر درج تھا۔ میرے ذہن میں اس آخری ملاقات کے واقعات ایک ایک کرکے اُبھرنے لگے، باتیں جو ہوئی تھیں ایک ایک کرکے یاد آنے لگیں اور بار بار ان کے دُہرائے ہوئے فقرے کانوں میں گونجنے لگے——— ابھی تو پانچ برس تک مجھے کام کرنا ہے؛ بہت سے کام ادھورے پڑے ہوئے ہیں! کتابوں کے بغیر کیسے گذارا ہوگا؟

اتوار کا دن خیریت سے گھر پر گذارا تھا پیر کو حسب معمول آفس گئے کام کیا اور گھر لوٹ آئے۔ منگل کو مولانا جب آفس پہنچے تو ہلکا سا بخار محسوس ہونے لگا واپس گھر آ گئے۔ رات کو طبیعت کچھ زیادہ خراب ہوئی تو ہسپتال چلے گئے۔ بدھ کے پہلے دوپہر خیریت سے گذر

گئے ۔ دن جیسے ہی ڈھلا مزاجی کیفیت دگرگوں ہونے لگی ۔ شام کو سورج غروب ہوتے کے ساتھ مولانا کی نبضیں ڈوبنے لگیں اور نصف شب کو اُدھر ہسپتال کے گھنٹے نے بارہ بجا کر اس دن کی تاریخ کا ورق الٹا اور ادھر فرشتۂ اجل نے مولانا محمد شفیع مرحوم و مغفور کی زندگی کا صفحہ الٹ کے رکھ دیا۔

یہ ایک شخص کی زندگی کا ورق نہیں تھا جو الٹ گیا، یہ پوری قوم کی علمی آبرو کا ورق تھا جو آج کے دن اور آج کی تاریخ میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے الٹ دیا گیا تھا ۔ یہ خسارہ تھا ایک ایسا خسارہ جس کی اذیت عارضی نہیں بلکہ دائمی اذیت تھی، اور یہ اذیت ایک خاندان کے لیے نہیں ایک قبیلہ کے لیے نہیں ایک شہر کے لیے نہیں، بلکہ پورے ملک کے لیے تھی اور پوری ملت کے لیے تھی ۔

تو آگہی کہ مراد از غروب این خورشید
چہ گنج ہای سعادت، تربان جان آمد

کتب خانے کی پشت پہ ایک بڑا لان ہے، دنیائے علم کے اس زعیم کی نعش آخری سفر کے لیے وہیں تیار کر کے رکھی گئی تھی ۔ عزیز و اقارب کے ساتھ شہر کے معززین اور صاحب علم حضرات بھی موجود تھے ۔ جسٹس رحمان صاحب تھے، حمید احمد خان صاحب تھے، حامد علی خان صاحب اور مولانا صلاح الدین مرحوم تھے، ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب اور ڈاکٹر محمد عبد اللہ چغتائی تھے، شیخ محمد اکرام صاحب

اور سید محسن شاہ صاحب تھے ۔ یونیورسٹی کے کئی ایک اساتذہ بھی آئے ہوئے تھے ۔ جتنے بھی تھے سبھی سوگوار کھڑے تھے ۔ سبھی کے چہروں پر اداسی تھی ، اور سبھی پر ایک اوس پڑی ہوئی تھی ۔ سب کو اس زیاں کا احساس اور اس نقصان کا بخوبی اندازہ تھا ۔

آخری دیدار کے بعد چار بج کر پانچ منٹ پر کفن کی ڈوریاں باندھ دی گئیں ۔ ہم نے دیکھا کہ ایک مومن کا چہرہ تھا پر سکون اور مطمئن ــــ مولانا محمد شفیع مرحوم و مغفور بڑے اطمینان اور دلجمعی کے ساتھ دنیا سے جا رہے تھے ۔

بندہ ام پاک ردی را کہ درین دیر کہن
تا زید پاک زید، چون برود پاک رود

خاکی جسم کو پورے ساڑھے پانچ بجے خاک کے سپرد اور خالق کے حوالے چھوڑ کر عزیزوں اور عقیدت مندوں کا یہ مختصر سا گروہ لٹے ہوئے قافلے کی طرح ، اجڑے کے قبرستان سے باہر نکلا اور تھوڑی دیر میں اپنے اپنے گھروں کی سمت منتشر ہو گیا ــــ مولانا کو ہم رخصت کر آئے تھے !

گیرم کہ شدی ز دیدہ، مستور
از سینۂ من کجا شوی دور

سید حسام الدین راشدی
جمشید روڈ کراچی

۳۰ جون ۱۹۶۷ء

دیباچہ

از

ڈاکٹر سیّد عبداللہ، سابق پرنسپل یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاھور

استاد بزرگ ڈاکٹر مولوی محمد شفیع صاحب مرحوم و مغفور کے علمی کام کی مختصر سی روداد، میں نے ارمغان علمی میں لکھی تھی۔ میں نے اس مضمون میں یہ لکھا تھا کہ ڈاکٹر مولوی صاحب کے علمی مطالعہ کے کئی رخ تھے۔ عربی ادب و تاریخ کے علاوہ، انہیں ہندوستان کی علمی ادبی سرگرمیوں کو از سر نو سامنے لانے اور ان کی تاریخ مرتب کرنے کا خاص شوق تھا یہ اس وجہ سے کہ تذکرہ نگاروں نے ہندوستان کے علماء و مصنفین کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

ان کا ایک موضوع کتبہ شناسی اور ایک دوسرا موضوع خطاطی اور فنون ..می کی دریافت و معرفت بھی تھا۔ زیر نظر مجموعے میں وہ مقالے شائع ہو رہے ہیں جن کا تعلق کتبات، عمارات اور خط و خطاطان سے ہے

سب سے پہلے سام میرزا کے تذکرہ تحفہ سامی اور واقعات بابری کے اقتباسات ہیں جو ایران و ہرات کے معاصر شعرا اور دیگر اہل فن کے حالات اور کارناموں پر روشنی ڈالتے ہیں۔

واقعات بابری کے اقتباسات سے سلطان حسین بایقرا کے دور حکومت

اور ان کی ھنر پروری کا حال معلوم ھوتا ہے۔ بایقرا کا وزیر با تدبیر' میر علی شیر علم و فن کا مربی ھی نہ تھا خود بھی مصنف تھا - اس کی کتاب مجالس النفائس' اھل ادب و فن کا تذکرہ ہے جو شائع ھوچکا ہے![1]

اس موقع پر' یہ ذکر بے محل نہ ھوگا کہ بابر نے اپنی تزوک میں جس کے فارسی ترجمے کا نام واقعات بابری ہے' سلطان حسین بایقرا کے دور کی ادبی روایتوں کا ذکر کر کے' یہ ثبوت بہم پہنچایا ہے کہ اکبری دور میں علوم و ادبیات کی ایک مخلوط روایت قائم ھوئی اس میں ایرانی اثرات سے خاصا پہلے ھرات اور خراسان کا علمی ادبی دبستان اثر انداز ھوا - اس لیے یہ کہنا درست نہ ھوگا کہ اکبری دور کی علمی لہر خالصتاً عراق و پارس یا کاشان کی مرھون منت ہے۔ درحقیقت اس دور میں صفوی عہد کے ایران کے مقابلے میں' خراسان و ھرات کے ادبی مرکز زیادہ پُر مایہ اور با ثروت تھے ۔ چنانچہ تحفہ سامی کے مندرجات سے یہ حقیقت روشن ھو جاتی ہے کہ صفوی دور شعر و ادب کی طرف قدرے حوصلہ شکنی کا رویہ رکھتا

---

[1] اس کتاب کا فارسی ترجمہ لطائف نامہ فخری میں نے ایڈیٹ کیا تھا جو مسلسل اورینٹل کالج میگزین میں شائع ھوتا رھا - میر علی شیر کی علمی قدر دانی پر بھی میں نے ایک مضمون لکھا تھا (اورینٹل کالج میگزین فروری ۱۹۴۳ء) بعد میں آقای علی اصغر حکمت نے ایران سے لطائف نامہ شائع کیا۔

تھا۔ اس کے مقابلے میں ہرات میں فنون و ادبیات میں تازگی اور توانائی زیادہ ہے، اس کا اثر ہندوستان کی ادبی اور فنی تحریک پر پڑا۔ اور اس نے اسالیب فن کو نئی شکل دینے میں نمایاں حصہ لیا۔

واقعات بابری (خصوصاً اقتباسات محوّلہ بالا) کو پڑھ کر خود بابر کی ادب شناسی اور شستہ فنی ذوق کا پتہ چلتا ہے اگرچہ نسلاً بعد نسل تیموری خانوادے کی ادبی استعداد اور خوش ذوقی کے پیش نظر یہ کوئی اچنبھے کی بات نہیں۔ البتہ حیرت اگر ہو سکتی ہے تو اس امر پر کہ بابر، اپنی تنقید کے لیے جو زبان استعمال کرتا ہے، وہ اجمال کے باوجود بڑی معنی خیز ہے —— اور یہ چیز محض خوش ذوقی سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے نتیجہ خیز وسعت مطالعہ کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ بابر ایک سپاہی تھا۔ گر اس زمانے کی تعلیم و تربیت کی برکت دیکھیے کہ وہی سپاہی زادہ جو بعد میں ہندوستان میں سلطنت مغلیہ کا بانی بنا۔ شعر و سخن اور فنون ہنر کا اتنا اچھا ناقد اور شناسا ثابت ہوتا ہے کہ حیرت ہوتی ہے۔ دو تین مثالیں ملاحظہ ہوں۔

آصفی کے بارے میں لکھتا ہے:

'شعر او از رنگ و معنی خالی نیست اگرچہ از عشق و حال بی بہرہ است' (مقالات ص ۹۰)

بنائی کے متعلق لکھا ہے:

'در غزل او رنگ و حال ہر دو ہست'

دیوان ترتیب دادہ است مثنویات ہم دارد، یک مثنوی دارد'

در باب میوها در بحر متقارب ' بی ماحصل ' چیزی است بیکاری کرده "

ان دونوں اقتباسات میں رنگ و معنی - رنگ و حال کے الفاظ آئے ہیں بظاہر یہ محض لفظ طرازی ہے مگر قدیم تنقیدی اصطلاحوں کی علمی موزوں پر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ نہایت "پر معنی" الفاظ ہیں۔ رنگ سے مراد کلام کے خارجی محاسن ہیں ' الفاظ کی صوتی خوبیاں، ترکیبوں کا حسن ' آہنگ کی شکلیں یہ سب رنگ میں شامل ہیں۔ اسی طرح معنی و حال سے مراد داخلی جذباتی اور فکری خوبیاں ہیں - غرض یہ کہ بابر کی خوش ذوقی اور اس کا تنقیدی شعور واقعات بابری میں کھل کر سامنے آتا ہے۔

میں نے بابر کا ذکر اس لیے قدرے تفصیل سے کیا ہے کہ اس سے ڈاکٹر محمد شفیع صاحب کے نقطۂ نظر اور مقصد کا پتا چل سکے۔ انھوں نے تحفۂ سامی اور واقعات بابری کے یہ اقتباسات ' اس غرض سے پیش کیے ہیں کہ ان کی مدد سے ہرات و ایران کی علمی اور فنی سرگرمیوں اور روایتوں کا پتا چل سکے اور اس طرح اس دور کی علمی تاریخ کا یہ حصہ مکمل ہو جائے۔

اس مجموعے میں دوسرا اہم موضوع "خط و خطاطان" کا ہے ' مرحوم ڈاکٹر مولوی محمد شفیع کو اس موضوع سے خاص دلچسپی تھی - چنانچہ انھوں نے اس خیال سے کہ اس کا متعلقہ مواد 'یک جا ہو جائے - کئی کتابوں کے متعلقہ حصوں کے انتخابات اورینٹل کالج میگزین میں شائع کر دیئے تھے (جو اب اس مجموعے میں آ گئے ہیں) چنانچہ رسالہ خط و سواد (تصنیف مجنون بن محمود رفیقی)، خلاصۃ التواریخ (تصنیف ؟)، تذکرہ محمد طاہر

نصر آبادی ، مرآۃ العالم (بختاور خان)، خلاصۃ المکاتیب (سجان رائے) مرآۃ الاصطلاح (آنند رام مخلص)، آداب المشق (بابا شاہ اصفہانی) اور خطاطان سندھ کے نمونہ ہائے خطاطی یک جا کر دیے ہیں اور خطاطی کے قدیم نمونوں کے عکس بھی شائع کیے ہیں۔

قابل ذکر امر یہ ہے کہ مولوی صاحب مرحوم نے فنون خصوصاً فن خط کی مصطلحات بھی فہرست کی صورت میں جمع کر دی ہیں—— یہ اصطلاحات آج ہماری رہنمائی کے لیے بے حد مفید ہوں گی۔

تیسرا اہم موضوع سندھ کے بعض قدیم کتبات اور عمارات کا انکشاف ہے۔ ٹھٹھہ ، سہوان ، سکھر ، بھکر ، روہڑی وغیرہ کے خاص خاص آثار قدیمہ کا سراغ لگایا ہے۔ اور ان کی اشکال بھی دی ہیں۔ یہ مجموعہ استاد بزرگ کے خلف الرشید مسٹر احمد ربانی نے مرتب کیا ہے اور جہاں تک میں دیکھ سکا ہوں انھوں نے بڑی محنت کی ہے جس سے ان کی محبت کا پتا چلتا ہے ظاہر ہے کہ ایسے اہم اور مشکل کام محبت اور لگن کے بغیر نظہور میں نہیں آ سکتے۔

استاد بزرگ کے ان مقالات کی اشاعت ثانی بے حد ضروری تھی احمد ربّانی صاحب نے یہ خدمت انجام دے کر علم و ادب پر احسان کیا ہے ؛

۶ مارچ ۱۹۶۷ء سیّد عبداللہ

اقتباسات تحفۂ سامی

راجع بہ ہنروران

اصل مقصود کی طرف رجوع کرنے سے پہلے مؤلف تحفۂ سامی اور اس کی کتاب کا مختصر سا حال دیا جاتا ہے۔

تحفۂ سامی شاہ اسمٰعیل اول صفوی کے بیٹے سام میرزا کی تالیف ہے۔ شاہ موصوف نے ہرات کو ۹۳۸ھ میں ازبکوں کے محاصرہ سے مستخلص کر کے سام میرزا کو وہاں کا والی مقرر کیا اور چونکہ اس کی عمر اس وقت صرف ۱۵ سال کے قریب تھی، اس لیے درمش خان کو اس کا اتالیق مقرر کیا۔ ۹۶۹ھ میں سام میرزا نے اپنے بھائی شاہ طہماسپ اول کے خلاف بغاوت کی جس پر اس کو گرفتار کر کے قید میں ڈال دیا گیا۔ جب شاہ اسمٰعیل ثانی ۹۸۴ھ میں تخت نشین ہوا تو سام میرزا کو ہلاک کر دیا گیا۔[1]

---

[1] انسائکلوپیڈیا آف اسلام (بذیل سام میرزا)

تحفۂ سامی ۹۵۷ھ میں تالیف ہوئی۔ کتاب میں چند جگہ مؤلف نے اس سن کی طرف اشارہ کیا ہے۔ مثلاً صحیفۂ اول میں سلطان سلیمان خان بن سلطان سلیم خان کے حال میں لکھا ہے۔ "تا حال کہ سنہ سبع و خمسین و تسعمایہ است"۔ اسی طرح ہمایوں بادشاہ کے ترجمہ حال میں کہا ہے۔ "تا اکنون کہ سنہ سبع و خمسین و تسعمایہ است"۔

مؤلف نے اس تالیف کی غرض اپنے دیباچہ میں یوں بیان کی ہے کہ چونکہ صفوی دور کے شعرا کے حالات بہارستان، مجالس النفائس اور تذکرۃ الشعراء دولت شاہ میں نہیں ملتے۔ بسبب اس کے کہ یہ کتابیں اس دور سے پہلے تصنیف ہوئیں۔ اس لیے مؤلف نے شعرائے دور صفویہ کے حالات اور منتخب اشعار جمع کر کے اس کمی کو پورا کیا۔ اصل عبارت یہ ہے:

"بے سخن سخنوران این روزگار گوی لطافت بچوگان مسابقت از شعرای سلف ربوده اند و بصیقل نزاکت و رقت زنگ کدورت[1] از خاطر اہل ادراک زدوده اند۔ ہر یک در اقلیم سخنوری خسرو و سعدی و انوری و ہر یک در کشور دانائی پیشوای فردوسی و سنائی۔ اما چون در رسایلی کہ خصوصیات حالات و صادرات اقوال و مقالات این زمرۂ کثیر الصفات[2] مرقوم رقم بلاغت

[1] نسخۂ ب: از خاطر اہل کدورت راس نسخہ ب کا ذکر صلا پر آتا ہے۔
[2] ب: نیکو صفات

نسیم گشته چون بہارستان و مجالس النفائس و تذکرۃ الشعراء، ازین طبقه اثری نیست و ازین طایفه خبری نه چرا که این فـرقه جلیل القدر بعد از تدوین آنہا از بدو طاح آفتاب عالمتاب این دولت عظمی الی یومنا ہذا لوای فصاحت افراشته اند و دواوین بلاغت تدوین درمیان ہمگنان گذاشته، لاجرم چون ملاحظه نموده که بمرور ایّام و تمادی شہور و اعوام ذکر این نادره گویان از صفحۂ زمان ستردہ مّی گردد، مہما امکن تتبّع احوال و خلاصۂ اشعار ہر یک نموده بر صفحۂ تحریر نگاشت و این صحیفۂ گرامی که موسوم است به **تحفۂ سامی** مشتمل است بر تنبیه و ہفت صحیفه و ذیل (تحفۂ سامی ورق ۲ ب بعد)

تنبیه بہت مختصر ہے۔ اس میں مولّف نے دو باتیں بیان کی ہیں، اول تو اس امر کا عذر کیا ہے کہ کتاب میں احیاناً بعض "مخالفانِ دین و دولت" کا ذکر بھی آگیا ہے۔ عذر یہ ہے کہ اس

ل ب: طایفه ۲ ب: طبقه

۳ ب: چه این زمره

۴ ب: بدر

۵ در ب ندارد

۶ ب: بکردد

۷ آ: بتتبّع

۸ یعنی ازبکوں وغیرہم کا

سے غرض ایک تاریخی بات کا بیان کرنا ہے ، نہ ان مخالفوں سے اظہار محبت۔ "غرض از ایراد آں جماعت تاریخ است نہ شمول عطوفت و عنایت"

دوسری بات جو مؤلف نے بیان کی ہے ، یہ ہے کہ کتاب میں "صاحب قران مغفور" سے مراد "شاہ ماضی" یعنی شاہ اسمٰعیل اول (۹۰۷ تا ۹۳۰ھ) ہے اور "حضرت صاحب قران" سے مراد "شاہ عالم پناہ" یعنی "شاہ طہماسپ اول (۹۳۰ تا ۹۸۴ھ)" بادشاہ کی دعا پر تنبیہ ختم ہوتی ہے۔

سات صحیفے جن پر کتاب مشتمل ہے یہ ہیں:-

صحیفۂ اول۔ در ذکر شمۂ از احوال فرخندہ مآل حضرت صاحبقران و اولاد و احفاد و سلاطین معاصر ایشان۔

(نسخۂ اصل میں یہ بیان ورق ۵ و سے شروع ہوتا ہے)

صحیفۂ دوم۔ در ذکر سادات عظام و علماء افادت اعلام (ورق ۱۳ب) صفحۂ اول در ذکر سادات (ورق ۱۳ و) صفحہ دوم در ذکر علماء (ورق ۲۱و)

صحیفۂ سوم۔ در ذکر اسامی سامی حضرت واجب التعظیم کہ اگرچہ شاعر نبودہ اند۔ اما گاہی زبان بگفتن شعر می کشودہ اند (ورق ۳۳ب)

اس صحیفہ کا ایک ذیل بھی ہے جو اس مضمون میں درج ہوگا۔

صحیفۂ چہارم۔ در ذکر وزرای مکرم و سایر ارباب قلم (ورق ۴۸و)

صحیفۂ پنجم۔ در ذکر شاعرانی کہ تخلص مشہور اند و آں مشتمل است بر دو مطلع (ورق ۵۳و)، مطلع اول از صحیفۂ پنجم در ذکر کبرای شعراء و عظمای بلاغت انتما (۵۳ و) مطلع دوم۔ ان دو

نسخوں سے جو میرے سامنے ہیں، معلوم نہیں ہوتا کہ اس مطلع کا آغاز کون سے ورق سے ہوتا ہے۔

صحیفۂ ششم۔ در ذکر طبقۂ ترکان و شعرای نامور مقرر ایشان (ورق ۱۰۳ ب)

صحیفۂ ہفتم۔ در ذکر سایر عوام و اختتام کلام (ورق ۱۱۲ ؟)، اس صحیفہ کے ذیل میں مصنف نے کچھ نمونہ اپنے کلام کا بھی دیا ہے۔

کتاب کے مندرجہ بالا اقتباس سے ظاہر ہے کہ مولف کی غرض تالیف کتاب سے یہ نہ تھی کہ بعض شعرا کے تراجم اور ان کا کلام دیا جائے لیکن صحیفۂ سوم کے ذیل میں خصوصاً اور کتاب کے دیگر ابواب میں عموماً شعر کے ذیل میں بعض ہنروروں کے تراجم بھی آگئے ہیں، اور چونکہ مولف ان کا معاصر ہے اس لیے جو تھوڑی بہت اطلاع ان کے حالات سے اس نے دی ہے وہ بہت غنیمت معلوم دیتی ہے۔ بنابریں ایک عرصہ سے راقم سطور کا ارادہ تھا کہ ان تراجم کو کتاب سے الگ کرکے شایع کیا جائے۔ مگر چونکہ دوسرا نسخہ موجود نہ تھا اس لیے تصحیح متن کی میسر نہ آسکتی تھی۔

حسن اتفاق سے گذشتہ پنجاب یونیورسٹی جوبلی کی تقریب پر ایک نمایش مخطوطات کی ترتیب دی گئی اور اس سلسلے میں پروفیسر آذر کے کتاب خانہ سے ایک اور نسخہ مختصر سامی کا آگیا۔ اور ان دو نسخوں کے مقابلہ سے اقتباسات ذیل کا شایع کرنا ممکن

ہوگیا۔ اب ان دو نسخوں کی کیفیت سنئے۔ ایک نسخہ جو میرے کتابخانہ کا ہے، ۱۱۹۶ھ میں کلکتہ میں نقل ہوا۔ کاتبوں نے آخر میں اپنا نام یوں درج کیا ہے:

"بخط بندہ نظام الدین احمد و برخوردار نورچشم احمد مکّی ولد
شیخ غلام حیدر مرحوم صورت اختتام یافت۔"

یہ نسخہ پرانا نہیں ہے، تاہم کسی مضبوط اصل پر مبنی ہے۔ تقطیع ۸ × ۵½ انچ۔ تعداد اوراق ۱۱۸ سطور ۱۵۔ اس مضمون کے حواشی میں اس نسخہ کی علامت (ا) ہے۔

دوسرا نسخہ جو مقابلہ کے لیے استعمال ہوا، پروفیسر آذر کے کتاب خانہ کا ہے۔ وہ ۹۹۶ھ میں نقل ہوا یعنی مولف کی وفات سے صرف بارہ برس بعد۔ اس کی عبارتوں میں فی الجملہ اختصار ہے اور بعض تراجم بھی اس میں موجود نہیں ہیں حواشی کا مواد اسی نسخہ پر مبنی ہے۔

تقطیع ۸ × ۴½ انچ (قریباً) اوراق ۱۳۲ سطور ۱۹۔ حواشی میں اس کی علامت (ب) ہے۔

اقتباسات درج کرنے سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ نویں صدی کے ربع آخر اور دسویں صدی کے نصف اوّل کے بعض بادشاہوں اور شاہزادوں کی ہنرپسندی کا تذکرہ کیا جائے اس لیے کہ جن ہنروروں کا ذکر تحفۂ سامی میں آیا ہے ان کا زمانہ یہی ہے اور اس دور کا ہنر زیادہ تر بادشاہوں اور ان کے امراء کی قدر دانی اور سرپرستی کا رہینِ منت ہے۔ سطور ذیل

ہیں اس موضوع پر صرف ایک سرسری نظر ڈالنا ہی ممکن ہوگا کیونکہ اس بحث کے استقصاء کا یہ محل نہیں ہے اور مقصود فقط یہ ہے کہ اجمالی طور پر ایران، ہندوستان اور ترکستان کے چند منتخب بادشاہوں اور شہزادوں کے مذاقِ ہنر کی طرف توجہ دلائی جائے، جن کا ذکر حبیب السیر، تحفۂ سامی، لطائف نامہ فخری اور عالم آرای عباسی وغیرہ ماخذوں میں موجود ہے۔

میر علی شیر نوائی کا مفصل تذکرہ اورینٹل کالج میگزین میں ڈاکٹر سید عبداللہ کے قلم سے درج ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ ذی اقتدار امیروں کی خوش مذاقی کا اثر بھی ارتقائی ہنر پر نہایت گہرا پڑا مگر ان کا ذکر شامل کرنے سے بحث زیادہ طویل ہوجاتی اس لیے بالفعل صرف بادشاہوں اور شاہزادوں کے ذکر پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

سب سے پہلے ہم آل تیمور کو لیتے ہیں جس کی ہنرپروری کا شہرہ چاردانگ عالم میں ہے۔

آل تیمور: آل تیمور میں سے سلطان ابوالغازی حسین اسی دور سے تعلق رکھتا ہے۔ خراسان میں اس کی حکومت کا زمانہ ۸۷۵ سے ۹۱۲ تک ہے۔ اس کا دربار اہل ہنر کا مرجع تھا اور ہرات اس کا دارالسلطنت تھا۔

صاحب حبیب السیر (ج ۳ حصہ ۳ ص ۲۰۲) نے اس کی نسبت لکھا ہے:-

"در رعایت جانب سادات عظام و علماء اسلام و فضلاء روزگار و شعرای بلاغت شعار ہرگز تغافل و اہمال ننمودی و در انجاح ملتمسات

و وصول سیورغالات و انعامات این زمرۂ کریمہ ہموارہ احکام مطاعہ مبذول فرمودی، بہ بناء بقاع خیر از مساجد و مدارس و خوانق و اربطہ بغایت مایل و راغب بودی و قصبات معمورہ و مستغلات مرغوبہ از خالص اموال خویش خریدہ وقف نمودی، در تعمیر قصور دلکشا و عمارات فرح افزا بسیار سعی و اہتمام کردی در طرح باغ و بساتین و نضارت اشجار و ریاحین بنفس نفیس لوازم جد و اجتہاد بجای آوردی"

اسی طرح سام مرزا[1] کہتا ہے:

"سلطان حسین میرزا بادشاہ عدل گستر و شہریار رعیت پرور بودہ[2]. بہار ایام دولتش چون ایام بہار خورم و خوش و زمین بہ ہنگام سلطنتش مانند ہنگام خورمی[3] دور از غم و دلکش[4] و بی تکلف مدح گستری بدانچہ[5] او را موافق شدہ کم پادشاہی را میسر شدہ چون بسطت زمان سلطنت، و توفیق ساختن بقاع خیرات و رعایات علماء و طلبۂ علوم و اوراد و وظائف و اشاعت مبرات، چنانکہ دران ایام دوازدہ ہزار طالب علم در ہرات مؤظف بودہ اند. دیگر معموری بلاد و رفاہیت عباد و رعایت اہل ہنر و شعراء[6] ازین قیاس

---

[1] آ، ورق ۷، ب
[2] ب: بود
[3] اصل: خرمی، تصحیح از روی ب
[4] از روی ب در آ ندارد.
[5] ب: براینچہ
[6] ب: شعر

توان[1] کرد، در واقع* کسی را کہ مثل امیر علی شیر چاکری و مثل مولانا حاج مدح[2] گستری* باشد ہمانا کہ از مدحت ماوحان غنی و از صفت واصفان مستغنی است۔ و در فضل و شجاعت و فہم و سخاوت او ہیچ کس را اختلافی[3] نیست و در خوش طبعی و ہنر پروری احدی را خلافی[4] نہ۔"

سلطان حسین کے بیٹوں کی نسبت تحفۂ سامی اور لطائف نامۂ فخری کی عبارتیں ملاحظہ ہوں:۔

"بدیع[5] الزمان میرزا ولد نختین[6] سلطان مزبور است (و) بعلوّ ہمت و ہنرپروری در افواہ و السنہ مذکور (تحفہ ورق ۸ا)

"شاہ غریب میرزا او نیز از[8] جملۂ پسران* آن گیتی ستان است[7] در فنون فضایل و کمالات غریب و در صنوف آداب و خصایل ادیب، ہموارہ ہمت بلند بر کسب کمال می گماشت اما در

---

[1] ب: می توان کرد کہ اگر در واقع

[2] ب: ثناگوی

[3] ب: خلاقی

[4] ب: اختلاقی

[5] نیز رک بہ لطائف نامۂ فخری ص۳۱۲

[6] ب: نجیب

[7] نیز رک بہ لطائف نامہ ص ۲۱۳

[8] ب: ابناء

عنفوان شباب دست از شیخ و شباب باز داشتہ متوجہ شبستان عدم شد۔" (تحفہ ورق ۹ ب)

سلطان حسین کی اولاد میں سے فریدون حسین میرزا بھی تھا جس کی نسبت لطایف نامہ (ص ۲۱۲) میں ہے:

"اگرچہ ہمہ اولاد امجاد خاقان مغفور سلطان حسین میرزا اخلاق حمیدہ و اطوار پسندیدہ، بزیور کمال و فضل آراستہ و بحلیہ شعر و معما و سایر فضایل پیراستہ بودند، توان گفت کہ او بر ہمہ سبقت کردہ بود و بارباب فضل از ہمہ مایل تر بود۔"

اسی دودمان تیموری سے اس زمانہ میں بابر اور اس کے بعد ہمایوں ہندوستان میں تخت نشین ہوے۔ ان کا ذکر بھی یہیں کر دینا چاہیے۔ ان کی نسبت ان کا یہ معاصر (سام میرزا)، جو کچھ کہتا ہے بہت دلچسپ ہے، مثلاً ملاحظہ ہو عبارت ذیل (تحفہ ص ۱۰ بعد):۔

"بابر بادشاہ۔ صیت سخاوت و شجاعت او گوش اقاصی و ادانی رسیدہ خوان[1] احسان او بر روی روزگار کشیدہ بعیش دوام (و) مجالست خوبان[2] گل اندام اشتہار تمام داشت۔ در موسیقی و ادوار پیش رو اہل روزگار بود و در شعر خصوصاً ہمچو آفتاب مطلع اشعار (کذا)"

---

[1] ب: بستان

[2] ب: جوانان

فخری نے (لطایف نامہ ص ۳۰۹ پر) بابر بادشاہ کی نسبت لکھا ہے:۔
"باکثر فنون و فضایل و کمالات آراستہ بلکہ نادرۂ اہلِ زمان است خصوصاً در موسیقی کہ بی بدل واقع شدہ و شعر ترکی و فارسی را خوب ورزیدہ است۔"
تحفۂ سامی میں ہمایوں بادشاہ کے ترجمہ میں لکھا ہے:۔
"ھمایون بادشاہ بن بابر بادشاہ[1] بادشاہی است کہ بکثرت حشم و ہنر پروری از اساطین سلاطین آفاق متفرد بود (د) بوفور سخاوت و فرط[2] معدلت و داد گستری از عظمای خواقین منفرد و در فن حکمت خصوصاً قسم ریاضی ثالث افلاطون و افلیتوس[3] (؟)، و در کثرتِ خیل و حشم ثانی[4] اثنین سکندر بن فیلقوس، و در نظم اشعار خسرو ارباب نظم و در حسن المقال سر دفتر اصحاب فہم و در دایرہ خطش خطی کامل و در توقیعات انشایش رسایل

ہمایون خطّ او توقیع خوبی راست طغرائی
کہ ننوشت است منشیِ قضا ہرگز مثال او

این مطلع زادۂ طبع الیشان[5] است منہ:

---

[1] در ب ندارد
[2] آ: قر، تصحیح از روی ب
[3] ب: اقلیدس
[4] ب: شریف او
[5] ب: مطلع

آن نہ سرو یست کہ در باغ قد افراختہ است
شمع سبزیست کہ پروانہ او فاختہ است"

یہی زمانہ سلطان یعقوب بن امیرحسن بیگ
ترا کمۂ آق قوینلو بن علی بن قرا عثمان (۸۸۳ تا ۸۹۶ھ) کا ہے جو طایفۂ آق قوینلو سے تھا۔ اس گھرانے میں سب سے پہلے حسن بیگ تخت نشین ہوا، پھر اس کا بیٹا سلطان خلیل، لیکن ۶ ماہ کے بعد سلطان خلیل کا چھوٹا بھائی یعقوب بیگ جو اس کی طرف سے دیار بکر کا حاکم تھا، آذربایجان میں جا کر باغی ہوگیا اور ۸۸۳ھ میں نواح خوی میں بھائی کو ہلاک کر کے سلطنت پر قابض ہوگیا اور اکثر بلاد ایران کو اپنے تصرف میں لے آیا۔ جب صفویوں کا ظہور ہوا تو اس نے اُن کی مخالفت کی اور بالآخر ۸۹۶ھ میں ہلاک ہوا۔ اس کی نسبت سام مرزا نے (تحفہ ورق ۱۱ و ۱۲) لکھا ہے:

"در زمان او اختر شعرا از حضیض ہبوط باوج ثریا رسیدہ و شیوۂ شعر و شاعری چون ملت سامری درمیانہ بنی اسرائیل شیوع تمام یافت۔"

صفویہ۔ اب ہم صفویوں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں:
شاہ اسمٰعیل اوّل (۹۰۰ تا ۹۳۰ھ) کی شاعری کی نسبت سام میرزا کہتا ہے:

"باوجود این عظمت و اعتلا و اشتغال بامور دین و دنیا گاہی بنا بر تشحیذ خاطر دریا مقاطر متوجہ طبع آزمائی می گشتہ اند......"

شاہ طہماسپ اول (۹۳۰ تا ۹۸۴ھ) کے متعلق عالم آرای عباسی ص ۱۲۰

پر ہے:-

"حضرت شاہ جمجاہ جنت بارگاہ نقاش نادرہ کار و مصور نازک قلم سحرنگار بود...... آنحضرت شاگرد استاد سلطان محمد مصور مشہور بود طراحی و نزاکت قلم را بمرتبۂ کمال رسانیدہ بودند در آغاز جوانی ذوق و شغف بسیار باین کار داشتہ و استادان نادرہ کار این فن مثل استاد بہزاد و استاد سلطان محمد کہ درین فن شہریف طاق اند و در نزاکت قلم شہرۂ آفاق در کتابخانۂ معمورہ کار می کردند (و) آقا میرک نقاش اصفہانی کہ از اکابر سادات آنجا بود و درین فن منفرد انیس خاص و مونس بزم اختصاص داشت آنحضرت باین طبقہ الفت تمام داشتند ہرگاہ از مشاغل جہانداری و ترددات مملکت آرائی فراغی حاصل می شد بمشق نقاشی تربیت دماغ می کردند در اواخر از کثرت مشاغل فرصت آن کار نمی یافتند و استادانِ مذکور نیز صورت ہستی را از رنگ آمیزی حیات پرداختند آنحضرت کمتر متوجہ آن کار می شدند۔"

اسی مصنف نے لکھا ہے کہ شاہ نے مولانا یوسف غلام خاصہ کو جو خط ثلث خوب لکھتا تھا اور شاہ موصوف کا تربیت یافتہ تھا کتاب دار مقرر کیا اور کتب سرکار خاصہ اس کی تحویل ہیں دیں۔ اس کے بعد میر زین العابدین کے حال میں کہا ہے کہ وہ شاہ طہماسپ کا استاد تھا۔ اور نقاش خوب اور مجلس ساز و مصور بے قرینہ اور پاکیزہ کار چہرہ پرداز تھا۔

"شاگرد دانش کارخانۂ نقاشی دایر ساختہ کار می کردند اما خود ہمیشہ

جہت شاہزادگان و امرا و اعیان کار کردہ رعایت می یافت و انواع توجہ و مرحمت اکابر بر صحیفۂ حالش می تافت در زمان اسمٰعیل میرزا [بن طہماسپ اوّل] کہ ابداع کتاب خانہ مجدد نمود، مشار الیہ نیز از اصحاب کتاب خانہ گردید"

اس گھرانے کے متعدد شاہزادوں کا ذکر بھی ملتا ہے جو علم و ہنر کی قدردانی میں ممتاز تھے۔ مثلاً بہرام میرزا بن شاہ اسمٰعیل (م۔ ۹۵۵ھ) جس کی نسبت سام میرزا یوں رقمطراز ہے:

بہرام میرزا۔ شاہزادۂ جوان بخت کثیر الافضال و کامگار خجستہ اطوار بی نظیر و بی مثال بود و اوقات فرخندہ[1] ساعات* بہ نیل آمال و امانی و خلاصۂ جہات خجستہ آتش بالتذاذ حظوظات نفسانی مصروف[2] بود و طبعی بغایت منصرف[3] و ذہنی بصفت حدت متصف داشت[4] و در خطّ خط خصوصاً در نستعلیق انگشت نما بودہ[5] و در معمورۂ طرّاحی و شعر و معانی بی قرینہ و ہمتا[6] بود ؎

ریاض خط تو ہم چون بہشت خرم و خوش
نبات شعر تو چون خیر خیرّات[7]* حسان؛

---

[1] ب: شریفش [2] آ: معروف
[3] ب: منصرف داشت [4] در ب ندارد
[5] ب: بود
[6] آ: ممتاز، تصحیح از روی ب
[7] ب: جر جزات، آ: خیر خیلات

احیاناً میل بفن موسیقی نموده و قانون استعداد را بچنگ گرفتی و نواحی عشاق بی نوا را در پردهٔ بزرگی شفقتی تحفۂ درق و را"
بہرام میرزا کا بیٹا ابراہیم میرزا (م - ۹۸۵ھ) بھی اپنے باپ کی طرح اوصاف مذکورہ سے متصف تھا۔ چنانچہ عالم آرای عباسی میں چند مقام پر اس کا ذکر اس سلسلے میں آیا ہے۔ مثلاً ص ۱۲۸ پر ہے کہ مولانا شیخ محمد سبزواری کہ خطاط اور مصوّر تھا "صورت فرنگی را در عجم او تقلید نمود و شایع ساخت اما کسی بهتر اندو گونه سازی و چهره پردازی نکرد در سبزوار ملازمت سلطان ابراہیم میرزا اختیار نموده در خدمت او بعراق آمد"۔ اسی طرح علی اصغر کاشی کی نسبت لکھا ہے:

"استاد بی قرینه و مصور پاکیزه ساخت در پرداخت و رنگ آمیزی منفرد و در کوه پردازی و درخت سازی از اقران در پیش بود او نیز در خدمت سلطان ابراہیم میرزا می بود"۔ بالآخر ص ۱۲۹ پر بذیل مولانا عبداللہ شیرازی لکھا ہے "او تیر مذہب خوب بود اما رتبۂ مولانا حسن نداشت....... در خدمت سلطان ابراہیم میرزا می بود در قرب و منزلت از دیگران در پیش و از اقران بیش بود بعد از واقعہ میرزا از جملۂ اصحاب کتاب خانہ اسمٰعیل میرزا گردید"۔

اب ہم اوزبکوں کے ذکر پر اس بیان کو ختم کر کے تحفۂ سامی کے اقتباسات درج کرتے ہیں:

شیبانیہ: اس دور میں شیبانیوں نے وسط ایشیا میں عروج پایا۔ اس خاندان کا بانی محمد شیبانی اوزبک چنگیز خان کی نسل میں سے

تھا۔ محمد شیبانی کا زمانہ حکومت ۹۰۷ سے ۹۱۶ھ تک تھا۔ سلطان حسین میرزا کی وفات کے بعد اس کی اولاد میں نا اتفاقی اور بے دولتی نے زور کیا تو شیبانی نے خراسان پر حملہ کر کے میرزا کی اولاد سے ملک چھین لیا۔ آخر مرغاب کے کنارے اس کے اور شاہ اسمٰعیل صفوی کے درمیان جنگ ہوئی اور وہ مارا گیا۔ بقول لین پول (محمڈن ڈائینیسٹیز ص ۲۷۰) دودمان چنگیزی کے عظیم الشان جنگ آزما بہادروں کا سلسلہ اسی محمد پر ختم ہوا۔ اس کی ہنروری اور ہنرپروری کا حال ملاحظہ ہو:

"باوجود ترکیت و جبلیت خود را در اکثر فنون و استعدادات مهندس دانسته در تصویر استاد بهزاد نقاش که تا مصور قدرت صورت انسانی را بر تختۂ هستی چهره کشائی نموده چون او مصور چابک[1] دست* نکشیده و در خطِ مولانا سلطان علی مشهدی که [کلک[2]] کرام الکاتبین مثل او خوشنویسی بر صفحہ وجود ننگاشته دخل بیجا[3] کرده صورت او را بقلم[4] اصلاح نمودی و خط این را بنوک قلم مو[5] رقم نسخ کشیدی و گفتی که چنین می باید کشید و چنین می باید نوشت۔ و در زمان خود حکم کرده بود که شعرا شاهنامه فردوسی را ترکی کنند"۔

[1] ب: چابکدستی [2] از روی ب
[3] ب: بجد
[4] آ: بقلم کلک
[5] ب: موروثی

صحیفۂ دوم

«در ذکرِ سادات عظام و علماء افادت اعلام»

صفحۂ اوّل۔ در ذکرِ سادات

۱۔ امیر صدرالدین محمّد

اسکوئیست[1] و اسکویہ[2] دہی است از نواحی تبریز و میر مذکور با سہ برادر کہ ذکر ایشان بعد ازان در سلک تحریر می آید، در خدمت حضرت صاحب قرانی ترقی کلی کردند چنانچہ در نو روز و عید کہ خلق[3] بپای بوس می آمدند شاہزادہا و امرای بزرگ و سایر سادات پای آن حضرت را بوسہ می دادند و [اخوان[4]] دست آنحضرت را بوسہ

---

[1] ب: اسکوبی
[2] ب: اسکویہ، نزہت القلوب ص ۹، ، اسکوۃ (نسخۂ حاشیہ: اسکویہ)
[3] ب: خلایق
[4] از روی ب

می کرد[1] [ند] اما چون روستائی کم تجربه بود[2] [ند] خاطر جمیع ارکان دولت و اعیان حضرت از خود آزرده ساختند بلکه آنحضرت را نیز از خود آزرده کردند و ایشان نیز تنگ آمدند و، حکم کردند که در اسکویه بوده باشند و دیگر باردوی معلا نیایند، گویند که این بیت در حق ایشان گفته [اند][3] ــ

روستائی اگر دلی بودی　　خرس در کوه بوعلی بودی

بهمه حال اندک مولوتی دارد خط نستعلیق و[4] نسخ* را طوری می نویسد و در[5] اعمال دیوان* زیاده او را میل[6] نمود* اما برادران دیگر بسخن او عمل نمی کردند این مطلع ازوست منه[7]

تا چو گل خندان ترا در روی هرخس دیده ام
غنچه وار از رشک آن بر خود بسی پیچیده ام

۲-امیر قمرالدین محمود

(۲۳ب) برادر میر مذکور است و او نیز اندک طالب[8] علمی داشت* و،

---

[1] آ: کرد، ب: کردند

[2] آ: بود　　[3] ب: بودند

[4] در ب ندارد　　[5] ب: درین اعمال

[6] ب: میلی بوده

[7] کذا در آ، ب: مطلع، در آ "منه" را جای بجای بطور علامت شعر وغیره می آرد نه بمعنی اصلی این لفظ،

[8] ب: مولوتی دارد

ازو حیثیتی کہ مشاہدہ شدہ باشد[1] اصول در رقص بود کہ باوجود گیسو ہا رقص[2] ازو بد نمی نمود[3]، این مطلع ازوست. منہ[4]

تیزی کہ ز شستِ تو مرا بر جگر آید
من منتظر استادہ کہ تیرِ دگر آید

۳- سیّد عبد الصمد (ورق ۲۴الف)

کاشی است عطائی تخلص می کند[5] و در نقاشی و تصویر و تذہیب استاد بود این مطلع ازوست. منہ[6]

خویش را در جستنت رسوای مردم می کنم
چون تو پیدا می شوی من خویش را گم می کنم

۴- سیّد ہبۃ اللہ (ورق ۲۴ب)

از کاشانست و تجارت مشغول [بودہ[7]] و در تیرگری و خوشنویسی مشہور[8] و معروف این مطلع ازوست. منہ

---

[1] درب ندارد

[2] ب در رقص

[3] ب: کرد

[4] کذا در آ، ب: مطلع در آ "منہ" را جای بجای بطور علامت شعر وغیرہ می آرد نہ بمعنی اصلی این لفظ

[5] از روی ب

[6] ب: معروفست

گر[1] جانم وداع[2] خانهٔ تن می کند امشب
کہ آہ آتشینم خانہ روشن می کند امشب

(ورق ۲۰ ب)

۵ - میر شکری

از سادات شیراز است و در صحافی و لاجورد شوئی وقوفی داشت و می گویند کہ در ساز نیز دستی دارد - این مطلع یادگار ایشان نوشتہ شدہ

ز عقل بیہدہ پیمای خود مقید دنیم
کجاست جذبۂ عشقی کہ وا رہاند ازنیم

(ورق ۲۸ و)

۶ - امیر ابراہیم قانونی

از اکثر فضایل بہرہ مند است و خط [نستعلیق] را خوب می نویسد و در نواخت[3] قانون روش خواجہ[4] عبداللہ پیش گرفتہ و نغماتش بغایت باآہنگ نیک[5] است و این رباعی ازوست[6]

---

[1] ب: دل و جانم
[2] از روی ب
[3] ب: نواختی
[4] غالباً مراد از خواجہ شہاب الدین عبداللہ بیانی (نمرہ ۱۱)
[5] ب: دسکین
[6] ب: رباعی

تا سل تو دل فروز خواهد بودن — کارم همه آه[1] و سوز خواهد بودن
گفتی که بخانهٔ تو آیم روزی — آن روز کدام روز خواهد بودن

۷- میر شیر لقی

مرد طالب علم و منقی است و در علم موسیقی وقوفی تمام دارد و این مطلع زادهٔ[2] طبع ایشان است[3] منه*

بسکه سیل غمت از دیده دمادم گذرد
روز هجر تو مرا چون شب ماتم گذرد

۸- آقا[4] میرک نقاش

از سادات اصفهان ست و در طراحی و تصویر بی نظیر زمان و حالیا در خدمت حضرت[5] صاحب قرانی بسر می برد* پیشوا و مقتدای این طایفه است[6] در جواب این[7] مطلع جامی[8]* که ع

---

[1] ب: درد
[2] ب: ازوست
[3] ب: مطلع
[4] ب: میر
[5] ب: صاحب قرآن، رک به ص۵
[6] ب: ازوست
[7] در ب ندارد
[8] ب: مولانا جامی که گفته

دو هفته شد که ندیدم مه دو هفتهٔ خود را
کجا روم که گویم غم نهفتهٔ خود را

این مطلع از دست من

بباغ رفتم و دیدم گل شگفتهٔ خود را
شنیدم از گل و بلبل غم نهفتهٔ خود را

خانقاہ بوترابی

ٹھٹھ کے راستے میں صوبہ سندھ کا گزیٹیر (بزبان انگریزی، مرتبہ ای۔ ایچ ائیکن (طبع کراچی ۱۹۰۷ء) دیکھ رہا تھا کہ ص ۹۱ پر یہ مضمون نظر پڑا:

"ایک بڑے شیخ نے جس کا نام ابوتراب تھا بھکر کا اہم قلعہ فتح کیا اور کئی بہادری کے کام کئے۔ یہ بزرگ ہمارے لئے دلچسپی کا موجب ہے۔ اس لئے کہ اس کی قبر موضع گجو (متعلقہ میرپور ساکرو) سے قریباً دو میل کے فاصلے پر اب بھی موجود ہے۔ اس قبر پر ۱۷۱ھ* مطابق ۷۸۸ء کا کتبہ ہے۔ اور سندھ میں اس کو قدیم ترین تاریخی تحریر تسلیم کرنا پڑتا ہے۔"

راقم سطور اس عبارت کو پڑھ کر پھڑک اٹھا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ عہد خلیفہ ہارون الرشید کی ایک تحریر تھوڑے فاصلے پر موجود ہے۔ اور اس کا دیکھنا آسانی سے میسر آئے گا۔ ٹھٹھ میں موٹر سے اسباب اتارنے کے بعد راقم نے سیدھا گجو کا رخ کیا اور وہاں سے خانقاہ شیخ ابو تراب پر پہنچا۔ گر

* تحفۃ الکرام میں بھی ہے کہ ۱۷۱ھ مکتوب ہے۔

اس کا کیا علاج کہ غایت تفتیش اور تفحص کے بعد وہ ۱۷۱ھ کی تحریر نظر نہ آنی تھی نہ نظر آئی۔ یہ خانقاہ ایک فرسودہ سے قبرستان کے اندر اچھی حالت میں موجود ہے۔ قبر کا گنبد قدیم معلوم ہوتا ہے مگر نقش و نگار حال ہی کے زمانہ کے ہیں۔ مشرقی دیوار میں ایک پرانا کتبہ نعلیق میں درج ہے۔ جس میں لکھا ہے کہ موسی بن شمجان کے اہتمام سے ۳ صفر ۷۸۲ھ کو جام علاؤ الدین کے زمانہ میں ولی اللہ شیخ حاجی بو ترابی کا قبہ تعمیر ہوا۔

اگر کبھی اس جگہ ۱۷۱ھ کا کوئی کتبہ تھا تو وہ اب موجود نہیں ہے۔ لیکن راقم کو شک گذرتا ہے کہ اس کتبہ ہی جس کا خط آسانی سے پڑھا جانے والا نہیں ہے (دیکھو عکس جس پر نمبر الف لکھا ہے) کسی نے شاید غلطی سے "ہفصد و ہشتاد و دو" کو "ہفصد و ہشتاد و نہ" پڑھ لیا ہو اور اس کو بجائے ہجری تاریخ کے عیسوی تاریخ قرار دے دیا۔ بہر حال یہ کتبہ بہت دلچسپ ہے۔ یہ اس زمانہ کی یادگار ہے۔ جبکہ ٹھٹھ میں جاموں کی حکومت تھی۔ اگر زامباور (ZAMBAUR) کے بیبوئل ص ۲۹۰ کی تاریخیں درست ہیں۔ تو یہ زمانہ جام صلاح الدین کا ہے۔ جس نے ۷۸۱ تا ۷۹۳ھ ٹھٹھ میں حکومت کی۔ جس جام علاؤ الدین کا ذکر کتبہ میں ہے۔ وہ بظاہر شاہی خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ کیونکہ نہ صرف حاکم تتہ بلکہ اس کے گھرانے کے افراد بھی جام کہلاتے تھے۔ اس

جام علاء الدین کا حال کہیں نظر نہیں آیا۔ کتبے کا نقش کوئلہ سے لیا گیا اور اس کا عکس دیا جاتا ہے۔ مگر پہلے اس کتبہ کا متن درج کیا جاتا ہے:

کتبہ کا متن

بعہد شہریار دہر سلطان جہان داور (کذا)
شہ فیروز منصور و مظفر در صف میدان
بامر سرفراز سند خاص حضرت عالی
کہ پای قدر او اعلا زفر فرقد تابان
ستودہ جام جم سیرت علاء الدین دریا دل
کہ از مہانی لطفش جہان شد جملہ آبادان
بر آمد این چنین گنبد معلا کز صفا گوئی
بسان بیت معمور آمد است از بار این ایوان
مقام شیخ حاجی بو ترابی آن ولی اللہ
کہ بر درگاہ او گردد روا حاجات خلق آسان
بسال ہفصد و ہشتاد و دو از ہجرت احمد
ز عون ایزد ذو المن والافضال و الاحسان
بناشد ثالث ماہ صفر این روضۂ میمون
بسعی کمترین بندگان موسیٰ بن شہجان

سہوان

سندھ کے قدیم ترین قصبوں میں سے ہے۔ کوٹری سے جو لائن دریائے سندھ کے دائیں طرف لاڑکانہ سے ہوتی ہوئی شمالی سندھ کو گئی ہے۔ اس پر واقع ہے۔ کوٹری سے سہوان ۸۴ میل شمال مغرب کو ہے اور لاڑکانہ سے ۹۵ میل جنوب مغرب کو۔ اس علاقہ کو یہ شرف حاصل ہے کہ شیخ میر محمد المشہور بہ میاں میر مدفون نواح لاہور ۹۵۷ھ میں اس شہر میں پیدا ہوئے (تحفۃ الکرام ۳ : ۱۳۸) اور ذیل جس میں ابوالفضل علامی کا پانچواں جد شیخ موسی نویں صدی میں اس میں آکر بسے وہ بھی سیوستان کے علاقہ میں تھا۔ دیکھو مکاتبات ابوالفضل (طبع لکھنو ۱۲۸۶ھ) ص ۳۳۱

تحفۃ الکرام (ج ۳ بذیل سیوستان) میں ہے:

سہوان و سیوان نیز خوانندش داخل اقلیم پنجم طولش قدٌ عرضش اوّل۔ شہر قدیم موسوم باسم سہوان از اولاد سند مسموع حصنش از جملہ قلاع ستہ مذکور است و ازان بعد بکرات ترمیم یافتہ حاکم نشین علیحدہ بودہ از قدیم بانہ اول متعلق رایان الور و سپس زیر فرمان سلاطین ننتہ ماندہ۔ شاہ بیگ

لہ مطبوعہ ایڈیشن (۳ : ۱۳۵) بانہ

تہ نسخہ مطبوعہ اول

آن را از جام فیروز کشیده مرزا شاه حسن باز داخل تته نمود.
در وقتی که سند تحت فرمانروایان درگاه جلال الدین محمد اکبرپادشاه
رسید مجددا حاکم نشین علیحده شده. از عهد ایالت نواب خدا یار
خان بطریق اصل داخل سایر سند است. بر کوهش چشمه داهی
از عجائبات است. اکثر ارباب امراض بغسلش شفا یابند. همواره
بر یک قرار آبش پُر و جای[1] آمد آب محسوس نه. هنود آنجا به
پرستش در ایام معهود هجوم کنند و دیگر جای یک ستون است
که صفحهٔ بزرگی [در کوه[2]] بیک ستون باعتقاد مردم قدرتی متکون.
مردم بسیر و صفا آنجا روند و بر سقفش نظاره کنند. گویند آنجای
چهار یار اعنی مخدوم[3] عثمان و شیخ بهاء [الدین] و شیخ فرید و سید[4]

---

[1] نسخهٔ مطبوعه: پرو چاهی (که معنی ندارد)

[2] از روی نسخهٔ مطبوعه

[3] نسخهٔ مطبوعه: شیخ عثمان مروندی

[4] نسخهٔ مطبوعه: مخدوم جلال جهانیان. مگر یہ درست نہیں اس لیے کہ اخبار الاخیار (طبع ۱۲۷۰ھ) ص ۱۶۴ پر ہے. کہ سید جلال الدین بخاری مخدوم جہانیاں کا سن ولادت ۷۰۷ اور سن وفات ۷۸۵ھ ہے وہ عہد محمد تغلق میں "منصب شیخ الاسلامی و سند خانقاہ محمدی درسیوستان با مضاف مخصوص گشت". ظاہر ہے. کہ متن میں یہ مراد نہیں ہو سکتے. البتہ ان کے جد سید جلال سرخ مرید شیخ الاسلام بہاءالدین مراد ہوں گے. جو بخارا سے بھکر آئے اور وہاں سے اُچ گئے (اخبار الاخیار ص ۷۴) شیخ فرید الدین کا سن وفات محرم ۶۶۴ھ ہے (اخبار الاخیار ص ۶۳)

جلال بمکاشفات نشستہ اند۔ خطہ نامی و بقعہ گرامی است۔

ضلع لاڑکانہ کے گزیٹیر (طبع بمبئی ۱۹۱۹ء) میں صفحہ ۴۶ تا ۵۲ پر بعض حالات اس قصبہ کے دیئے ہیں۔ تفصیل وہاں دیکھنی چاہیئے۔ چند باتیں وہاں سے لے کر یہاں درج کی جاتی ہیں۔

سہوان اَرَل ندی کے دائیں کنارے ایک بلندی پر واقع ہے۔ جس کے دامن میں دلدل ہے۔ یہ ندی جھیل منچھر سے نکل کر دریائے سندھ میں گرتی ہے۔ پہلے دریا بستی کے قریب بہتا تھا۔ اب اس کا فاصلہ اغلباً تین میل ہوگا۔ ریلوے سٹیشن سہی سے میل بھر کے فاصلے پر ہے۔

بستی میں عملاً کسی قسم کی دستکاری یا تجارت نہیں ہے۔ جو کچھ بھی خوشحالی اس بستی کو حاصل ہے وہ لال شہباز [رح] کی خانقاہ اور سالانہ میلے کی وجہ سے ہے۔

سہوان تاریخی اعتبار سے نہایت قدیم جگہ ہے۔ بعض کے نزدیک "سندیماتا" جس کے بادشاہ سامبوس نے سکندر اعظم کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے تھے یہی جگہ ہے۔ بستی بلندی پر واقع ہے۔ پانی سے قریباً گہری ہوئی ہے۔ درہ لکی کے عین سامنے ہے۔ اس لئے لازم تھا کہ سندھ کا ہر فاتح جو اپنے قدم اس ملک میں جمانا چاہتا۔ سہوان پر قبضہ کرتا۔ اور اس کو اپنے قبضہ میں رکھتا۔ ساتویں

لہ مآثر الامرا ۳: ۶۹۷ پر ہے: قلعہ سیہون .... کہ بر ساحل دریاے سندھ است۔

(باقی ص ۳۰۲ پر)

صدی میں جب کہ سندھ میں ہندو بادشاہوں کا راج اور ملک پانچ صوبوں میں منقسم تھا۔ سہوان ایک صوبہ کا صدر مقام تھا۔ محمد قاسم نے ۷۱۱ء میں دیبل کو فتح کرنے کے بعد سیدھا ادھر کا رُخ کیا اور آسانی سے اس پر قبضہ کر لیا۔ اور گو راجہ داہر کا لڑکا یہاں کا والی تھا مگر باشندے بدھ مت کے پیرو تھے اور لڑنے پر رضامند نہ تھے۔ جب سندھ کو شاہان دہلی نے فتح کیا تو اس زمانے میں بھی عموماً سہوان میں ایک والی (گورنر) رہا کرتا تھا۔ پھر جب سمّوں نے زور پکڑا تو انہوں نے بھی فوراً سہوان پر قبضہ کر لیا۔ اور جب سمّوں کے آخری بادشاہ سے شاہ بیگ ارغون نے

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۱ : لے جلال الدین خوارزم شاہ نے بھی سہوان پر قبضہ کیا۔ دیکھو جہان کشای جوینی ۲ : ۱۴۷ ج ۵ - چند صدی بعد ۹۹۹ھ میں خانخانان نے بھی سندھ کو فتح کرنا چاہا تو پہلے سیوستان کا قصد کیا۔ ماثر الامرا میں محل مذکور پر ہے :

"خانخانان بچالاکی و تیز دستی از پایان قلعہ سہوان کہ سیوستان گویند گذشتہ لکھی را کہ دروازۂ آن ملک است .... بدست آورد۔"

میرزا جانی حاکم ٹھٹھ نے جنگ ہائے سخت کے بعد شکست کھائی اور سال ۳۷ اکبری میں صلح پر آمادگی ظاہر کی۔ شرط یہ ہوئی کہ قلعہ سہوان خانخانان کے حوالہ کرے اور میرزا ایرج بن خانخانان کو دامادی میں قبول کرے۔

حاشیہ صفحہ ۳۰۲ :

لے دیکھو فتوح البلدان ص ۴۳۸ بلاذری نے قصبہ کا نام سیہان لکھا ہے۔

حکومت چھین لی تو سہوان پر قبضہ کرنے کے لئے اس نے ایک اور لڑائی لڑی۔ شاہ بیگ کے لڑکے میرزا شاہ حسین کے زمانہ میں ہمایوں (شیرشاہ سے شکست کھا کر) سندھ میں آیا اور پورا زور لگایا کہ سہوان پر قبضہ کرے۔ مگر یہ فتح اس کو میسر نہ ہوئی۔ آخرجس زمانے میں داؤد پوترے کلہورے اور پنوار دریاے سندھ کے داہنے کنارے کے علاقہ میں باہم لڑنے بھڑنے لگے تو سہوان کی اہمیت کم ہوگئی۔ کلہوروں نے سہوان سے بیس میل شمال کی طرف خداباد کو اپنا صدر مقام بنا لیا۔ پھر حیدر آباد صدر بنا۔ اور پولیٹیکل اعتبار سے سہوان کی اہمیت کم ہو گئی۔ تاہم تیرھویں صدی عیسوی سے اس کو یہ شرف حاصل رہا ہے کہ اس میں سندھ کے سب سے بڑے ولی شیخ عثمان مروندی معروف بہ لال شہباز قلندر [رحمۃ اللہ علیہ] کی خانقاہ ہے۔ پہلے صحن ہے جس میں پختہ فرش ہے۔ اور ایک نہایت بلند مستول پر جھنڈا لہرا رہا ہے[1] جو ریلوے سٹیشن سے بھی نظر آتا

---

[1] بقول صاحب لاڑکانہ گزیٹیر ص ۶۸ - بعد مخدوم عثمان مرندی لال شہباز ۵۳۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۲ برس کی عمر پا کر ۶۵۰ھ میں فوت ہوئے۔ اس کے قول کے مطابق یہ کسی کتبے پر خانقاہ میں لکھا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ میری نظر سے کوئی ایسا کتبہ نہ گزرا۔ بخلاف اس تاریخ کے مخدوم صاحب کی تاریخ وفات تحفۃ الکرام میں ۶۷۳ھ دی ہے۔ دیکھو ص ۱۴۸

ہے۔ پھر ایک ڈیوڑھی ہے جس کے بیرونی دروازے پر رنگین ٹائیلیں لگی ہیں [دروازے کے دونوں جانب وہ کتبہ ہے جو صفحہ پر دیا گیا ہے] یہ ڈیوڑھی غلام[1] شاہ کلہوڑہ نے بنوائی۔ ڈیوڑھی سے آگے وسیع صحن ہے جس کے [مغربی] سرے پر وہ کمرہ ہے جس میں قبر ہے۔ اس حصہ کی چھت گنبدی ہے [اس کمرہ سے کچھ ادھر صحن کے دائیں طرف کچھ جگہ کو مسجد بنا دیا گیا ہے۔ اس مسجد کے ستون لکڑی کے ہیں بائیں طرف قد آدم سے قدرے بلند تر ستونوں پر پرانی وضع کا گنبد کھڑا ہے جس کا محل معلوم نہیں ہوتا کہ کیا ہے] ڈیوڑھی کے جس دروازے سے اندرونی صحن میں داخل ہوتے ہیں۔ اس سے بے شمار زنگولے لٹک رہے ہیں [معتقدین جو صحن میں داخل ہوتے ہیں۔ وہ کسی زنگولہ کو ہلاکر گویا اندر آنے کی اطلاع دیتے ہیں۔ جس کمرے میں قلندر صاحب کا مزار مبارک ہے اس کے روکار پر سربسر نفیس کاشی کاری ہوئی ہے دروازے کی چوکھٹوں اور] قبر کے کٹہرے پر چاندی چڑھی ہے کٹہرے کے ساتھ ایک بڑا سا پتھر لٹک رہا ہے اور مغربی دیوار میں ایک دو پتھر طاق میں گڑے ہوئے ہیں جن کے متعلق مجاور بعض حکایتیں بیان کرتے ہیں اور جن کو زائرین معتقدانہ طور پر چھوتے ہیں۔ قبر کے اوپر

---

[1] دیکھو صفحہ حاشیہ

تو بو کسوہ ہے جس کی نسبت ہم کو بتایا گیا کہ اس کو کبھی اٹھایا نہیں جاتا] [پاس کے ایک مکان میں ایک سے زیادہ] چیتے پنجرے میں رکھنے کا دستور چلا آیا ہے۔ بقول صاحب گزیٹیر ہزاروں ہندو خانقاہ میں زیارت کے لئے آتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ قدیم زمانے میں شاید یہاں کوئی مندر یا یا کسی سادھو کی مڑھی تھی اور وہ اس مقام کو راجہ بھرتری کہتے ہیں۔

اوپر کا بیان گزیٹیر سے ماخوذ ہے اور اس میں بعض زیادات جو راقم حروف نے کی ہیں وہ خطوط وحدانی سے محدود ہیں۔ ذیل میں وہ امور درج کئے ہیں جو راقم حروف نے اپنے دو دن کے قیام میں سہوان میں مشاہدہ کئے۔ ان امور کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

۱۔ قلعۂ سہوان
۲۔ خانقاہ حضرت لال شہباز قلندر اور اس کا نواح
۳۔ مقابر سہوان

۱۔ قلعہ سہوان

اس وقت کھنڈر بچا ہے۔ کوئی عمارت اس کی قایم نہیں ہے۔ لیکن ملبہ سے اس کے دَور کے حدود متعین ہوتے ہیں۔ اس کے اوپر ایک حصہ کو ہموار کرکے دو ڈاک بنگلے بنادیئے گئے ہیں۔ ایک بلند دروازے کا ڈھانچ کھڑا ہے جس سے اس

کی بلندی کا کچھ اندازہ ہوتا ہے۔ بارش نے جابجا گہرے غار بنا دیئے ہیں۔ بے شمار چھوٹے چھوٹے کاشی کار اینٹوں اور برتنوں کے ٹکڑے قلعہ کے ہر حصے میں سطح کے اوپر ملبے کے نیچے دبے ہوئے ملتے ہیں۔ بڑی بڑی قدیم اینٹوں کی قطاریں پوری گہرائی تک جابجا نظر آتی ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قلعہ کئی دفعہ پختہ بنا اور ویران ہوا۔ بظاہر عہد اورنگ زیب تک قلعہ اچھی حالت میں تھا۔ تھوڑی سی تلاش سے دو تین تانبے کے سکے بھی ملے۔ مگر ان کے نقوش زنگ سے بالکل مٹ چکے تھے ؛

۲۔خانقاہ مخدوم لعل شہباز قلندر

تحفۃ الکرام ج ۳ میں بذیل سیوستان مخدوم صاحب کے متعلق لکھا ہے:

شیخ عثمان مروندی عرف مخدوم لعل شہباز بن سید کبیرؓ الدین محمد بن سید صدر الدین اولاد اسمٰعیل بن امام جعفر صادق علیہ

---

[۱] یہ نسب نامہ درست نہیں ہو سکتا۔ صاحب خزینۃ الاصفیا نے (ص ۴۱۷ پر) بحوالہ اخبار الاخیار ان کا شجرہ یوں دیا ہے: لعل شہباز بن سید حسن کبیرالدین بن سید شمس الدین بن سید صلاح الدین بن سید شاہ بن سید خالد بن سید محب بن سید مشتاق بن سید نور الدین بن سید اسمٰعیل بن سید امام جعفر صادق بن امام محمد بن امام زین العابدین علی بن امام حسینؓ۔ مگر اخبار کے مطبوعہ نسخہ اور ایک پرانے خطی نسخہ میں یہ نسب نامہ باوجود تلاش کے نہیں ملا۔

السلام یکی از چہار یار مذکور بود کہ یکجا بیاحت کردند در حدود اثنی (کذا) و ستین و ستمایہ چون بملتان رسید سلطان محمد ولد سلطان غیاث الدین [بلبن] صاحب دہلی کہ جوان مرتاض بود و با شعرا و صلحا و علما اکثرہا صحبت می کردید و شیخ بہاء الدین زکریا و شیخ فرید شکر گنج از متقربانش بودند و امیر خسرو و امیر حسن دہلوی بخدمتش انخراط داشتند تکلیف سکونتش فرمود اقدام نمودہ بخدمت شاہ شمس[1] (کذا) بو علی قلندر رسیدہ وی گفت سہ صد قلندر در ہندوستان اند بہتر ہمیں کہ باز بسند تشریف برید بران اشارہ در بلدہ بیوستان آمدہ خواست اقامت نماید [اس کے بعد ان کی ایک کرامت کا تذکرہ کیا ہے اور پھر کہا ہے] خوارق و کراماتش زیادہ از احصا است درین مختصر چہ قدر گنجد وفاتش[2] ثلث و سبعین و ستمایہ مجرد و محصور گذشتہ۔

---

[1] شیخ شرف الدین بو علی قلندر پانی پتی کی تاریخ وفات صاحب خزینۃ الاولیا نے (ص ۳۱۳) پر ۷۲۴ھ دی ہے۔

[2] خزینۃ الاصفیا محل مذکور میں ان کی تاریخ وفات ۷۲۴ھ دی ہے۔ اور ان کا شمار سہروردیہ میں کیا ہے۔ مگر دیکھو

(A Glossary of The Punjab Tribes)

ج ۱ ص ۵۴۳ و ج ۳ ص ۲۵۷۔ گو اس کتاب کے بیانات قلندر صاحب کے متعلق پریشانی سے خالی نہیں ہیں۔

خانقاہ کے کتبے

چار تاریخی کتبے اس عمارت کے اندر نظر پڑے۔ ان میں سے دو آٹھویں صدی ہجری کے ہیں اور دو گیارہویں صدی کے۔ آٹھویں صدی والے دونوں کتبوں کے نقوش کوئلے سے کاغذ پر لئے گئے۔ اس لئے کہ اور کوئی سامان موجود نہ تھا۔ ان کے عکس دیئے جاتے ہیں (دیکھو نمبر ب و ج) اور ان چاروں کتبوں کا حال اور ان کا مضمون اگلے صفحوں پر درج ہے۔

کتبہ ب سے معلوم ہوتا ہے کہ بعہد فیروز شاہ [تغلق] ۷ رجب ۷۵۹ھ کو ملک اختیار الدین والی سیوستان نے ولی اللہ شیخ عثمان "مرندی" کے مزار پر یہ روضہ بنوایا۔ جس میں سات طاق اور چھ گنبد تھے۔

دوسرے کتبہ کا مضمون یہ ہے کہ سید جلال الدین [والی؟] سیوستان نے شاہ فیروز تغلق کے زمانہ میں، صفر ۷۵۸ھ کو ولی اللہ علاء الحق علی بغدادی کی قبر پر ایک بلند گنبد بنایا۔ معلوم نہ ہو سکا کہ یہ کون بزرگ تھے۔ تحفۃ الکرام

ابن بطوطہ جو ۷۳۴ھ میں قلندر صاحب کے مزار پر پہنچا ہے شیخ محمد بغدادی کا ذکر کرتا ہے جو اس مزار پر زاویہ نشین تھا مگر معلوم نہیں ان کو جناب علی بغدادی سے کچھ علاقہ تھا یا نہیں (دیکھو عجایب الاسفار طبع یورپ ج ۳ ص ۱۰۵)

کی سرسری ورق گردانی سے ان کا حال نہ ملا۔ یہ دونوں کتبے
مزار والے کمرے کی بیرونی دیوار میں لگے ہوئے ہیں۔

اب ان دونوں کتبوں کا متن درج کیا جاتا ہے اور ان
کا عکس بھی ب اور ج کے نشان سے شامل کیا جاتا ہے۔

کتبہ ب کا متن

یہ کتبہ دو پتھروں پر لکھا ہوا ہے ہر ایک کا طول ۱۶ انچ
یعنی کل طول ۳۲ انچ عرض ۱۸½ انچ۔ پہلا مصراع پہلے
پتھر پر دوسرا دوسرے پتھر پر۔ کل سطور ۹ خط تعلیق۔ آخری
دو شعروں میں ایک لفظ ٹوٹ گیا ہے۔

بعہد دولت فیروز شہ سلطان دین پرور
کہ خاک درگہش سازند شاہان جہان افسر
ازانگاہی کہ بر تخت شہنشاہی نشست این شہ
سراسر گشت گیتی از شعاع دولتش انور
عمارت شد مقام شیخ عثمان مرندی کو
ولی اللہ باز اسفید میر بجسہ بود و بر
اگرچہ اولیا اندر زمان شیخ بس بودند
ولیکن در کرامت بود او از ہمگنان برتر
چہ زیبا بارگاہی شد بھفت رکند؟) طاق شش گنبذ
کہ رنگ نہ فلک گشتہ ز رشک بام او اخضر

بروز ہفتم از ماہ رجب مبنی شد این روضہ
بسال ہفصد و پنجاہ و ہفت از ہجرت منتر
بنائش کرد والی اختیار الدین ملک ارشد
امیر عادل و باذل تہمتن ثانی اسکندر
کہ تا بودست بیوستان بود ست این چنین والی
تقی و مشفق و کرم سخی و پاک دین دیگر
امید آنست کہ یابد جزای این چنین خیری
ہزاران قصر در جنت بفضل ایزد اکبر

حواشی

۱۔ **فیروز شاہ۔** ٹھٹھ سے ۱۴ کوس کے فاصلہ پر دریاے سندھ کے کنارے ۲۴ محرم ۷۵۲ھ کو تخت نشین ہوا (تاریخ فیروز شاہی طبع کلکتہ ۱۸۶۲ء ص ۵۳۶)

۲۔ **عثمان مرندی۔** ان کی نسبت غلط طور پر مروندی مشہور ہے۔ حکیم بصردین صاحب سہون بلکہ تمام سندھ کے فضلا میں سے ایک معمر بزرگ ہیں۔ ان کی زیارت سے مشرف ہوا، فرماتے تھے کہ میونڈی صحیح نسبت ہوگی۔ مگر اس کتبے سے معلوم ہوتا ہے کہ درست نسبت مرندی ہے، بقول یاقوت (معجم البلدان ۴ : ۵۰۳، مرند آذربیجان کا مشہور شہر ہے اور تبریز سے دو دن کی راہ پر ہے، انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں (بذیل مرند) اس فاصلہ کو چالیس میل بتایا ہے۔ بقول یاقوت قد تشعثت الآن و بدا فیھا الخراب منذ نھبھا الکرج و اخذوا جمیع اھلھا انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں گرجیوں کے حملہ کی تاریخ ۶۰۵ھ تا ۶۰۷ھ دی ہے اور لکھا ہے کہ ۶۲۲ھ میں مرند کو علی اشرفی صاحب اخلاط

کتبہ ج کا متن

یہ کتبہ نمبر ب کے نیچے لگایا گیا ہے، طول و عرض ½۲۲ × ½۱۵ انچ سطور ۸، خط تعلیق، آخری یعنی آٹھویں شعر کے لفظ اکثر ٹوٹ گئے ہیں اور ساتویں شعر کے بعض الفاظ۔

شد بنای گنبد عالی بعہد شہر یار
شاہ فیروز آنکہ بگرفتہ است گیران زو قرار
می سزد مر بندۂ درگاہ شاہ دہر را
کو کند در سر فرازی بر سلاطین افتخار
بر سر قبر ولی اللہ علاء الحق علی
بود از بغداد و اندر صفّ نیکان در شمار
بس بزرگ و با کرامت ہست این پیر عزیز
ہر زمان بادا بقبرش رحمت ایزد نثار

حواشی بقیہ صفحہ ۳۱۰: نے فتح کیا۔ مگر شرف الملک (خوارزم شاہ کے گورنر) نے اس کو دوبارہ فتح کرکے بہت لوگوں کو قتل کیا۔ شاید انہی اسباب کی وجہ سے مخدوم صاحب نے اپنا وطن چھوڑا ہو، ابن بطوطہ نے جو ۷۳۴ھ میں اس خانقاہ پر پہنچا ان کو عثمان المرندی ہی لکھا ہے۔ دیکھو عجایب الاسفار ۳: ۱۳۵

ایک اور مرند دریائے جیحوں سے پرے علاقۂ خُتّل میں تھا مگر بظاہر مخدوم صاحب آذر بیجان والے مرند سے تھے۔ فرہنگ اقوام (مذکورہ بالا) ج ۲ ص ۲۵۷ پر ان کو خراسانی الاصل بتایا ہے۔

ہفتم از ماہ صفر مبنی شد این مرقد بسال
ہفصد و پنجاہ وہشت از ہجرت احمد شمار
کرد بنیادش ملک سید جلال الدین کی او
ہست اندر عدل و بذل و خلق و احسان یادگار
چون کی .... بیسوستان رسید
تازہ گردیدہ بیسوستان بدیفسان نو بہار
بانی این گنبد .... حساب
ا ...... ماہ .... چار

دیندار خان کے کتبے

کتبہ ب اور ج کے درمیان ایک اور کتبہ بخط نستعلیق موجود ہے۔ جس کو بہوہ عرف دیندار خان نے لگایا۔ سید بہوہ بخاری (متوفی ۱۰۲۵ھ) کا جو حال ماثر الامراء ا ص ۴۲ بعد میں دیا ہے۔ اس سے معلوم نہیں ہوتا کہ موصوف کبھی سہوان میں رہا ہو مگر کم از کم تین کتبے اس کے آج بھی سہوان میں موجود ہیں۔ وہ کتبہ جو کتبہ ب اور ج کے درمیان لگا ہے اس کا مضمون یہ ہے کہ حضرت مخدوم کا روضہ جب سلطان فیروز کے عہد میں بنا تو دو پتھروں پر تاریخ لکھ کر لگائی گئی، پھر میرزا جانی ترخان کے زمانے میں بڑا گنبد بنایا گیا تو یہ پتھر ایک طرف کو ڈال دیئے گئے، جب سید بہوہ نے شاہ جہان کے زمانہ میں روضہ کے صحن کو ترتیب

دیا اور دو مسجدیں بنائیں تو ان پتھروں کو دیوار خانقاہ میں لگا دیا کہ اگلے بادشاہوں کی یادگار باقی رہے۔

اس کتبے اور اس کے بعد کے کتبے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۰۴۰ اور ۱۰۴۱ھ میں سید بھوہ نے اس خانقاہ میں بعض ترمیمیں کیں اور صفحہ ۱۷۱ پر جو کتبہ درج ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۰۴۲ھ میں اس نے چھٹہ امرانی کا مقبرہ بنوایا۔ بظاہر ان سنوں میں وہ خود سہوان میں موجود تھا۔ گر معلوم نہیں صاحب مآثرالامرا نے اس امر کا کیوں ذکر نہیں کیا۔ اب ان دو کتبوں کا متن درج کیا جاتا ہے جو خانقاہ قلندر صاحب کے اندر ہیں۔

دیندار خان کے کتبے کا متن

یہ کتبہ نمبر ب د ج کے درمیان انہی کی طرح دو پتھروں پر لکھا گیا ہے، وہی طول و عرض یعنی ۳۲ انچ × ۱۸½ انچ خط نستعلیق، سطریں چار آخری سطر کے آخری دو لفظ غیر واضح۔

چون در عہد سلطان فیروز مرحوم روضہ قدیم حضرت
کردہ بودند آخر چون گنبد کلان در عہد میرزا[1] جانی
کہ این فقیر سید بھوہ عرف دیندار خان باشند
روضہ را ترتیب دادہ دو مسجد راست می ساختند این دو سنگ را

مخدوم بنا شدہ و[2] این دو سنگ تاریخ نوشتہ نصب
ترخان بنا یافتہ این سنگہا برہم افتادہ بودند الحال
در عہد دولت حضرت صاحبقران ثانی صحن
ہم در دیوار خانقاہ نہادہ تا یادگار سلاطین گذشتہ می باشند

لے و لے صفحہ ۳۱۴ پر دیکھیں۔

دیندار کا ایک اور کتبہ نستعلیق ہی میں اس کتبے سے قریب

۱	الٰہی عاقبت محمود گردان	بدوران شہاب الدین جہان شاہ / جہان از عدل او خورسند و آباد
۶	الٰہی عاقبت ... گردان	یکی باشد ز فرش مسند شاہ (۱۰۴۰) / دگر باشد ز فرش جنت آباد (۱۰۴۱)
۴		چگویم وصف آن صحن مقدس / بجای خشت انجم چیدہ استاد
۵	اللہ کافی	چو خواہی سال را (؟) با چشم دانش / بقطع بین کہ آمد سال شبیاد
۲	اللہ کافی	شدہ تعمیر فرش عرش مسند / حسینی صاحب شہباز آزاد
۳		قبول آمد نیاز خان دیندار / در آنحضرت زعون طالع [شاد؟]

حاشیہ صفحہ ۳۱۳: لہ کذا

لہ میرزا جانی بیگ ارغون حاکم ٹھٹہ کا حال مآثر الامرا ج ۳ ص ۳۰۲ تا ۳۱۲ دیا ہے ۔ ۹۹۳ھ میں باپ کا جانشین ہوا۔ ۹۹۹ھ میں خانخاناں نے سندھ پر چڑھائی کی تو اس نے سیوستان

(باقی صفحہ ۳۱۵ پر)

ہی دیوار میں لگا ہوا ہے۔ مگر اس کی ترتیب درست نہیں ہے۔ یہ کتبہ ٹائلوں پر ہے جو لگانے میں بے ترتیب ہو گئی ہیں۔ کتبہ اسی کتاب میں درج ہے۔ ہر حصے کے اوپر جو عدد ہے وہ میرے قیاس میں اس حصّے کی صحیح ترتیب کو ظاہر کرتا ہے۔

میاں غلام شاہ[1] کلہوڑہ کا ذکر ص ۱۲۵ پر آ چکا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ۱۱۷۳ھ میں خانقاہ کو نشان پیش کیا اور بعض ترمیمیں کیں۔ مشہور یہ ہے کہ موجودہ ڈیوڑھی اسی نے بنوائی اور اس کے روکار پر ذیل میں کتبہ اسی نے لگوایا:

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۱۴: کے قریب سخت مقابلہ کیا مگر ۱۰۰۰ھ میں اس نے شکست کھا کر صلح کر لی اور ۱۰۰۱ھ میں اکبر کے پاس لاہور میں حاضر ہوا، بادشاہ نے پہلے تو منصب اور تیولداری صوبہ ملتان عنایت کی، مگر آخر میں اس کو دوبارہ حاکم سندھ مقرر کیا۔ البتہ بندر لاہری کو خالصہ میں لے لیا اور سرکار سیوستان جو میرزا نے سابقاً پیشکش کی تھی وہ کسی اور کو جاگیر میں دے دی۔ صاحب مآثر کی رائے اس کے متعلق یہ ہے:-

میرزا بفراست و دانائی آراستہ و درستی و راستی از گفتار و کردار او نمایان و شناسائی و آہستگی از نشست و برخاست او پیدا بود، از صغر سنی بشیفتۂ بادہ شد اما تا ہنجار اندر صبر بر نزدے و درکار کرد و گفت پاسبان خود بودے از می فراوانی رنجور شد و رعشہ بسرسام کشید"۔ میرزا ۱۰۰۸ھ میں برہان پور میں فوت ہوا۔

[1] میاں غلام شاہ کے حال کے لئے دیکھو صوبہ سندھ کا گزیٹیر ص ۱۱۲

خانقاہ کے بیرونی دروازے کے کتبہ کا متن

دروازے کی دائیں طرف

چہ خوش جناب مبارک کہ نور حقانی
ز روضہ است عیان ظاہری و پنہانی
قلندر و سخی و کام بخش اہل یقین
ولی و سیّد عثمان پیرِ نورانی
بخاص و عام کہ مشہور لعل شہباز است
بپادشاہ گدا باز داد سلطانی
باین جناب ہر آن کس ارادتی دارد
بکام می رسد از دولت فراوانی
غلام شاہ میان صاحب سعادتمند
نشان حضرت عباس کان احسانی
سخی و غازی و فیاض معدن الطاف
چو سرفراز شد از لطفِ وجود ربانی

دروازے کی بائیں طرف

ز خاص نیت خود کرد تازہ خوش تعمیر
کہ فرش و صحن در روضہ شد گلستانی

قبول حضرت مخدوم شد نشانی کو
ز رحمت نبوی و علی عمرانی
ہر آنکہ دید و بہ بیند ز شوق نور ظہور
شود دو چشم و دلش روشن و درخشانی
ہزار و یک صد و ہفتاد و سہ ز ہجری بود
ز گّار داری باقر نشان شد ارزانی
قبولیت کہ ز تعمیر جستم از ہاتف
ندا بگوشش من آمد ز لطف سبحانی
زمین مصرع تاریخ خوش بگو صابر
قبول باد نشان در جناب شاہانی

۳ ۷ ۱۱

عقب خانقاہ حضرت قلندرؒ صاحب کے دو اہم کتبے

خانقاہ کے باہر مگر اس سے متصل مغربی جانب میں ایک کاشی کار قبہ ہے۔ اسی احاطہ میں قلندروں کی سکونت کی جگہیں اور ایک مسجد ہے۔ قبہ اور مسجد وغیرہ کے درمیان کچھ قبریں ایک چبوترے پر ہیں۔ ان میں ایک قبر پر کندہ ہے: مرحومہ مغفورہ بی بی جادو روز پنج شنبہ بتاریخ ۲۵ شہر شوال برحمت حق پیوست ۱۱۱۳۔

ان قبروں سے چار پانچ گز جنوب کی طرف اور ان سے ذرا کم بلند چبوترے پر کچھ ہموار جگہ جو ایک قبر

کے برابر ہوگی قریباً ۱½ فٹ دیوار سے گہری ہوتی ہے۔ قلندروں نے ہم کو بتایا کہ یہ حضرت قلندر صاحب رح کا مقتل ہے۔ اس مزعومہ مقتل کی شمالی اور مغربی دیواروں میں دو سنگی کتبے نصب ہیں جو بنہایت دلچسپ ہیں۔ دونوں کا خط تعلیق ہے۔

کتبہ (۱) شمالی کتبہ کا متن

جس پتھر پر یہ کتبہ نصب ہے وہ طول میں ۲۹ ½ انچ عرض میں ۱۸ انچ ہے۔ اس میں کل ۷ شعر درج ہیں۔ آخری شعر کے بعض الفاظ ٹوٹ گئے ہیں۔

جہان مردم کش است اے دل مباش از جان وفادارش
کی جز کین و جفا نامد زبیدادی دگر کارش
تو از حال محمد شاہ برگیر اعتبار از دی
کی چون اورنگ شاہی در ربود این دور غدارش
شہنشاہیست این ای خواجہ کش بینی بخاک اندر
کی ہم چون بندگان بودند شاہان جہاندارش
اگرچہ پیش ازین صد بار در بارش چنان دیدی
کنون چشم خرد بکشا درین جا بنگر این بارش
جہان بکشاد از مردی و بخشید از جوان مردی
بدہر از کوشش و بخشش فراوان بود کردارش

[بُد از؟] ماه محرم [بیست و یک؟] کاندر شب شنبہ
گذشتہ ہفصد و پنجاہ و دو شد عزم آن دارش

مغربی جانب کا کتبہ

[جس کا عکس نہ لیا جاسکا]

یہ کتبہ بھی شمالی کتبہ کی طرح سفید پتھر پر لکھا ہے۔
پتھر طول میں ۲۸½ انچ اور عرض میں ۱۲½ انچ ہے۔

بعہد دولت فیروز شاہ خسرو گیتی
کہ یزدان بر سریر سلطنت بادا نگہدارش
بر آن سلطان دین پرور برآمد اینچنین گنبد
کی آمد پیش پای گنبد گردون دوارش
بسال ہفصد و پنجاہ و چہار از ہجرت احمد
قبول بنـــدہ درگاہ او سرمست معمارش
.... گنبد ....
کی باد از حضرت یزدان ہزاران.....

سُلطان محمد تغلق کی قبر کہاں ہے؟

کتبہ د کا حاصل یہ ہے کہ محمد شاہ شہنشاہ اسی خاک
میں مدفون ہے۔ وہ محرم میں شنبہ کی رات کو ۷۵۲ھ میں

فوت ہوا۔

دوسرے کتبہ کا مضمون یہ ہے کہ فیروز شاہ کے زمانہ میں ۷۵۴ھ میں اُس سلطان دین پرور (کی قبر) پر گنبد بنایا گیا جو سرمست معمار نے بنایا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ شہنشاہ محمد شاہ کون ہے جو محرم ۷۵۲ھ میں فوت ہوا اور جس کی قبر پر ۷۵۴ھ میں قبہ بنایا گیا۔ تاریخ فیروز شاہی سے ہم کو معلوم ہے کہ ۲۱ محرم ۷۵۲ھ کو سلطان محمد تغلق ٹھٹھ سے ۱۴ کوس پر دریائے سندھ کے کنارے فوت ہوا اور ۲۴ محرم کو فیروز شاہ وہیں تخت نشین ہوا اور دوسرے دن لشکر کو لے کر روانہ ہوا اور سیوستان پہنچ کر چند روز ٹھہرا۔ عام لشکر پر اس نے مراحم کئے۔ ملوک و امرا و معارف و اکابر کو خلعت دیئے۔ علماء و مشائخ کو فتوحات اور مستحقوں کو صدقات دیئے۔ منچھر کی چراگاہ میں گھوڑے چھوڑے جو ہفتہ بھر میں فربہ ہو گئے۔ سیوستان والوں پر نوازش ہوئی اور ادرارات مقرر انعامات دیئے گئے۔ فیروز شاہ نے مزاراتِ بزرگ کی زیارت کی اور مساکین کو صدقے دیئے۔ اس کے بعد وہ بھکر کو روانہ ہوا (برنی ص ۵۲۴ و ۵۲۵ و ۵۳۵ بعد)، مگر برنی نے یہ نہیں بتایا کہ محمد شاہ کی لاش کیا ہوئی۔ سراج عفیف بھی اس بارے میں خموش ہے۔ ہاں تاریخ مبارک شاہی (طبع کلکتہ) میں جو ۸۳۸ھ تک کے واقعات پر مشتمل ہے

ص ۱۱۸ بعد پر اس سلسلے کے بعض واقعات دیئے ہیں۔ جن کا حاصل یہاں درج کیا جاتا ہے۔ گر یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ صاحب مبارک شاہی ان واقعات کا معاصر نہیں ہے اور ان سے قریباً ۸۷ سال بعد لکھ رہا ہے۔

۲۳ محرم [۷۵۲ھ] کو دریاے سندھ کے کنارے فیروز شاہ تخت نشین ہوا۔

"روز دوم عزیمت جانب دہلی اختیار شد ......سلطان سلامت بکوچ متواتر در سیوستان رسید۔ روز جمعہ خطبہ بنام مبارک سلطان خواندند۔ ہم دریں محم (کذا) شغل نایب یا رکی ملک ابراہیم یافت....... ہم ازین جا قمرالدین..... بر [فلان و فلان] با خلعت ہای خاص و مراحم فراوان نامزد شدند [فلان و فلان] در دہلی بر خواجہ جہان تعین گشتند و فلان و فلان بر والی سندھ و ٹھٹھ بر طغی رفتند........ و بعضی در خطط و قصبات دیگر رفتند و فرمان عام در کل بلاد بر مضمون مرحمت و شفقت و لطف و تربیت صادر گشت و خود تابوت سلطان محمد بالای پیل داشتہ و چتر بران زہ کردہ بکوچ متواتر برسمت دارالملک دہلی روان شدہ"

جس ترتیب سے یہ عبارت مبارک شاہی میں درج ہوئی ہے۔ اس سے ضرور گمان یہ گذرتا ہے کہ سلطان محمد تغلق کی لاش سیوستان سے آگے روانہ ہوئی گر مصنف نے اس کے بعد پھر لاش کا کچھ ذکر نہیں کیا۔ کہ وہ کیا ہوئی۔ اور صفحہ ۱۲۳

پر فقط یہ کہا ہے کہ ۲ رجب ۷۵۲ھ کو بادشاہ دہلی میں داخل ہو کر قصر ہمایوں میں فروکش ہوا، مگر اس سے معتبر تر بیان صاحب فیروز شاہی کا سمجھنا چاہیئے جو معاصر ہے اور جو صفحہ ۵۲۶ پر لکھتا ہے کہ اواخر ماہ جمادی الآخر میں "رایات اعلیٰ درون دارالملک در آمد و بر طالع سعد....... آفتاب خسروان .... ابو المظفر فیروز شاہ السلطان....... بر تخت جمشیدی....... در کوشک ہمایوں جلوس فرمود"

بہر حال ان دونوں مورخوں کے نزدیک محمد تغلق کی وفات سے پانچ ماہ اور کچھ دن بعد فیروز شاہ دہلی پہنچا۔ اگر مبارک شاہی کا بیان درست ہے کہ لاش سیوستان سے آگے روانہ ہوئی تو گویا فیروز شاہ ۵ ماہ تک لاش ہاتھی پر ہمراہ رکھ کر دہلی کی سمت کوچ کرتا رہا۔ جبکہ خواجہ جہان دہلی میں ایک بچے کو محمد تغلق کے تخت پر بٹھا کر فیروز شاہ کے خلاف آمادہ جنگ تھا اور فیروز شاہ اور خواجہ جہان کے درمیان اندیشہ جنگ کا قوی تھا

آثار الصنادید (طبع دہلی ۱۲۷۰ھ) میں مقبرۂ تغلق شاہ کی

۱؎ اس مقبرے کی تصویر اور حال کے لئے دیکھو شارپ کی کتاب دہلی (طبع آکسفورڈ یونیورسٹی پریس ۱۹۲۱ء) صفحہ ۵۸ اور ہرن کی کتاب سیون سٹیز آف دہلی (لندن ۱۹۰۶ء) ص ۱۹۳۔ یہ دونوں حوالے لالہ لبھورام صاحب لائبریرین پنجاب یونیورسٹی لائبریری نے از راہ کرم میرے لئے تلاش کئے تھے۔

ذیل ہیں سر سید احمد خان مرحوم نے لکھا کہ مقبرہ میں تین قبریں ہیں ۔ ایک غیاث الدین تغلق شاہ کی ۔ ایک مخدومہ جہان اس کی بیوی کی ۔ تیسری سلطان محمد عادل تغلق شاہ اس کے بیٹے کی جو ۷۵۲ھ مطابق ۱۳۵۱ء کے رود سندھ کے کنارے مرا تھا۔ لیکن آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا کی چار رپورٹوں کے مجموعہ بابت ۶۵-۱۸۶۲ء طبع شملہ ۱۸۷۱ء، کی ج ۱ ص ۲۱۶ پر ہے کہ " مقبرے کے اندر تین کتابیں ہیں جو کہتے ہیں کہ تغلق شاہ اس کی بیوی اور ان کے بیٹے جونہ خان کی ہیں جس نے تخت نشینی پر خود کو محمد کے نام سے موسوم کیا" کننگھم کے اس بیان کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ قبروں پر کوئی کتبہ نہیں ہے جس سے قبریں متعین ہوسکیں ۔ بلکہ کسی زبانی روایت پر یہ بیان مبنی ہے کہ محمد شاہ اور فلان اور فلان کی قبر اس مقبرے میں ہے اور اس کو قطعی سمجھا نہیں جا سکتا۔

اوپر کی سطروں سے معلوم ہوتا ہے کہ دہلی میں یہ روایت سر سید کے زمانہ میں ضرور موجود تھی کہ محمد تغلق کی قبر دہلی میں ہے ۔ اور مبارک شاہی سے بھی گمان گذرتا ہے کہ لاش سیوستان سے آگے دہلی کی طرف روانہ ہوئی ۔ مگر ان کتبوں سے جن کا متن اوپر درج ہوا ظاہر ہوتا ہے کہ محمد تغلق سیوستان میں دفن ہوا ۔ کتبے اسی خط میں ہیں جس میں آٹھویں صدی کے متعدد کتبے اسی کتاب میں

شائع کئے جارہے ہیں اور مہینہ اور سنہ محمد شاہ کی وفات کا اس میں درج ہے بلکہ وفات کی رات بھی درج ہے جو مؤرخوں نے نہیں دی۔ پہلے کتبہ میں مہینے کے ساتھ تاریخ بھی غالباً تھی جو مٹ گئی ہے۔ یہ قرین قیاس بھی ہے کہ ان حالات میں جن کا اوپر ذکر ہوا، بجائے اس کے کہ فیروز شاہ دشمن کے خلاف لشکر کو لے جاتے ہوئے محمد تغلق کے جنازے کو ۵ ماہ تک ساتھ ساتھ لئے پھرتا، اس نے جنازے کو سیوستان ہی میں دفن کر دیا ہو جو اس کے اپنے قبضے میں تھا اور جہاں ایک قلعہ بھی تھا۔ محمد شاہ جہاں فوت ہوا۔ وہاں سے چونکہ ٹھٹہ جو دشمن کے قبضہ میں تھا قریب تھا۔ اس لئے وہاں لاش کو دفن کرنا مناسب نہ تھا۔ سیوستان نواح ٹھٹہ سے بدرجہا بدرجہا محفوظ تر جگہ تھی اور وہاں متوفی بادشاہ کی لاش کی بے حرمتی کسی طرح متصوّر نہ ہو سکتی تھی۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ پہلے کتبہ کے ساتھ ایک دوسرا کتبہ دو سال بعد لگایا جاتا ہے جو گنبد کی تعمیر کی تاریخ کا پتہ دیتا ہے۔ پہلے موقعہ کی نزاکت اور عجلت میں تعمیر گنبد کے تکلفات کی فرصت نہ تھی۔ بعد میں جب اطمینان حاصل ہوا تو گنبد بھی قبر پر تعمیر کر دیا گیا۔ غرض راقم سطور کے

---

[1] دیکھو صبح الاعشیٰ ۵ : ۷۷ و عجائب الاسفار محل مذکور

نزدیک جب تک مذکورہ بالا شہادت سے قوی تر شہادت ہاتھ نہ لگے یہ ماننا پڑے گا کہ محمد تغلق سہوان میں مدفون ہے نہ کہ دہلی میں۔ گو ابھی تک کسی تاریخ میں یہ بات نظر نہیں آئی ✤

۳۔ مقابر سہوان

ریلوے سٹیشن اور شہر کے درمیان ایک طویل و عریض میدان میں قبرستان ہے۔ کہیں کہیں کوئی قبہ سلامت کھڑا ہے اور چند قبریں جو نسبتاً قریب کے زمانہ کی ہیں۔ اچھی حالت میں ہیں مگر اکثر پرانی قبریں اور پرانے قبے جو کچھ بنے ہوئے تھے کھنڈر بن چکے ہیں۔ اور نہایت خستہ حالت میں ہیں۔ البتہ پرانی قبروں کے سنگ مزار موجود ہیں۔ جو اس میدان میں جا بجا مٹی کے ڈھیروں کے اوپر سیدھے یا ان کے اندر دبے ہوئے ٹیڑھے ترچھے پڑے ہیں۔ میرے اندازے میں پچیس کے قریب ایسے پتھر اس میدان[1] میں موجود تھے جن پر آیات کلام اللہ اور کلمہ طیبہ کندہ تھا۔ ان میں سے بعض پر تاریخیں اور نام بھی درج تھے۔ پتھر اکثر وہی ہے جو مکلی کے مقابر میں استعمال ہوا ہے، یعنی زرد رتیلا پتھر مگر کہیں کہیں اور قسم کا سخت پتھر بھی ہے۔

---

[1] اس اندازے میں وہ پتھر بھی شامل ہیں جو چھٹہ مرانی کی خانقاہ میں پڑے ہیں۔

جو تجے سلامت ہیں ۔ ان ہیں "چھتّہ حمرانی" کا قبر ہے ۔یہ اس وقت کا مقامی تلفظ ہے ۔ تحفۃ الکرام (مطبوعہ) ج ۳ ص ۱۳۲ میں اس کو "چھوتہ امرانی" لکھا ہے اور کہا ہے:

"چھوتہ امرانی از برادران بنی اعمام دلو رای تمتہ رایان الوّر روہڑی است آنچنانکہ در خرابی الور و بھانبرا ذکر رفتہ یعنی ج ۳ ص ۵۱ پر وی ازانجا کوچیدہ بلیوستان متوطن و مدفون گردید تا اکنون مرجع اہل اللہ است (مصنف نے اپنے خود نگاشتہ نسخہ میں پہلے لکھا تھا: چتہ امرانی از برادران بنی اعمام دلو رای الخ پھر اس کو کاٹ کر بنایا ہے: چھوتہ امرانی ای ولد آمرہ مادر دلو رای)

قبر کے صحن میں نیلی ٹائلیں لگی ہیں اور بعض دیواروں کے ساتھ مصطبے بنے ہوئے ہیں ان پر بھی یہی ٹائل لگی ہوئی ہے ۔ مغربی دیوار پر یہ کاشی کار کتبہ ہے۔

بدور شہنشاہ شاہ جہان
خدیوی خردمند صاحب قران
چون خلد برین روضہ شاہ چھٹ
بنا کرد نواب دیندار خان
ز سال بنایش طلب داشتند
بہشتی بردی زبین گفت عثمان (کذا)
۱۰ ۳۲

لے بلاذری کا

۱۲۰۴۱۰ کا عدد کتبے پر لکھا ہوا نہیں ہے، آخری مصرعہ وزن سے ساقط ہے۔

اوپر بیان ہو چکا ہے کہ اکثر سنگ ہائے مزار پر آیات قرآن مجید اور کلمہ طیبہ کے علاوہ اور تاریخیں بھی درج تھیں۔ ذیل میں ان میں سے بعض درج کی جاتی ہیں۔ یہ وہ پتھر ہیں جن تک پہنچنا آسان تھا یا جو مٹی میں اس طرح نہ دبے ہوئے تھے کہ پڑھنا ممکن نہ ہو یا جن سے نام مٹ نہ گئے تھے۔ عموماً ان پتھروں کے اوپر کی طرف آیات قرآنی لکھی ہیں اور نام اور تاریخ سر اور پاؤں کے رخ پر۔

۱۔ بخط نسخ

وفات یافت مرحومہ مبرورہ دلشاد بیگم در تاریخ ۹۵۷ [یہ زمانہ شاہ حسین ارغون کا ہے جس نے ۹۳۰ سے ۹۶۱ تک سندھ میں حکومت کی]

۲۔ بخط نستعلیق

محمد یادگار آن کو قضا شد	شہید و رفت تا جنت خرامان
چو دیدش از رہ تعظیم تاریخ	شدہ شاہ شہیدان گفت رضوان

۹۸۵

مادہ تاریخ سے ۹۸۵ حاصل ہوتا ہے۔ اس زمانہ میں محمد باقی بن عیسٰی خان ترخان فرمانروائے سندھ تھا جس نے ۹۷۵ سے

۹۹۲ھ تک حکومت کی ×

۳۔ بخط نسخ

(ایک طرف) : در تاریخ ماہ رجب یہ محمد باقی ترخان کے جلوس کا سن ہے

(دوسری طرف) : وفات عالی جاہ مرحوم امیر ولی محمد بن مرحوم مغفور امیر صادق محمد واثق۔

۴

یہیں ایک پتھر نظر پڑا جس پر اوپر کی جانب نہایت نفیس ثلث میں آیات قرآنی درج ہیں۔ تاریخ اور نام نہیں ہے۔ مگر خط کے اعتبار سے یہ بہترین نمونہ تھا جو دیکھا گیا۔ ابھرے ہوئے الفاظ کو اس طرح ڈھالا اور پالش کیا گیا ہے، کہ نقش صنعت کاری کا اعلیٰ نمونہ بن گیا ہے ×

۵

وفات یافت جناب عصمت مآب فتح بیگی سلطان بنت امیر اعظم امیر مغفور........ (امیر کا نام پڑھ رہا تھا کہ توجہ کسی اور طرف ہو گئی اور یادداشت ناقص رہ گئی۔ کوئی مانوس نام نہ تھا۔ الخ یا اسی طرح کا ایک ہی لفظ تھا۔ افسوس ہے۔ کہ خط کا نوٹ بھی نہ لیا گیا)

(دوسری طرف)
در تاریخ بیست و هفتم شهر صفر سنه ستین و تسع
[یہ شاہ حسین ارغون کا زمانہ ہے]

۶

وفات یافت مرحوم مغفوره مجتبلة (کذا) در تاریخ ۹۵۸ -
(نام بظاہر مجتبة تھا مگر الف حسب بالا لکھا تھا۔ معلوم نہ ہوا کہ اس کا کیا محل ہے۔ یہ بھی شاہ حسین ارغون کا زمانہ ہے)

سکھر۔ بھکّر اور روہڑی

ہندوستان کے عہد اسلامی کی تاریخ صرف کتابوں ہی میں محفوظ نہیں ہے۔ اور بھی بہت سی یادگاریں ہیں۔ جو اس عہد کے مختلف ادوار کی تاریخ کو صحیح طور پر سمجھنے میں مفید ہیں۔ ان میں سے بہت سی یادگاریں مرور زمانہ سے تلف ہو گئیں۔ مگر بہت سی ابھی باقی ہیں۔ خصوصاً مغلیہ عہد کے لئے جو ہم سے نسبتاً قریب ہے مواد کی کافی افراط ہے۔ اس مواد میں قدیم شہر، ان کے کھنڈر، ان کی عمارات اور خرابے، سکے، مخطوطات، تصاویر، وصیلیاں، صناعی کے نمونے اور کتبے شامل ہیں۔ اس مواد کو نظر غور سے دیکھا جائے تو تاریخی کتابوں کے مضامین کی تصدیق یا تکذیب کے علاوہ بعض اوقات بالکل نئی باتیں اس سے معلوم ہوتی ہیں اور اس وقت کی طرز معاشرت، مذاق، لوگوں کی ذہنی حالت اور اسی قسم کے اور بہت سے امور پر روشنی پڑتی ہے۔ جو اور کسی ذریعہ سے ممکن نہیں۔ گویا اس عہد کی زندہ تصویر آنکھوں میں پھر جاتی ہے۔

ہمارے مطلب کے قدیم شہروں میں سکھر۔ بھکر اور روہڑی کا شمار بھی ہے۔ یہ تینوں شہر ایک دوسرے کے بالکل قریب ہیں۔ ۲۲ اور ۲۳ مارچ ۱۹۳۷ء کو میں ڈیڑھ

دن تک وہاں مقیم رہا۔ اور میں نے وہاں کی بعض عمارتوں اور خرابوں کو دیکھا۔ صفحات ذیل میں جن جن مقامات کو میں نے دیکھا اور جو جو کتبے میں نے وہاں سے نقل کئے ان کا حال پیش کیا جائے گا۔ ترتیب وہی ہوگی جس ترتیب سے میں نے ان مقامات کو دیکھا۔

افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ ان شہروں کی قدیم یادگاروں بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ سارے سندھ کی اسلامی یادگاروں پر گزیٹیر نویسوں اور محکمہ آثار قدیمہ نے کافی توجہ نہیں کی ہے۔ صوبہ سندھ اور اس کے ضلع وار گزیٹیروں میں اس موضوع پر جو کچھ درج ہے وہ بالکل ناکافی ہے۔ سندھ کے کتبوں کی نقول اگر محکمہ آثار قدیمہ نے حاصل کی ہوئی ہیں تو وہ شایع نہیں ہوئیں۔ کم سے کم راقم حروف کو محکمہ کے بعض حکام سے کوئی اطلاع ان آثار کی نقول کے متعلق حاصل نہ ہو سکی۔ ان حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے باوجود عجلت اور عدم قیام کی قلت کے راقم سطور نے سعی بلیغ سے جس قدر کتبوں کو نقل کرنا ممکن ہو سکا کیا۔ مناسب تو یہ تھا کہ بعض کتبوں کے چربے حاصل کئے جاتے۔ گر اتنا وقت نہ تھا۔ شاید کوئی اور صاحب

---

[1] بعض کتبے جو غالباً بالکل صاف اور واضح ہیں ان کی نسبت ضلع سکھر کے گزیٹیر میں مبہم سے بیانات دیئے گئے ہیں مثلاً دیکھئے گزیٹیر مذکور ص ۴۱ و ۵۳

اس کی توفیق پائیں اور اس کام کو کماحقہ سر انجام دے کر ان مساعی کو تکمیل و تتمیم تک پہنچائیں ؂

سکھر اور اُس کے نواح کی اجمالی تاریخ

ضلع سکھر کے گزیٹیر طبع ۱۹۰۹ء میں (ص ۵۳ پر)، جو حال سکھر وغیرہ کا دیا ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ:

سکھر دو ہیں قدیم اور جدید۔ ان دو بستیوں کو ریل کی پٹڑی ایک دوسرے سے جدا کرتی ہے۔ نئی آبادی ان چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں کے آس پاس بسی ہوئی ہے۔ جو دریاے سندھ کے کنارے شمالاً جنوباً کئی میل تک پھیلا ہُوا ہے۔ یہ سلسلہ در اصل روہڑی سے شروع ہوتا ہے۔ دریاے سندھ اس سلسلے کو کاٹ کر گذرتا ہے۔ پھر روہڑی کے مقابل دریا کے پار سکھر کی جانب یہ سلسلہ دوبارہ شروع ہو کر قریباً ۵۰ میل تک دریا کے ساتھ ساتھ چلا جاتا ہے۔ دریا کے بیچ میں بھکر کا جزیرہ ہے۔ وہ بھی اسی سلسلۂ کوہ میں شامل ہے۔ بھکر چونے کے پتھر کی ایک چٹان ہے، جو ۸۰۰ گز لمبی اور ۳۰۰ گز چوڑی اور قریباً ۲۵ فٹ اونچی ہے۔ کہتے ہیں کہ دریاے سندھ پہلے اَلور کے پاس بہتا تھا۔ بعد میں آغاز عہد عباسیہ یعنی ۷۵۰ھ کے قریب دریا نے ان

؂ ضلع سکھر کا گزیٹیر ص ۶۰

پہاڑیوں کو کاٹ کر موجودہ راستہ بنا لیا۔ بھکر کے سنگلاخ کو دریا نہ کاٹ سکا اور وہ شروع ہیں شاید بصورت شبہ جزیرہ اور آخر بصورت جزیرہ دریا میں قائم رہا۔ دریا کا عرض بھکر اور سکھر کے درمیان سو گز ہے۔ زیادہ نہیں ہے۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ یہ مقام پہلے اس سے بھی زیادہ قریب قریب ہوں گے۔ اور ان کے مشابہ نام بھی اسی بات پر دلالت کرتے ہیں۔ جلال الدین خوارزم شاہ کے حملہ کے حالات میں جوینی نے ان مقامات کا نام اکر و بکر لکھا ہے[1]۔ اور یہی صورت اس نام کی اس تانبے کے سکے پر ہے جو مجھے اُکور سے ملا اور جس کا ذکر آگے آئے گا۔

فوجی نقطۂ نظر سے جزیرہ بھکّر کو بہت اہمیت حاصل تھی یہی وجہ ہے کہ قدیم زمانہ ہی میں اس کو قلعہ کی صورت دے دی گئی اور تاریخ میں بھکر کا نام سکھر سے زیادہ نمایاں طور پر مذکور ہوتا رہا۔

۹۲۶ھ = ۲۰-۱۵ء کے قریب شاہ بیگ ارغون نے بھکر کو اپنا دارالسلطنت بنایا اور اس غرض سے بھکر کی فصیل اور برج و بارو کو پہلے سے زیادہ مستحکم کر دیا۔ بھکر کی آبادی

---

[1] جہانکشای جوینی ۲ : ۱۳۶ پر ہے: د قباچہ در کشتی یاکر و بکر دو قلعہ است در جزیرۂ الخ مگر بعض نسخے جو وہیں حاشیے میں دیئے گئے ہیں زیادہ درست معلوم ہوتے ہیں یعنی: "جزیرہ ایست و قلعۂ در آن جزیرۂ"۔ "کہ قلعہ ایست در جزیرۂ"۔ "قلعہ ایست در جزیرہ"۔

کو اس نے وہاں سے باہر منتقل کرنا ضروری سمجھا اور یہ لوگ روہڑی اور سکھر میں جا بسے۔ تب سے ان بستیوں کو روزافزوں ترقی حاصل ہوئی۔ ۹۸۲ھ میں اکبر نے بھکر لیا اور صوبہ ملتان میں شامل کر دیا۔ حملہ نادریہ کے بعد ماورائے سندھ کا علاقہ ایران سے ملحق ہوا اور اس میں بھکر اور سکھر بھی شامل تھے۔ انیسویں صدی کے ربع اوّل میں یہ علاقہ تالپوروں کے قبضہ میں آیا اور ۱۸۳۲ء میں سرکار انگریزی سے متعلق ہوا۔ اس وقت بھکر کو فوجی چھاؤنی بنایا گیا۔ اور چھاؤنی نے تجارت پیشہ لوگوں کو کھینچا جنھوں نے دریا کے کنارے کنارے سکھر جدید کو آباد کیا۔ ۱۸۶۵ء میں چھاؤنی توڑ دی گئی۔ جب ریل نے کراچی کو کوٹڑی اور ملتان کو لاہور سے ملا دیا، تو کوٹڑی اور ملتان کے درمیان تجارت اور آمد و رفت جہازوں کے ذریعہ ہوتی رہی۔ اس زمانہ میں سکھر کو بہت اہمیت حاصل رہی جو پنجاب اور سندھ کے درمیان ریلوے لائن کے مکمل ہونے سے کم رہ گئی۔ ہمارے زمانہ میں سکھر[2] کے بند نے سکھر کو پھر رونق

---

[1] تحفۃ الکرام ۳ : ۱۲۴ پر ہے : بہر حال آن (بکھر)، جای قدیم و لوہری و سکھر ازان جدید ...... قلعہ وی (یعنی بکھر) را شاہ بیگ از خشتہای الور اساس دادہ سادات ساکن درون قلعہ را بروں در لوہری اقامت دادہ، تا وز شاہ بادشاہ قلعہ را خراب ساخت.

[2] Sukhur Barrage

تازہ بخشتی ہے۔ اب میں ان مقامات کا ذکر کرتا ہوں جو میں نے مارچ ۱۹۳۷ء میں دیکھے۔

روہڑی

روہڑی دریائے سندھ کے مغربی کنارے پست چٹانوں پر واقع ہے اور بہت پرانی بستی ہے۔ سکھر گزیٹیر (بذیل روہڑی) میں ہے کہ ارتقائے انسانی کے دور حجری کے آثار یہاں بکثرت ملتے ہیں۔ قریب بہ یقین ہے کہ عربوں کے حملہ سندھ کے وقت یہاں کوئی قابل ذکر بستی نہ تھی اور جیسا کہ اوپر مذکور ہوا دریا کا گزرگاہ روہڑی کے پاس نہ تھا۔ جب دریا نے اپنا راستہ بدلا تو روہڑی اور سکھر دریا کے داہنے اور بائیں کنارے پر بس گئے اور بھکر کی قلعہ بندی کر دی گئی۔ پھر ارغونوں کے زمانے میں سادات بھکر یہاں بسا دیئے گئے۔ عہد اسلامی کی متعدد یادگاریں یہاں اب تک موجود ہیں۔ ۱۸۴۷ء کے قریب تھارنٹن (Thornton)

---

[1] افسوس ہے کہ آثار ذیل کا دیکھنا ممکن نہ ہوسکا:۔

عیدگاہ جو ۱۵۹۳ء میں بنائی گئی۔ خیرالدین۔ آدم شاہ اور میر عبدالباقی پورانی کے مقبرے۔ میر صفائی کی جامع مسجد۔ ست بھین۔ درگاہ خواجہ خضر۔ میر معصوم کی مسجد جس میں اب کسی کا بنگلہ ہے۔ شاہ خیرالدین اور پورانی کا حال تحفۃ الکرام ۳: ۱۳ بعد پر دیا ہے۔

کا اندازہ تھا کہ اس میں ۴۰ آباد اور ۸۰ ویران مسجدیں موجود ہیں ۔ ریلوے سٹیشن کے تھوڑے ہی فاصلے پر رضوی سیدوں کی قلعہ نما بستی ہے ۔ جو ایک کچی فصیل کے اندر واقع ہے ۔ یہ حضرات شیعہ ہیں گر باوجود محرّم انھوں نے ازراہ عنایت مجھ کو بعض چیزیں جو اُن کے ہاں موجود ہیں دکھائیں ۔ انھی سے یہ بھی معلوم ہُوا کہ ان کے بزرگ سیّد میر یعقوب[1] علی رضوی بھکری بن سید میر میران رضوی النقوی عہد عالمگیری میں بھکر کے حاکم تھے ۔ ایک معافی نامہ عہد عالمگیری کا جو سید یعقوب علی کی اولاد کے نام ہے ، اُن کے پاس موجود ہے ۔ وہ میں نے دیکھا ۔ ایک سیدھی سیف اُن کے پاس موجود ہے ۔ دستہ پر سنہری کوفت کاری ہوئی ہے اور حال ہی میں تلوار پر اُن کا نام بھی کندہ کرا دیا گیا ہے ۔ لیکن معلوم نہیں کہ تلوار کو موصوف سے منسوب کرنا کہاں تک درست ہے ۔ یہ تلوار ان حضرات کو کسی اور گھرانے سے دستیاب ہوئی ہے ۔ ان کے پاس متعدد تصویریں اولیاءاللہ کی ہیں ۔ جن میں بیشتر اولیاء ہند کی ہیں ۔ ایک کتاب وظائف کی ہے ۔ جس میں دوازدہ امام رضی اللہ عنہم کی رنگین تصاویر ہیں ۔ یہ بارھویں صدی کا کام معلوم ہوتا ہے ۔ اس کتاب

---

[1] یہ اُن کی اولاد کا بیان ہے ۔ تحفۃ الکرام ۳ : ۱۲۸ پر سیّد یعقوب خان کو "از بنایر میر میران" لکھا ہے ۔ اور میر میران کا مختصر سا حال بھی اسی کتاب میں ۳ : ۱۲۵ پر دیا ہے ۔

کو ایک پیپر ماشی کے بکس میں رکھا ہوا ہے، جس پر جہانگیر کی تصویر اور شکار گاہیں بنی ہوئی ہیں۔ اس بستی کے پاس ہی میر یعقوب علی شاہ کی مسجد ہے، جو بالکل ٹوٹ پھوٹ گئی ہے۔ مگر ابھی ٹائلیں اس میں بعض جگہ باقی ہیں۔ سکھر گزیٹیر ص ۲۲۷ پر اس کی تاریخ تعمیر ۱۶۷۷ء دی ہوئی ہے۔ اس بستی سے کچھ فاصلے پر سید سلطان رضوی کا شکستہ سا مقبرہ ہے جس کے دروازے پر کچھ کاشی کاری ابھی باقی ہے اور تاریخ تعمیر ذیل کے کتبے میں درج ہے۔

سید سلطان رضوی چون ازین دار سپنج
زد بدولت چار تکبیر و بجنت کرده جا
سبز پوشان بهشتی را چمن پیرای خلد
داد سر بهفت از پی آن سید نعم الفتا
سال نقل او ز پیر عقل می کردم طلب
از سروش غیب در گوش من آمد این ندا
یک هزار و صد ز هجرت گر بدان و بیزده
در جمل بشمر حروف جملہ این مصراع را
بعد سه سال دگر از اہل بیت آن امام
یافته تعمیر نو این روضه مینو نما
تا بود بر پای این رنگین حصار ہفت خوان
چار رکنش بر بساط شش جهت ماند بجا
سال تاریخ بنائیش چون جستم از خرد
گفت در گوش ضمیرم روضه آل عبا
۱۱ ۱۴

خانقاہ دین پناہ کے متصل کی مسجد

یہ چھوٹی سی شکستہ مسجد دریا کے کنارے پر واقع اور پختہ گچ کار بنی ہوئی ہے۔ باہر چھوٹا سا صحن ہے۔ ایوان تین حصوں میں منقسم ہے۔ چھت گنبدی ہے۔ محراب کے اوپر لکھا ہے محمد عربی الخ صحن کی جانب ایوان کے باہر کی طرف ذیل کا کتبہ درج ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مسجد کی تعمیر بعہد شاہ اورنگ زیب ۱۰۹۲ھ میں شروع اور ۱۰۹۶ھ میں ختم ہوئی۔ کتبہ دو لمبی سطروں میں لکھا ہوا ہے۔ ہر سطر کے شروع اور آخر میں تین مصرعوں سے کچھ زیادہ دائیں اور بائیں طرف کی دیواروں پر لکھے ہوئے ہیں مگر بیشتر حصہ سامنے کی طرف لکھا ہے۔ کتبہ یہ ہے۔

سطر اوّل

در زمن بادشاہ صاحب تیغ و قلم
مأمن تخت و کلاہ مفتخر خافقین
حامی فرض و سنن ماحی آثار کفر
مالک گنج و حشم فتنہ بر شور و شین
جالس اورنگ عدل، آور دکنذا، دین و دول
گوہر دیہیم ملک، زیب دہ مشرقین

عادل خاقان دہر، عالم گیر آنکہ اوست
خسرو عالی مقام پادشہ مشرقین
خواجہ محمد حسین مسجد عالی کہ ہست
مسجد اقصی نمای زینت اسلام عین
کرد بنا خیر کو قدر و منزلت
کرد دو تا چون فلک قدّ فرقدین
جامع اسرار حق فایض انوار دین
معبد نیکو بنای سجدہ گہ عالمین

سطر دوم

کعبۂ طاعت[1] طاعات حق؟ مقصد حاجات خلق
قبلہ انس و ملک، تاج سر قبلتین
گنبد تابانِ او مردم چشمِ سپہر
شمسۂ رخشان او خیرہ کن مقلتین
گوشۂ محراب او کرسی محراب عرش
منبر مہ پایہ اش منبر اوج بُطَین[2]
باد چو بیت العتیق سالم ز افات دہر
تا اثر آب ہست در دَھَن دو دغین[3]

---

[1] بظاہر یہ مصرع ناقص نقل ہوا۔ شاید کعبہ طاعات حق تھا مگر یقینی نہیں۔

[2] منازل قمر میں سے دوسری منزل کا نام ہے۔

[3] بادل جو آسمان پر چھایا ہوا ہو۔

سال دو تاریخ را ملہم غیبی ادا
کرد بدنیسان مرا زانکہ بود بود دین
جامع اسرار حق مسجد اقصیٰ نمای
*مسجد نیکو ازان خواجہ محمد حسین
مصرع اول بود صالح آغاز سال
مصرع ثانی ہمی یافت ز اتمام زین
بظاہر صالح شاعر کا تخلص ہے جس نے یہ قطعہ تاریخ تصنیف کیا۔

جامع مسجد روہڑی

عہد اکبری کی یہ مسجد لب دریا ایک پُر فضا مقام پر واقع ہے ۔ داخل ہونے کا دروازہ بالکل معمولی سا ہے ۔ البتہ اس پر ایک کتبہ ہے ۔ جس کا ذکر آگے آتا ہے ۔ پرانے بیرونی دروازے کے باہر تھوڑی سی جگہ ہے، جس میں نیم کے متعدد بہت بڑے بڑے اور پرانے درخت ہیں ۔ دروازے سے داخل ہوں تو مساجد کی عام ترتیب کے مطابق پہلے صحن ہے ۔ پھر ایوان یا مسقف حصہ ۔ ایوان کا فرش نیلی ٹائلوں کا ہے اور چھت گنبدی ہے ۔ عمارت سرخ اینٹوں کی بنی ہوئی ہے ۔ ایوان عرضاً دو حصوں میں منقسم ہے ۔ ایک

---

* دوسرا مصرع پہلے ہے اور پہلا مصرع بعد میں درج ہوگیا ہے۔

حصہ صحن سے متصل اور دوسرا اس سے آگے جو تین حصوں میں منقسم ہے اور جس کے وسطی حصہ میں محراب ہے ۔ ذیل کا تقریبی سا خاکہ صرف ایوان کی عام شکل ظاہر کرتا ہے۔ محراب



کے متصل دو کوٹھڑیاں ہیں ۔ اور جنوبی دیوار میں دریا کی جانب کھڑکی ہے ۔ اور ایک سوراخ دار پنجرہ جو خوشخط حرفوں میں قل ھو اللہ احد الخ لکھ کر بنایا گیا ہے ۔ گویا یہ پنجرہ بھی ہے اور خوشخط قطعہ بھی ۔ ایوان بعد کے زمانے کی مساجد کی طرح زیادہ فراخ نہیں ہے ۔ البتہ عمارت اس کی بہت مضبوط بنی ہے ۔ محراب والے حصہ میں مشرقی دیوار کو چھوڑ کر باقی تینوں جانب میں چینی کار سطح پر بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ انا فتحنا الی اجرا عظیما بخط ثلث درج ہے ۔ اسی حصہ کے بیرونی کتبوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عمارت رجب ۹۹۲ھ میں کسی شخص حبیب نامی کے اہتمام سے مکمل ہوئی ۔ بانی "خان جم قدر مسند دوران" فتح خان

ہے۔ ۱۳۶۰ھ میں بادشاہ ایڈورڈ کی تاجپوشی کے موقعہ پر کلب علی مختار کارسرکار کے اہتمام سے اس مسجد کی مرمت بھی ہوئی۔

یہ مسند دوران فتح خان کون ہے ؟ تاریخ سندھ میر معصوم (نسخہ پنجاب یونیورسٹی ورق ۱۳۵ ب) میں مذکور ہے، کہ ۱۰ ربیع الاول ۹۸۶ھ کو اعتماد خان والی بھکر اپنے پیاہیوں کے ہاتھوں شہید ہوا، تو ولایت بھکر بشرکت جاگیر مسند عالی فتح خان مہاوتؔ اور راجہ پرمانند خویش راجہ ٹوڈر مل کو تفویض ہوئی۔ اور رجب ۹۸۶ھ میں مذکورین بھکر پہنچ کر محال متعلقہ پر متصرف ہوئے۔ دو سال کے بعد پرمانند بحکم چوکی دربار درگاہ بادشاہی کی طرف روانہ ہُوا۔ مادھو داس اس کے بھائی کو قبیلہ داریجہ کے لوگوں نے قصبہ اُلور میں گھیر لیا۔ فتح خان نے اپنے آدمی بھیج کر مفسدوں کو شکست دی اور شورش کو فرد کیا۔ انہی دنوں میں فتح خان عازم درگاہ ہُوا۔ بادشاہ نے اس کا منصب بڑھایا۔ اور پرمانند کی جاگیر اس کو تنخواہ میں دی۔ فتح خان مرد سادہ لوح زر دوست تھا۔ لیکن لوگوں کے ساتھ اس کا سلوک اچھا تھا۔ اس کے وکیل شہاب خان کی ناتجربہ کاری کی وجہ سے خان نابر کے آدمیوں سے اس کا فساد ہو گیا۔ جس میں فتح خان کے بہت سے آدمی مع شہاب خان کے مقتول ہوئے۔ جب یہ رپورٹ بادشاہ کے پاس پہنچی تو فتح خان کی جاگیر بدل دی گئی، اور اس کی بجائے نواب محمد صادق کو والی بھکر مقرر کیا

گیا۔ جو ۲ ربیع الاول ۹۹۶ھ میں بھکر پہنچا۔ معلوم ہوا کہ فتح خان کی حکومت بھکر کا زمانہ ۹۸۶ تا ۹۹۳ھ تھا۔

غرض بانی مسجد جامع یہی مسند عالی فتح خان ہے۔ مسند عالی افغانوں کے ہاں لقب تھا۔ یہ شخص پہلے اسلام شاہ کے امراء میں سے تھا۔ اکبر کے ۳۶ سال جلوس یعنی (۹۹۷ھ) میں وہ فوت ہوا (بلاخمن ترجمہ آئین اکبری ص ۵۲۳) اس کو فتو افغان بھی کہتے تھے۔ طبقات اکبری (طبع کلکتہ ج ۲ ص ۴۶۶) میں ہے کہ وہ دو ہزاری منصب تک پہنچ کر فوت ہوا۔ بلاخمن کے بیان سے گمان ہوتا ہے کہ مسند عالی فتح خان اور فتح خان فیل بان (جس کو تاریخ سندھ میں مہاوتہ لکھا ہے) دو مختلف آدمی ہیں۔ مگر میر محمد معصوم نے واضح کر دیا ہے کہ مسند عالی فتح خان ہی فتح خان فیل بان ہے۔ اب ان کتبوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) مسجد کے بیرونی مشرقی دروازے کے اوپر بیرونی جانب بر یہ کتبہ کاشی کار ٹائلوں پر پانچ ٹکڑوں میں درج ہے خط نستعلیق ہے۔ مگر بعض خصوصیات تعلیق اس میں باقی ہیں۔ اصل کی ترتیب کے مطابق یہ کتبہ درج ذیل ہے۔

چون فردوس برین	ردی زمین	اتمامش از صدق	مرادش بیقین	مے اوانخواشی وتسعین وتسعمایہ العمارہ تاریخ
این مسجد باصفا	بی مثل فتاد در ہمہ	چون کرو حبیب	خواہم کر دہد خدا	تمت الشریفہ شہر رجب المرجب سنہ

یعنی

این مسجد باصفا چون فردوس برین
بی مثل فتاد در ہمہ روی زمین
چون کرد حبیب اہتمامش از صدق
خواہم کہ دہد خدا مراوش بیقین

تمت العمارۃ الشریفۃ فی تاریخ اواخر شہر رجب المرجب سنۃ اثنی (کذا) و تسعین و تسعمایہ

۲- ایوان کے بیرونی طرف درمیانی قوس کے اوپر ذیل کا کتبہ درج ہے۔ کتبہ قوس کے دائیں طرف کی دیوار سے شروع ہوتا ہے قوس کے اوپر اس کا بیشتر حصہ آیا ہے، اور بائیں جانب کی دیوار پر وہ ختم ہوتا ہے۔ خط وہی ہے جو اوپر مذکور ہوا۔ یہ بھی ٹائلوں پر لکھا ہوا ہے۔ ترتیب تحریر حسب نمونہ بالا ہے یعنی

شاہ	ستان	سریر	زمان	
پناہ اکبر	بخش ملک	چرخ	مقتدای	الخ الخ
خسروی دین	کہ بود تاج	شاہ انجم سپاہ	حامی شرع و	

اب اس کتبے کو مفصل درج کیا جاتا ہے۔

خسروی دین پناہ اکبر شاہ — کہ بود تاج بخش ملک ستان
شاہ انجم سپاہ چرخ سریر — حامی شرع و مقتدای زمان
بندگانش چون قیصر و فغفور — چاکرانش چو ملزل و خاقان
بندۂ کمترین او یعنی — خان جم قدر مسند دوران
سروری نیک رای دریا دل — منبع جود و مجمع احسان

فتح خان آن کہ تیغ خون یزش ٬٬ کرد بنیاد ظلم را ویران
مسجد جامع از برای ثواب ساختہ بر امید قصر جنان
دل کشا ہمچون مسجد کعبہ جان فزا ہمچون روضۂ رضوان
تا بود گنبد فلک برپا باد سالم ز آفتِ دوران
سال تاریخش از خرد جستم
مسجدی کرد خان بگفت روان

۹۹۲ ھ

ایوان کی درمیانی قوس کے دائیں اور بائیں ہمارے زمانے کی کاشی کار ٹایلوں پر ذیل کا کتبہ درج ہے:

دائیں جانب

تاج پوشیدہ خسرو دوران زینت [زینتی] یافت خانۂ یزدان
مسجد یادگار اکبر شاہ اوفتادہ ز مدتی ویران
در زمان [ایڈورڈ] شاہ جہان کردہ کلب علی مرمت آن

بائیں جانب

آنکہ مختار کار سرکار ست زیر فرمان روای ہندوستان
سال ترمیم مسجد اکبر ددش بودم بجان و دل جویان
با سر ناز ۵۰ ہاتفم فرمود
کار گلدستہ بر لب مہران

۱۳۲۰ = ۱۲۷۰

کہتے ہیں ' ایڈورڈ ' کا لفظ مٹ گیا ہے۔ شاہ ایڈورڈ کا سنہ جلوس ۱۹۰۱ء ہے مگر تاجپوشی ۱۹۰۲ء مطابق ۱۳۲۰ھ میں ہوئی ہوگی۔ کار گلدستہ بر لب مہران کے عدد ۱۲۷۰ ہیں اور اس میں سرناز یعنی ن کے ۵۰ عدد جمع ہوں گے ؛

زیارت گاہ موی مبارک

جامع مسجد کے متصل موی مبارک کی عمارت ہے جس کے اندر ہیں نہ جا سکا۔ تحفۃ الکرام ۳ : ۲۲۴ میں بذیل بلدہ بھکر لکھا ہے:

بوجود تبرک آثار شریف اعنی موی مبارک کہ حسب مرویات صحیحہ یکی از دو نیم مو است کہ از آنحضرت برای زیارت یادگاری مومنان ماندہ مخصوص کرامت۔

سکھر گزیٹیر ص ۴۷ پر ہے کہ یہ موی مبارک عبد الباقی ختن شیخ نظام الدین صدیقی سندھ میں لائے وہ روہڑی میں آباد ہوگئے مگر موی مبارک کو ظاہر نہ کیا۔ آخر ایک بزرگ کو خواب میں اس کے وجود سے آگاہ کیا گیا۔ ظاہرا اس سے بہتر سند موجود نہیں ؛

ڈھک بازار والی مسجد

اس مسجد میں محراب کے اوپر ۱۱۰۶ھ کا ایک کتبہ ہے

بخشش اللہ از اللہ بخش مسجدی را داد درگیتی ثبات

سال تاریخ بنائیش را خرد
ثبت کرد الباقیات الصالحات
۱۱۰۶ ھ

کتبہ لکھنے والے نے اس پر دستخط یوں کئے ہیں۔


(شاید یہ نام سید محمد بخش ہو)

صفہ صفا

روہڑی میں لب دریا قلعہ بھکّر کے مقابل ایک پہاڑی پر میر ابوالقاسم نمکین کے خاندان کا گورخانہ ہے۔ اس پر میر ابوالقاسم اور اس کے عزیز و اقارب کی کئی قبریں ہیں۔ دریا کی طرف سنگین پشتہ بندی کی گئی ہے۔ اور اس کے مقابل کی سمت (جنوب) میں بہت سی سیڑھیوں کو چڑھ کر قبروں والے چبوترے تک پہنچتے ہیں۔ جنوبی سیڑھیوں کے درمیان میں دروازہ اور ڈیوڑھی سی بنی ہے۔ جس میں کچھ نقاشی بھی ہوئی ہے۔ جس سطح پر قبریں ہیں۔ اس کا فرش سرِ بسر پختہ ہے۔ اکثر قبروں پر نفیس سنگتراشی سے زنجیرے اور کتبے کندہ ہیں۔

صفۂ صفا میر ابوالقاسم نے خود بنایا اور اس کا نام بھی خود ہی تجویز کیا[1]۔ یہ جگہ نہایت منزّہ اور خوش منظر ہے۔

لہ مآثر الامرا ۳: ۷۷۲

اس کے دامن میں دریا بہتا ہے۔ سامنے قلعہ بھکّر ہے۔ دُور دُور تک باغوں اور عمارات کا نظارہ یہاں سے دکھائی دیتا ہے۔ صاحب مآثر نے لکھا ہے کہ چاندنی راتوں میں یہاں کا منظر بے نظیر عالم[1] ہے۔

میر ابُو القاسم بن ملا میر هرات کے حسینی سیدوں میں سے تھے۔ پہلے میرزا محمد حکیم کے پاس نوکر تھے۔ پھر اکبر بادشاہ کے ملازموں میں داخل ہوئے۔ بھیرہ اور خوشاب جاگیر میں ملے۔ ایک مرتبہ بادشاہ کو رکابی اور پیالہ نمک کا بنوا کر پیش کش کیا۔ تو نمکین کی پھبتی ان پر کسی گئی۔ اس مردم خیز عہد کی بہت سے لوگوں کی طرح میر بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ پیش گاہ اکبری میں ان کو قرب و منزلت حاصل تھی۔ داؤد خان کررانی کی جنگ میں موجود تھے۔ پھر کچھ عرصہ تک سوات، باجور اور تیراہ کے کروڑی اور فوجدار رہے۔ اس کے بعد ۱۰۰۷ھ میں حکومت بھکر پائی۔ مگر رعایا سے بدسلوکی اور ان کی شکایت پر معزول ہوئے۔ کچھ عرصہ کے بعد بادشاہ نے پھر مہربانی کی۔ اور اضافۂ منصب اور خطاب خانی اور تیولداری گجرات (پنجاب) سے ان کو سرفراز کیا۔ شروع عہد جہانگیری میں خسرو کو گرفتار کرنے پر منصب میں ترقی ہوئی اور دوبارہ بھکّر کی حکومت

---

[1] مآثر ۲: ۷۴، بلاخمن (ترجمہ آئین اکبری) ۴۷۰، تحفۃ الکرام ۳: ۱۲۷ بقول صاحب تحفہ ملا میر متولی درگاہ امام موسٰی رضا تھے۔ سکھر گزیٹیر ص ۴۸ پر صفہ صفا کا عام نام تھان قاسم شاہ دیا ہے۔

ملی۔ اب کے میر نے بھکر کو وطن بنا لیا۔ اور اسی زمانہ میں صفہ صفا تعمیر کیا۔ سکھر کی ایک عالیشان مسجد بھی میر ہی نے بنوائی۔ تحفۃ الکرام ۳ : ۱۲۷ پر ہے کہ میر جنگ قندھار میں قتل ہوئے۔

اس گورخانہ میں بہت سی قبریں ہیں۔ جو اسی قسم کے زرد پتھر کی بنی ہوئی ہیں جو ٹھٹہ کے نواح میں کوہ مکلی کی قبروں پر استعمال ہوا ہے۔ قبروں پر ۱۰۱۸ھ سے ۱۰۷۰ھ تک کے کتبے میں نے خود دیکھے۔ لیکن سکھر گزیٹیر ص ۲۸ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض کتبے بعد کے بھی ہیں یعنی ۱۳۰۱ھ کے یہ کتبے نفیس نستعلیق میں لکھے ہوئے ہیں۔ ایک بلند چبوترے پر میر ابوالقاسم کی قبر ہے۔ اس پر دو کتبے ہیں۔

پائیں

خان زمانہ میر ابوالقاسم آنکہ او — لوح وجود از رقم غیر سادہ کرد
نبراس دودمان وفا گلبن حیا — سال وفات او طلب از داغ دادہ کرد
۱۰۱۹ھ

لہ مآثر ۳ : ۷۵ افسوس ہے کہ قیام سکھر کے اثنا میں یہ معلوم نہ تھا کہ میر ابوالقاسم نے سکھر میں کوئی مسجد بھی بنوائی تھی۔ جس پہاڑی پر صفہ صفا ہے۔ اس کا نام سکھر گزیٹیر میں ست بہین دیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ نام اس عمارت کی وجہ سے ہے جو پہاڑی کے جنوبی جانب ہے۔ میں نے اس کو فقط دور سے دیکھا۔

بالین

گر بود بستر از حریر چسود　　چون نهد مرگ زیر بالین خشت
خلف او ز داغ ابی　　چونکہ تاریخ سال فوت نوشت
۱۸　۱۰
گفت ملہم مرا بگوش ضمیر
سال فوتش کہ یاد جاش بہشت
۱۸ ھ ۱۰

بظاہر داغ دادہ میں ایک عدد زاید ہے۔
میر ابوالقاسم کثیر الاولاد تھے۔ مآثر میں ہے کہ ان کے ۲۲[1] بیٹے تھے۔ جس چبوترے پر میر کی قبر ہے اس پہ تین اور قبریں جو غالباً میر کے لڑکوں یا اور عزیزوں کی ہیں ان کے کتبے درج ذیل ہیں۔

مصدر خُلق امیر خان کہ بسی　　خَلق عالم بخُلق او آسود
تا درین دہر بود صاحب جاہ　　در رضای خدای خود می بود
کوس رحلت چو زد ز دارفنا　　رخت آسودگی بخلد کشود
سال نقلش بگفت ہاتف غیب
ہادی دین امیر خان آسود
۱۰۵۷

یہ امیر خان میر ابوالبقا ابی القاسم نمکین ہے (دیکھو

---

[1] توزک جہانگیری (ترجمہ ۱: ۳) میں تیس لکھے ہیں۔

بلاخمن کا ترجمہ آئین ص ۷۲ء) اس ابوالبقا کے بیٹے عبد الرزاق کی قبر بھی یہیں ہے جو ۱۰۶۲ھ میں کسی سنّی شیعہ فساد میں مارا گیا۔ اس کی قبر کے بالین پر یہ کتبہ ہے۔

عبدالرزاق کہ روحش قرین باد نہ ایزد بہزار آفرین
سنی و شیعہ چون در افتادہ دید تیغ شجاعت زمیان بر کشید
ہمت عالیش عنان گرم تاخت جام شہادت زقضا نوش یافت
ترک ازین عالم فانی گرفت
ملک بقا آل حسینی گرفت
۱۰۶۲

یہیں ایک قبر عتیق اللہ مرزا کی ہے۔ اس پر دو کتبے ہیں۔

پائین

بتاریخ احد پنج شنبہ شہر رجب المرجب ۱۰۳۷ھ بدرجہ شہادت رسید۔

بالین

عتیق اللہ مرزا کز فراقش محبان را جگرہا چاک آمد
چو در خیل شہیدان شد خرامان فلک را دیدۂ نمناک آمد
ز روی درد گفتا سال تاریخ
عتیق اللہ شہید پاک آمد
۱۰۳۷ = ۱۰۳۳ +

اس چبوترے کی قبروں کے علاوہ باقی کئی قبروں پر بھی کتبے ہیں۔جن میں سے بعض درج ذیل ہیں۔

شمالی جانب کی قبریں

۱۔ وفات یافت مرحومی مغفوری میرزا ابو نصر بتاریخ شہر ذی الحجہ ۱۰۶۵ھ

۲۔ وفات یافت مرحومی مغفوری میرزا محمد صلاح بتاریخ شہر ذی الحجہ ۱۰۶۲۰ھ

۳۔ چونکہ مرحوم محمد افضل   رفتہ زین عالم خاکی باجل
عقل تاریخ وفاتش گفتا   آہ آسود محمد افضل

۱۰ ۸۰

مشرقی جانب کی دو قبریں

۴۔ تاریخ فوت مرحومہ یازدہم شہر محرم الحرام ۱۰۷۰ھ

۵۔ فی التاریخ بیست ہفتم شہر صفر ختم بالخیر و الظفر ۱۰۳۱ھ

۶۔ پائین

میر والا نژاد سعد الدین   آن بہر فن یگانۂ کامل
دل ازین خاکدان گرفت او را   جنتِ عدن ساخت سر منزل
سال فوتش چو جستم از دل گفت
شد بفردوس میر صاحب دل

۱۰ ھ ۳۷

صفہ صفا کے دامن میں جنوبی طرف ایک عورت کی قبر پر پائیں جانب ذیل کا کتبہ ہے۔

چون بدون شد ز جہان صالحہ
کز خدا بود بہشتش امید
سال تاریخ وفاتش گردون
زد رقم شد بہشت جاوید

۱۰۳۷ھ

الرور

الرور۔ ارُور یا اَلُور کا خرابہ روہڑی سے ۵ میل جنوب مشرق کو ہے[1]، محمد قاسم کے حملہ کے وقت یہ مقام سندھ کا دارالسلطنت تھا۔ اس زمانے سے قریباً دو صدی بعد یہ بستی اجڑ گئی۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ اس کے اجڑنے کی وجہ یہ تھی کہ دریا نے اپنا راستہ بدل لیا۔ اور یہاں کی آبادی ہجرت کرنے پر مجبور ہوئی۔ اور یہاں کے لوگ روہڑی میں جا بسے۔ اور اپنی پرانی بستی کا نام بھی ساتھ لیتے گئے۔ مگر یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ اس وقت سے اَلُور میں کامل ویرانی ہو گئی۔ کیونکہ عہد مغلیہ میں اس کی آبادی کا ذکر تاریخوں

---

[1] سکھر گزیٹیر ص ۱۲۱ تحفۃ الکرام ۳: ۱۳۲

[2] اَلُور کے اجڑنے کے متعلق عام قصہ تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۴۴ بعد پر دیکھئے

میں موجود ہے۔ مارچ گذشتہ میں میں اس کو دیکھنے گیا تو میرا بھی خیال تھا کہ وہاں صرف کھنڈر ہی کھنڈر ملیں گے لیکن میں نے اس میں ایک بستی کو آباد پایا۔ ہاں پرانی بستی کے کھنڈر بھی نئی آبادی کے پہلو بہ پہلو موجود ہیں لوگوں نے کھود کھود کر اس کھنڈر میں گہرے گڑھے بنا دیئے ہیں۔ اور دور ہنود کی بڑی بڑی اینٹیں ہر طرف اس میں نظر آتی ہیں۔ بستی کے پاس گو اس سے قریب ہی شاہ اورنگ زیب کے زمانے کی ایک مسجد بھی ہے جو ویران اور ناقابل استعمال ہے۔ گو اس کے بعض حصّے ابھی قائم ہیں۔ اُوپر میں سید شکر گنج شاہ اور سیّد خلق الدین شاہ (رکلدا) کی قبریں بھی ہیں۔ آخر الذکر کی نسبت کہتے ہیں۔ کہ وہ حضرت لال شہباز قلندر مدفون سہوان کے معاصر تھے۔ بستی پہاڑی کے اوپر ہے۔ اس کے دامن میں دریا کی سابق گذرگاہ ابھی تک صاف اور واضح نظر آرہی ہے۔ بستی سے دریافت کرنے پر بعض لوگوں سے کچھ تانبے کے سکے ملے۔ جن میں سے ایک غالباً ناصرالدین محمود بن التمش (۶۴۴ تا ۶۶۴ھ) کے زمانے کا ہے۔ اور دوسرا جس کے ایک طرف اکر اور دوسری طرف بکر لکھا ہے۔ پروفیسر شیرانی اس کو خط کے اعتبار سے ارغونوں کے عہد کی طرف منسوب کرتے تھے۔ بستی والوں سے پوچھا گیا کہ کوئی کتبہ بستی میں ہے۔ ایک شخص نے کہا کہ عربی کا ایک کتبہ دریا کی خشک وادی

میں موجود ہے۔ جس کو ان کی اصطلاح میں نیںؔ ونگو کہتے ہیں۔
بستی سے قریباً آدھ میل کے فاصلے پر اترائی اتر کر ہم خشک
گذرگاہ میں ایک جھاڑی کے پاس پہنچے تو وہاں ایک بڑا
سا سفیدی مایل زرد پتھر ملا جو روہڑی میں عام طور پر نظر
آتا ہے۔ اور چونہ کے پتھر کی قسم کا ہے۔ اس پر دو سطروں
میں ذیل کا فارسی کتبہ نفیس نستعلیق میں لکھا ہوا ملا:

بردار قدم چون رہ نوردان	در بادیہ پای نہ چون مردان
بفرمودہ سیاست پناہ امیر محمد معصوم مرقوم ۱۰۰۸ھ	

میر محمد معصوم نامی کا ذکر آگے آتا ہے۔

سکھر

سکھر کی نہایت نمایاں عمارت میر معصوم بھکری کا مینار
ہے۔ اس مینار کے متصل ایک مثمن گنبدی ہے۔ اور اس کے
متصل میر معصوم کے خاندان کا گورخانہ ہے۔ تینوں پر کتبے
ہیں۔ ان کا مفصل حال آگے آتا ہے۔
میر محمد معصوم کو مغلیہ زمانہ کی کتابہ نویسی میں جو اہمیت

لہ ونگ سندھی میں محراب نما چیز کو کہتے ہیں۔ ونگ پنجابی میں ٹیڑھے پن کو کہتے ہیں۔
نیں ندی کو کہتے ہیں۔

حاصل ہے۔ شاید ہی کسی شخص کو ہوگی وہ خود خوشخط کتابہ نویس تھا۔ اور اس کے اس شوق کا یہ عالم تھا کہ ہندوستان سے تبریز و اصفہان تک جہاں موقعہ ملا۔ اس نے رستوں اور منزلوں پر مسجدوں اور عمارتوں کے پتھروں کو اپنے اشعار سے آراستہ کیا۔ کوہ قندھار میں ایک پتھر پر صرف کثیر سے اسامی ممالک محروسہ اکبر شاہی کندہ کئے[1]۔ آج بھی اس کے کتبے ہندوستان میں موجود ہیں۔ اُوپر کے کتبے کا ذکر ابھی ہوا۔ دروازہ قلعہ آگرہ اور مسجد جامع فتح پور کا کتبہ اسی کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ سکھر کے مینار اور اس کے متصل مقامات میں بیسیوں کتبے ہیں۔ جن میں سے شاید بعض اس کے اور بعض اس کے ملازمین کے لکھے ہوئے ہیں۔ آثر (۳ : ۳۲۸) میں ہے کہ اس نے بہت سے بقاع خیر یادگار چھوڑے۔ خصوصاً سکھر میں جو اس کا منقط الراس ہے، اس نے کئی عمارتیں اور باغات بنوائے۔ دریائے سندھ کے اندر بیتا سر کے نام سے ایک عمارت بنوائی۔ جو بقول

---

[1] تحفۃ الکرام ۳ : ۱۲۷۔ قندہار میں ایک پہاڑ پر بابر نے ایک پیش طاق بنوا کر اس پر کتبہ کندہ کروایا تھا۔ میر معصوم نے بھکر سے خوشنویس اور سنگ تراش بلوا کر ہمایوں اور اکبر کا نام اور اکبری سلطنت کے شہروں اور ممالک کے نام "از فضای حدود بنگالہ تا بندر لاہری و از کابل و غزنین تا دکن" وہاں درج کرائے۔ قریباً چار سال میں یہ کام تمام ہُوا (ایلیٹ ۱ : ۲۳۹ "تاریخ سندھ نسخہ پنجاب یونیورسٹی ورق ۷۱ ب)

صاحب مآثر نوادر روی زمین سے ہے۔ سکھر گزیٹیر ص ۵۹ پر ہے کہ سوائے مینار کے سکھر کی متعدد اور عمارتیں میر معصوم کی طرف منسوب ہیں۔ دریا کے کنارے نئے تالاب (RESERUOIR) کے نیچے ایک مسجد اور آرام گاہ (REST HOUSE) ہے جس کو انگریزی عہد میں دروازے کھڑکیاں لگا کر رہائشی مکان کی صورت میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اس پر ایک کتبہ بھی ہے۔ جس میں لکھا ہے۔ کہ میر معصوم نے یہ عمارت نماز اور مسلمانوں کے آرام کے لئے بنوائی۔

دیرانے سکھر میں ایک جامع مسجد ہے جو کہتے ہیں کہ میر معصوم کے والد میر صفائی نے بنوائی تھی،

مینار وغیرہ کا حال بیان کرنے سے پہلے میر کی زندگی کے حالات مختصراً بیان کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ غیر معمولی شخص بیک وقت خطاط، شاعر، مورخ، منشی، طبیب، بہادر سپاہی اور مرد سیاسی (ڈپلومیٹ) ہونے کی حیثیت سے فخر روزگار تھا۔ میر معصوم کے بزرگ سادات ترمذ میں سے تھے۔ درگاہ حضرت شیخ سلیم چشتی کے بڑے دروازے کے پہلو میں میر نے ایک کتبہ لکھا ہے جس کے آخر میں یہ عبارت ہے:

قایلہ و کاتبہ محمد معصوم نامی ابن سید صفائی الترمذی اصلاً و البھکری مسکناً و المنتسب انا الی سید شیر قلندر بن

ـــــــــــــــــ

لہ مآثر میں گنبد دریائی (۱۰۰۷ھ) اس کی تاریخ دی ہے (باقی صفحہ ۳۵۸ پر دیکھیں)

بابا حسن ابدال السبزواری مولداً و القندھاری موطناً (دیباچہ تزک جہانگیری مرتبہ سید احمد علی گڑھ ۱۸۶۴ء حاشیہ ص ۴ جہاں یہ پورا کتبہ درج ہے)

مآثر الامرا (۳ : ۳۲۶) میں ہے کہ دو تین پشت پہلے ان کے بزرگ قندہار ہیں آ بسے۔ اور بعض اور سادات کی شرکت سے بابا شیر قلندر کے مقبرہ کے متولی بنے۔ میر معصوم کے والد میر صفائی بھکر آئے۔ اس زمانے میں سلطان محمود (میرزا شاہ حسین ارغون والی سندھ م ۔ ۹۶۳ھ کا کوکہ) حاکم بھکر تھا۔ وہ بہت عزت سے پیش آیا۔ اور میر صفائی بھکر ہی میں بس گئے۔ سیوستان کی ایک سید زادی سے شادی کی اور میر معصوم اور ان کے دو بھائی بھکر ہی ہیں پیدا ہوئے۔ ابھی تحصیل علم کی نوبت نہ آئی تھی کہ ان کے والد میر صفائی کا انتقال ہؤا۔ میر معصوم نے ملا محمد ساکن کنگری (از توابع بھکر)

بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۵۷ : ٥ میر نے سید شیر کا مفصل حال "تاریخ سندھ میں دیا ہے۔ دیکھو نسخہ پنجاب یونیورسٹی۔ ورق ۷۴ بعد

لہ بہ سادات سیوستان نسبت نمود۔

ٰ تحفۃ الکرام ۳ : ۱۳۵ پر ہے کہ کنگری پادشاہ پور، بہرالو سے ۴ کوس پر اور بہرالو لوہری سے تقریباً ۸ کوس ادھر۔ سید صفائی کو سلطان محمود خان نے شیخ الاسلام بھکر بنایا۔ ان کا سن وفات ۹۹۱ھ ہے (تحفۃ الکرام ۳ : ۱۲۷)، یہی سنہ ان کے لوح مزار کے کتبے سے حاصل ہوتا ہے۔

کی خدمت میں علوم تحصیل کئے۔ تعلیم سے فراغت پانے کے بعد چونکہ میر نے شکار کا شوق حد سے زیادہ پیدا کر لیا تھا۔ وہ اکثر اسی میں مشغول رہنے لگے لیکن یہ حالات جلد ہی بدل گئے اور میر کو مفلسی کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کے ہم وطن اور ہم سبق شیخ اسحاق فاروقی۔ خواجہ نظام الدین احمد ہروی دیوان گجرات کی سرکار میں ملازم صاحب اختیار تھے۔ میر معصوم نے پا پیادہ گجرات کا رخ کیا۔ شیخ نے خواجہ سے ملاقات کرا دی۔ اتفاق سے خواجہ ان دنوں میں طبقات اکبری کی تالیف میں مشغول تھے۔ میر معصوم تاریخ دانی میں یگانہ روزگار تھے۔ اس لئے خواجہ نے ان کے آنے کو غنیمت سمجھا اور میر (اور بعض دوسرے اہل کمال) اس کتاب کی تالیف میں شریک رہے۔ کچھ عرصہ کے بعد میر شہاب[2] الدین احمد خان صوبہ دار گجرات کی ملازمت میں داخل ہوئے۔ اور رفتہ رفتہ شجاعت و مردانگی میں ناموری حاصل کی[3]۔ خصوصاً خانخانان کے ہمراہ

---

[1] مآثر ۱: ۶۶۳

[2] میر شہاب الدین پنج ہزاری امرا میں سے تھا۔ بہت سے کارہائے نمایاں اس سے ظہور میں آئے۔ وہ مدتوں تک گجرات کا اور سالہا سال تک مالوہ کا حاکم رہا۔ ۹۹۹ھ میں اجین میں فوت ہوا (بلاخمن ترجمہ آئین ص ۳۳۲)

[3] اکبرنامہ میں ۹۹۸ اور ۱۰۰۲ الٰہی کے درمیان میر کی فوجی کار گذاریوں کا ذکر کئی بار آیا ہے۔ اور اس کا شمار 'دلاوران' اور 'کار آگاہان' اور (باقی صفحہ ۳۶۰ پر)

تسخیر سندھ میں کارہائے نمایاں سر انجام دیئے ۔ آخر اکبر بادشاہ سے روشناسی پیدا ہوئی اور چالیسویں سال جلوس (یعنی ۱۰۰۳-۱۰۰۴ الہی) میں ان کو دو صد و پنجاہی منصب ملا اور بتدریج تقرب اور اعتبار بادشاہی بڑھا۔ تاآنکہ ان کو ایران کی سفارت پر بھیجا گیا اور وہ دانائی اور کاردانی کی وجہ سے شاہ عباس صفوی کے مورد عنایت بنے تکمیل، اکبر نامہ میں (۳ : ۸۲۵ پر) شیخ عنایت اللہ نے لکھا ہے کہ میر معصوم بھکری کو ۲۷ آذر ماہ ۱۰۴ الہی کو بتقریب سفارت ایران جانے کی اجازت ملی ۔ وہ محاصرہ قلعہ ایروان کے اثنا میں شاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے ۔ شاہ نے ان کی بزرگ داشت میں بہت مبالغہ کیا۔ شہنشاہی خط کو ادب کے دونوں ہاتھوں سے لے کر سر پر رکھا۔ حضرت شاہ بابا امؐ کا حال پوچھا۔ تخایف ایک وسیع بارگاہ میں چنوا کر ملاحظہ کئے اور برابر دو تین دن تک ایلچیان گرجستان اور سرداران ترکستان اور باہر کے آدمیوں کو ان تحایف

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۵۹: خدمت گزینیان کار شناس' اور مجاہدان اخلاص گر' کے زمرہ میں ہوا ہے ۔ بھیرہ اور رہتاس میں وہ محب علی کے ہمراہ رہے اور بہار میں میرزا کوکہ خان اعظم کے کمکیوں میں شامل ہے ۔ پہلے کئی برس تک شورش گجرات کے فرو کرنے میں مدد دیتا ہے ۔ پھر خانخانان کے ہمراہ مہم قندہار میں شمولیت کا حکم پاتا ہے ۔ اور فتح سندھ میں خانخانان کا معین کار ہے (دیکھو فہرست اکبر نامہ طبع کلکتہ ج ۳ بذیل میر معصوم بھکری تحفۃ الکرام ۳ : ۱۲۷) یہ مضمون تکمیل اکبر نامہ سے ماخوذ ہے ۔ ابوالفضل ۱۰۱۱ھ میں مارا جا چکا تھا ؛

کے دیکھنے کے لئے بھیجا۔[1]

نقی کاشی نے لکھا ہے کہ میر معصوم کے ساتھ ایران میں ایک ہزار ملازم تھے (فہرست اودھ ص ۳۷) روز روشن (ص ۶۷۹) پر ہے کہ میر موصوف "در اصفہان با حکیم شفائی و محمد رضا فکری و تقی اوحدی در مشاعرات ہم طرح ماند و بعد ورود ہندوستان انداز ادای سفارت او پسندیدہ محمد اکبر شاہ پادشاہ افتاد و بحضور پادشاہ قبولی عظیم یافت"۔

ایران سے واپسی کے بعد جہانگیر بادشاہ نے ۱۰۱۵ھ میں ان کو امین الملک بنا کر بھکر بھیجا اور میر وہیں فوت ہوئے (مآثر) سنہ وفات ان کا روز روشن میں (ص ۶۸۰ پر) ۱۰۱۹ھ دیا ہے اور تاریخ وفات بودہ نامی صاحب ملک سخن - یہ

ھ ۱۰ ۱۹

مصرع اس قطعہ تاریخ سے لیا گیا ہے۔ جو نامی کی قبر پر کندہ ہے اور جس کا ذکر آگے آتا ہے۔ میر معصوم کا منصب

---

[1] عالم آرای عباسی (طبع تہران ج ۲ ص ۴۴۸) پر اس کے برعکس لکھا ہے ۔ کہ سردیوں کا زمانہ تھا۔ بادشاہ محاصرہ میں مصروف تھا۔ ملواٹے ایک تلوار کے جس کو تفاول کے لئے بادشاہ نے منگوا لیا ۔ باقی چیزیں در دولت خانہ پر بارخانہ میں پڑی رہیں ۔ اور باوجود شدت سرما چار مہینے تک میر کے آدمی ان چیزوں پہ پہرہ دیتے رہے ۔ یہ شاہ عباس کے ۱۷ سال جلوس کا واقعہ ہے ۔ ۱۸ سال جلوس (۱۰۱۳ھ) میں میر کو ہندوستان واپس جانے کی اجازت دی (عالم آرای ۲ : ۴۶۱) (باقی صفحہ ۳۶۲ پر)

رفتہ رفتہ ہزار اکبری تک پہنچ گیا تھا۔

میر مکارم اخلاق سے بدرجہ اتم متصف تھے۔

طبقات اکبری (طبع کلکتہ ۲: ۵۰۰) میں ان کی نسبت لکھا ہے : جوانیست بصلاح و تقویٰ آراستہ و سالہا بفقیر ہمدم و مصاحب بود۔ مآثر (۳: ۳۲۸) پر ہے: زہد و تقوی بکمال داشت و ہمت و سخاوت را بجائی رسانید کہ تا بردم اجلاف بھکر سوغات از ہندوستان می فرستاد و بہ اکابر و اصاغر مسانہہ و مشاہرہ و میاومہ و فصلانہ و جمعگی مقرر کردہ بود۔ ہاں یہ ضرور لکھا ہے کہ آخری دنوں میں میر وطن آیا تو وہ سلوک نہ رہا بلکہ ایک خاص وجہ سے لوگوں نے اپنا پائی۔

روز روشن ص ۶۷۹ پر ہے : مرد درویش مزاج و خوش خلق، لطیف الطبع، سخی و شجیع و متدین و متقی بود۔

مآثر میں ہے کہ میر معصوم صاحب دیوان تھا اور نامی اس کا تخلص تھا۔ مآثر میں ہے کہ دیوان نامی، مثنوی معدن الافکار در جواب مخزن الاسرار، تاریخ سندھ[1] اور طب کی ایک مختصر کتاب موسوم بمفردات معصومی اس نے تالیف کیں۔ مگر تقی کاشی (فہرست اودھ ص ۳۷) نے لکھا ہے کہ نامی نے

حاشیہ صفحہ ۱۶۳:[2] معلوم نہیں ایوناف نے کس بنا پر اس کا سال وفات ۱۰۱۵ھ دیا ہے (فہرست ۱۸۵)

[1] یہ کتاب غالباً ۱۰۰۸ھ میں ختم ہوئی (ریو بذیل "تاریخ سندھ")

پانچ مثنویاں لکھیں جن میں ۱۰ ہزار بیت ہیں۔ ایک ہفت پیکر کے، دوسری سکندر نامہ کے بحر میں، تیسری لیلے مجنوں کے بحر جس کا نام پری صورت ہے، چوتھی یوسف زلیخا کے بحر میں جس کا حسن و ناز ہے[1]۔ پانچویں مخزن الاسرار کے بحر میں۔ نیز اس نے دو دیوان غزلیات اور دو ساقی نامے لکھے۔ روز روشن میں اس کو طب نامی کا مصنف بھی بتایا ہے۔ جو بیلو ص ۲۹۱ کے نزدیک مفردات معصومی سے الگ کتاب ہے۔ میں نے سکھر میں سنا کہ دیوان نامی بخط مصنف اس کی اولاد کے ہاں اب تک محفوظ ہے۔ تاریخ سندھ کے نسخے عام ہیں۔ مفردات نامی کا نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں ہے (دیکھو فہرست ایوناف عدد ۱۵۵)

میر نے عمارتوں، املاک اور باغات پر کثیر رقم صرف کی ہوگی۔ باوجود اس کے اس نے تیس چالیس لاکھ روپیہ نقد چھوڑا (مآثر) اب ہم میر کے مینار وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں، جو ایک پہاڑی پر واقع ہیں[2]:

---

[1] تحفۃ الکرام ۳: ۱۲۷ پر ہے کہ نامی نے ناز و نیاز در قصہ سسی و پنوں لکھی ہے۔ شاید یہ وہی کتاب ہے [2] تحفۃ الکرام ۳: ۱۷۴ پر ہے کہ اکبر بادشاہ نے ایک گراں قدر حرمین بھیجی تھی وہ واپس آئی۔ میر معصوم نے بادشاہ کے حکم کے مطابق اس رقم سے نشیمن ہائے پاکیزہ اور منارہ معروفہ یادگاری ترتیب دیئے۔ اگر یہ درست ہے تو یہ عمارتیں بادشاہی خرچ سے تیار ہوئیں۔

میر معصوم کی بنا کردہ عمارتیں

یہ تین عمارتیں ہیں۔ ایک مینار، اس کے متصل ایک گنبد دار مثمن عمارت، اس کے متصل میر معصوم کے خاندان کا گورخانہ۔ کتبوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اوّلاً یہاں ۹۹۱ھ میں میر صفائی اور میر ابوالقاسم کی قبریں بنیں۔ پھر ۱۰۰۲ھ میں اس جگہ پتھر کے ستونوں اور قبوں والی عمارت کھڑی کی گئی۔ یہی گور خانہ میر معصوم ہے۔ کہتے ہیں اس کی تاریخ تعمیر عمارت سر کوہ

۱۰۰۲ھ

ہے۔ اسی سال یعنی ۱۰۰۲ھ میں مینار کی تعمیر شروع ہو کر ۱۰۱۳ھ میں ختم ہوئی۔ غالباً میر معصوم اس زمانہ میں سفر ایران سے ابھی واپس نہ ہوئے تھے۔ اس لئے ان کے لڑکے میر بزرگ نے مینار کی عمارت اپنے اہتمام سے ختم کی۔ مثمن کی عمارت ۱۰۰۴ھ میں ختم ہوئی۔ اس کی تاریخ مکان بافیض

۱۰۰۴ھ

ہے۔ ۱۰۱۹ھ میں خود میر معصوم کو گور خانہ مذکور میں دفن کیا گیا۔

منار میر معصوم

یہ منار جو مخروطی سی شکل کا اور سرخ اینٹوں سے

بنا ہوا ہے ۔ عمود سے قدرے ایک طرف کو مائل ہے ۔ اس کے قاعدے کا محیط ۸۴ فٹ اور بلندی تقریباً ۱۰۰ فٹ ہے۔ سیڑھیاں اوپر تک جاتی ہیں ۔ چوٹی پر اس زمانے میں ایک آہنی پنجرہ لگا دیا گیا ہے کہ کوئی گر نہ جائے۔ مینار کی بلندی کی وجہ سے شہر اور اطراف کا نہایت شاندار منظر اوپر سے دکھائی دیتا ہے (سکھر گزیٹیر ص ۵۹) مینار کے کتبے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی عمارت ۱۰۰۲ھ میں شروع ہوئی اور ۱۰۱۳ھ میں تمام ہوئی۔[1] ذیل کا کتبہ جس میں تاریخ بھی ہے منار کے دروازے کے اوپر کندہ ہے۔ اور میر بزرگ[2] بن محمد معصوم کی تصنیف ہے ۔ یہ کتبہ تین حصوں میں منقسم ہے ۔ جیسا کہ ذیل کے خاکے سے ظاہر ہوگا۔ متن کتبہ کا یہ ہے:-



(ا)

بنی ہذا المنار فی زمان سلطان جلالدین (کذا) محمد
اکبر بادشاہ غازی

---

[1] گزیٹیر ص ۵۹ پر ہے کہ منارہ کی تعمیر میر معصوم کے لڑکے نے "تاریخ بنائے عمارت یعنی ۱۰۰۲ھ سے ۱۴ سال بعد ختم کی۔ لیکن ۱۴ نہیں ۱۱ سال کہنا چاہیئے۔

[2] میر بزرگ کا حال آثر ۳ : ۳۲۸ پر دیا ہے اس میں میر بزرگ کی نسبت کہا ہے : در نظم و نثر ہم مربوط بود و خوش می نوشت۔ تحفۃ الکرام ۳ : ۱۳۱ پر میر بزرگ کی اولاد کا حال بھی دیا ہے۔

(ب)

بدُرِ فلکِ علا محمد معصوم   کز وی بزمانہ هیت نیکو نابیست
افراشت چنین بناء عالی کہ ز قدر   افراختہ سر بچرخ مینا فابیست
تاریخ بناء او ملایک از عرش   گفتند جہان نما منار نابیست

۱۰۰۲ھ

(ج)

میر معصوم آن رفیع القدر   کہ اندر کار دین باآئین است
کرد طرح منار تا گویند   کین بی یادگار دیرین است
پیر چرخ از برای تاریخش
طاق عرشی برین بگفت این است

۹۵۲ + ۶۱ = ۱۰۱۳ھ

قایلہ میر بزرگ بن سیادت پناہ میر محمد معصوم

مثمن گنبدی

یہ مثمن جو ۱۰۰۴ھ میں تعمیر ہوا۔ منار میر معصوم کے متصل اور اس کے اور میر معصوم کے گور خانہ کے درمیان واقع ہے۔ اس کے چار دروازے ہیں۔ باقی چار محرابیں بند ہیں۔ اندرونی جانب تمام چینی کار ہے۔ دروازوں کے اوپر شمال و جنوب میں روشندان ہیں۔ جو چھوٹے چھوٹے نشیمنوں کی وضع کے بنے ہوتے ہیں۔ ان نشیمنوں کی چھت پر رباعیات ذیل بخط نستعلیق کندہ ہیں جو فرش پر سے پڑھی

جا سکتی ہیں۔

جنوبی نشیمن

سر منزل درد ما ہوای دارد　　ویرانۂ غم نیستر صفای دارد
دیوانۂ دل مرا ملامت نکنید　　این وادی نیز رہ بجای دارد

شمالی نشیمن

فرہاد رحیل از ہمہ کس مشنوی　　آواز دراز پیش و پس مشنوی
کردہ ہمہ شب گیر بسر منزل دور "کذا"　　تو خفتہ برہ بانگ جرس مشنوی

مثمن کے اندر دروازوں سے اوپر ذیل کا کتبہ مسلسل صورت میں لکھا ہے:

جانب مغرب

ای بندہ نواز ذرہ پرور　　از لطف تو ذرہ مہر انور
روزی کہ چو سبزہ سر برآرم　　ز ابر کرمت امید دارم
ہر چند کہ خار بوستانم　　بخشا بطفیل گلستانم
نوری بدلم فگن خدائی　　تا با تو رسم بروشنائی
من بیخود و رفتہ دل ز دستم　　دستی ! کہ بخاک اندہ پستم
صد دیو گریزد از برونم　　زین دیو کہ ہست در درونم
کو دیدہ کہ ہرچہ اوست بینم　　بکشایم و روی دوست بینم
ہر چند کہ چشم ماست ناپاک　　یک رشحۂ لطف بس برین خاک

جانب مشرق

چون مو تتن ار گناہ روید　　عفو تو ز ابر لطف شوید
بخشش .بو ار بہ نیک کاران　　پس وای بما تبہ کاران
ہر چند گناہ، رحمتت بیش　　زان روی امیدوارم از خویش
من خفتہ و دشمنم نگہبان
از دشمن خانہ چون برم جان

جانب شمال

نامی کہ چون خاک آستان است　　زان خاک سرش بر آسمان است
ای خاک برآن کہ خاک نبود　　بر خاک ورت ہلاک نبود

جانب مغرب

این گنبد با شکوہِ نامی　　کز قدر شد آسمان بافیض
چون بود محل فیض ازان رو
تاریخ شدش مکانِ[1] با فیض


میر معصوم کے خاندان کا گورخانہ

یہ عمارت جو مثمن گنبذی کے متصل ہے۔ تمام پتھر سے


---

[1] مادہ تاریخ کے نیچے ہر جگہ اعداد میں نے لکھے ہیں۔

بنی ہوئی ہے۔ درمیان میں قبریں ہیں۔ میر صفائی، میر معصوم اور میر ابو القاسم کی قبروں پر قبے ہیں۔ اور قبوں کے اندر اور قبروں کے اوپر کتبے لکھے ہیں۔ درمیانی قبہ دار حصے کے اطراف میں سنگین ستونوں پر برآمدہ قایم ہے۔ ان ستونوں پر بھی کتبے ہیں۔ اس عمارت کا تقریبی خاکہ ذیل کے نقشے سے سمجھ میں آئے گا۔ گول دائرے ستونوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ قبریں درمیان میں ہیں



قبروں کے اطراف کے درمیانی آٹھ ستونوں کو چھوڑ کر باقی ہر ستون کے چار طرف کتبے لکھے ہیں۔ دیکھو ذیل کے خاکے میں الف، ب، ج اور د



میر صفائی اور میر معصوم کی قبروں کا پتھر سنگ کھڑ ہے۔ اس گور خانہ کے تمام عربی اور فارسی کتبوں کا خط نستعلیق ہے۔

ستونوں کے کتبے

میں نے صرف جنوبی ستونوں کے کتبوں کو نقل کیا۔ ان میں سے بھی پہلے ستون کے صرف دو کتبے نقل ہوئے۔ ہر نئی سطر کو کھڑی لکیر سے ظاہر کیا گیا ہے

ستون ۱

الناس علی اربعۃ اقسام | الاول سعید | فی الحال و المال یعنی | یعیش مومنا و یموت | مومنا و الثانی مشقی (شقی) فی | الحال و المآل یعنی یعیش | کافرا و یموت کافرا | و الثالث شقی فی الحال | سعید فی المآل یعنی یعیش | کافرا و یموت مومنا و | الرابع سعید فی الحال | شقی فی المآل یعنی یعیش | مومنا و یموت کافراً۔

جانب د

سالت الدار اخبرنی عن الاحباب ما فعلوا
فقالت لی اقام القوم ایاماً و قد رحلوا
فقلت فقلتنا؛ این اطلبھم و ای منازل نزلوا
فقالت فنوا فی القبور [والصواب: فی القبور فنوا] لقو واللہ ما عملوا

ستون ۲

جانب ا و عن بعض الحکماء | الدنیا دار و دایرہا | دایرۃ و

ذخایرہا بایرۃ | لذتہا فانیۃ و طاعتہا باقیۃ، حاصلہا فوت | و آخرہا موت غناءہا | فقر و قصرہا قبر اصلہا سم و مالہا ضم | فاخذ ردا (کذا)| حتی اذا جاءکم | الموت[1]......

و عن سلیمان دارانی (کذا)، | اصل کل خیر فی الدنیا | و الآخرۃ الخوف و | مفتاح الدنیا الشبع | و مفتاح الآخرۃ الجوع

جانب ب

و عن حاتم الاصم | رحمۃ اللہ علیہ | ما من صباح | الا و یقول | الشیطان لی | ما تاکل و ما تلبس و | این تسکن | فاقول لہ | آکل الموت و | البس الکفن و | اسکن القبر | و عن ابی بکر الصدیق | رضی اللہ عنہ عز الدنیا | بالمال و عز الآخرۃ | بالاعمال

جانب ج

و عن سفیان | الثوری انہ قال | کل معصیۃ فی | الشہوۃ فانہ یرجی | غفرانہا و کل | معصیۃ فی الکبر | فانہ لا یرجی غفرانہا | الان [و الصواب، الا] ان معصیۃ | ابلیس کان من الکبر و | معصیۃ آدم کان اصلہا | من الشہوۃ

جانب د

و عن بعض العباد | انہ قال | فی المناجات : الہی | طول

---

[1] افسوس ہے کہ اس کے بعد کے دو فقرے نقل ہونے سے رہ گئے۔

الامل غرنی | و حب الدنیا الکنی | و الشیطان الرجیم اضلنی | والنفس الامارۃ عن الحق منعنی | (و) قرین السوء علی المعصیۃ اعاننی | فاغثنی یا غیاث المستغیثین | فان لم تفعل فمن ذا الذی یرحمنی | و عن بعض الحکماء من اذنب | ذنبا وھو یضحک فو اللہ | اذا کان یوم القیمۃ یدخل | النار و ھو یبکی و من | اطاع اللہ وھو یبکی فو اللہ | یدخل الجنۃ و ھو یضحک۔

ستون ۳

جانب الف

و عن علی رضی اللہ | من اشتاق الی الجنۃ | ساع الی الخیرات | و من اشفق عن النار | نہی عن الشہوات | و من تفکر (کذا) الموت نہی | عن اللذات و | من عرف الدنیا ہانت علیہ المصیبات | بعضی (کذا) الحکماء | لا تحقرن الذنوب | الصغایر فانہا تشعب منہا | الذنوب الکبایر۔

جانب ب

و عن عثمان | ابن عفان | رضی اللہ عنہ | ہم الدنیا | ظلمۃ فی القلب | و ہم الآخرۃ | فودا (کذا) فی القلب | و عن یحیی | ابن معاذ الرازی | انہ قال ما | عصی اللہ | کریم و ما | آثر الدنیا | علی الآخرۃ | حکیم۔

جانب ج

و عن علی | رضی اللہ عنہ | کن عند اللہ | خیر الناس و | کذا کررا) کن عند | نفسک شر | الناس | وکن عند | الناس | احدا من الناس ۔

جانب د

و عن علی رضی اللہ عنہ | ان من نعیم الدنیا یکفیک | الاسلام نعمۃ و ان من | الشغل یکفیک الطاعۃ | شغلا و ان من العبرۃ | یکفیک الموت عبرۃ | و عن الاعمش رضی اللہ عنہ من کان رأس | مالہ التقوی کلّت الالسن | عن وصف ربح دینہ | و من کان رأس مالہ الدنیا | کلّت الالسن عن | وصف خسران دینہ۔

ستون ۱۴

جانب ا

و عن ابراہیم النخعی | رحمۃ اللہ علیہ | انہ قال انما | ہلک من | ہلک من | قبلکم | ثلثۃ | اشیاء | بفضول الکلام | وفضول الطعام | و فضول المنام | قال علیہ السلام | من دخل القبر | بغیر زاد فکانما | رکب البحر | بلا سفینۃ۔

جانب ب

و عن حسن | البصری رحمۃ | اللہ علیہ من لا | ادب لہ لا

علم له | و من لا صبر له | لا دین له من لا | ورع له لا | زلفی له | و قال علیه السلام | المقرّ بالتقصیر | محمود و | الاقرار بالتقصیر | علامة | القبول ۔

جانب ج

و عن بعض الحکماء | طوبیٰ لمن | کان عقله | امیرا وھواہ السر [اسیرا] | و الویل | لمن کان | عقله اسیرا | و ھواہ امیرا ارّی طالب | الدنیا و ان طال | عمرہ و نال من | الدنیا سرورا | او | والصواب : و | انعما کیان | ابنی | بنیانه فاتمه | ..... نوی | ما قد بنا رو، تہدما۔

جانب د

عزیزی را گفتند | دلہای ما خفتة | است و سخن تو | ورد اثر نمی کند | حکیم گفت | کاشکی که رکذا، خفتة | بودی کہ بچون خفتة | را بجنبانی بیدار | شود دلہای شما | مردہ است ہر | چند می جنبانید | بیدار نمی شود | قال علیہ السلام | خصلتان لا شیٔ

لہ یہ شعر ہیں :

ارى طالب الدنیا و ان طال عمرہ
و نال من الدنیا سرورا و انعما
کبان یُبْنِی بنیانه فاتمه
...... نوی ما قد بنی و تہدما

چوتھے مصرعہ سے فوراً کے برابر ایک لفظ مٹ گیا ہے

افضل منہما الایمان | باللہ و النفع للمسلمین ؛

میر صفائی والد میر معصوم کی قبر کے کتبے

یہ قبر میر معصوم کی قبر کے پاس مغربی جانب پر ہے۔ قبر کے ہر طرف کتبہ لکھا ہے جو خط نستعلیق میں ہے۔ درمیان میں خطوط سے مستطیل بنا کر پھر اس مستطیل کے چار طرف اس طرح سے جہاں خاتمۂ سطر میں نے ضبط کیا ہے۔ اس کو میں نے کھڑے خط سے ظاہر کیا ہے۔

جانب جنوب درمیان میں

ماہ قرشی سید صفائی　　کافراشت فلک لوای نورشں
ناگاہ ازین جہانگہ سیر　　افتاد بآن جہان عبورشں

تامی ز برای سال تاریخ
گفتا پر نور باد گورشں

۹۹۱ھ

درمیانی کتبے کے گردا گرد چار طرف مسلسل کر کے لکھا ہے:-

اے آمدہ بر سر مزارم　　از آمدنت امیدوارم
حسرت زدہ ام بخاک ماندہ　　افتادہ درین مغاک ماندہ

یک فاتحۂ بخوان باخلاص
تا حق کندت بمغفرت خاص

جانب شمال: درمیان میں

نشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا | شریک لہ الملک و لہ الحمد | یحیی و یمیت و ھو حی لا یموت | بیدہ الخیر و ہو علیٰ کل شئی قدیر۔

درمیانی کتبے کے چار طرف

من زار قبرا فقال اللہم انی اسالک بحق محمد و آل محمد ان لا | تعذب ہذا المیت رفع العذاب عنہ الی یوم القیام | بسم اللہ و باللہ و علی ملۃ رسول اللہ | من قرء علی قبر رفع العذاب عنہ ۔ اربعین سنۃ

اوپر کی جانب

درمیان میں

یا اللہ | لا الہ الا اللہ | محمد الرسول اللہ | بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین تا المفلحون

جنوب مشرقی کنارہ

اللہ لا الہ الا ہو الحی تا العظیم

شمال مغربی کنارہ

آمن الرسول تا کما حملتہ

جانب مشرق

کنارہ پہ اوپر کی جانب کا کتبہ یوں ختم کیا ہے۔

علی الذین من قبلنا .... الکافرین ۔ یا حی یا قیوم برحمتک استغیث || ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو تا الشہادۃ |

ھو الرحمٰن الرحیم تا اسماء الحسنیٰ یسبح لہ | ما فی السموٰت تا الحکیم۔

درمیان میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم اذا زلزلت تا یرہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل ھو اللہ الخ

جانب مغرب

درمیان میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الھکم التکاثر تا النعیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اذا جاء نصر اللہ تا توابا۔

کناروں پر

بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الناس | تا و الناس بسم اللہ الخ قل یا ایھا الکافرون | لا اعبد تا ولی دین قل اعوذ برب الفلق تا و من شر | النفاثات تا حسد۔

اس قبر کے بنیادی پتھر (PLINTH) پر چار طرف ابیات ذیل کندہ ہیں۔

مغرب

اے آمدہ بر مزار نامی		وز آمدنت شدہ گرامی
چون آمدۂ زیارتی کن		از فاتحہ یک اشارتی کن
از مرحلہ جہان غمناک		شد منزل ما سراچہ خاک
رحمی رحمی کہ بس غریبم		از عیش زمانہ بی نصیبم

مشرق

جان قاصد راہ آن جہان است اینجا دو سہ روز میہمان است
ہمپائی شعلہ کن برفتار ہمگامی برق کن شرر وار
سنگی کہ نہادہ بر مزار است سرتا سرش از غمم فگار است
بشگافی اگر درون این سنگ
گر سنگ بود دلت شود تنگ

شمال

این راہ بود دراز و تاریک وین خانۂ گور تنگ و تاریک

جنوب

محتاج لطیفہ دعائیم گو فاتحۂ کہ بی نوائیم

میر صفائی کی قبر کے گنبد اور ستونوں کے درمیان کا کتبہ

گنبد ستونوں پر قائم ہے۔ ان ستونوں اور گنبد کے درمیان پتھر کی سلیں ہیں۔ جن پر ذیل کے کتبے ہیں۔ ترتیب یہ ہے کہ مثلاً شمال کی جانب اوپر کے پتھر پر سے از نیک و بد زمانہ الخ لکھا ہے۔ پھر اس کے نیچے سے مکن در ماتم خود نوحہ بنیاد لکھا ہے۔ علی ہذا القیاس۔ میں نے ان قطعہ اور رباعیوں کو یکجا کر کے لکھا ہے:۔

الف

جنوب

چون دانستی ماحصل دنیا را امروز بگیر توشۂ فردا را

مشرق

فردات چون ہمی دست دہد   زنہار بفروا مفگن سودا را

شمال

از نیک و بد زمانہ پرہیز و برو   زین کہنہ رباط پر خطر خیز و برو

مغرب

چون کار زمانہ سربسر درد سراست   دستی (بہ) سرخود نہ و بگریز و برو

(ب)

جنوب: بیا نامی دمی از مرگ کن یاد
شمال: بکن در ماتم خود نوحہ بنیاد

مغرب

بیا تا یک نفس بر خود بگریم   خدا رحمت کناد از خود بگوییم

مشرق

قرین مغفرت باد آشنائی   کہ گوید بعد ما بر ما دعائی

میر معصوم متخلص بہ نامی کی قبر کے کتبے

پائین

میر معصوم آن مہ برج شرف   آفتاب شرع و دین فخر زمن
روز جمعہ سادس ذی الحجہ گشت   عازم جنت بامر ذوالمنن

سال فوتش از خرد جستم بگفت
بود نامی صاحب ملک سخن

مادہ تاریخ سے ۱۰۱۴ھ حاصل ہوتے ہیں۔ گر روز روشن

ص ۶۸۰ پر بوده الخ بجای بود الخ ہے جس سے ۱۰۱۹ھ تاریخ نکلتی ہے۔ مآثر الامرا میں ہے کہ میر معصوم کو ۱۰۱۵ھ میں امین الملک بنا کر بھکر بھیجا گیا۔ اس سے گمان ہوتا ہے کہ میں نے بود بجائے بوده غلط لکھا ہے اور غالباً روز روشن کا مادہ صحیح تاریخ ہے۔

قبر کے اوپر کی جانب کا کتبہ

درمیان میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین تا الضالین الم تا المفلحون

گرداگرد

اللہ لا الہ الا ہو تا العلی العظیم۔ آمن الرسول تا علینا

جانب مشرق

کنارہ : اصرا تا کافرین، یا حی یا قیوم برحمتک استغیث | ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو تا ہو العزیز الحکیم۔

درمیان میں : بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اذا زلزلت تا شرا یرہ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قل ہو اللہ احد الخ

جانب مغرب

قل اعوذ برب الناس تا و الناس۔ بسم اللہ الخ الھکم

التکاثر تا النعیم بسم اللہ الخ اذا جاء نصر اللہ الخ لا الہ الا
اللہ محمد رسول اللہ بسم اللہ الخ قل یا ایہا الکافرون الخ
بسم اللہ الخ قل اعوذ برب الفلق الخ

جانب شمال

درمیان میں : اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ
الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت و ھو حی لا یموت بیدہ الخیر
و ہو علی کل شئ قدیر۔

گرداگرد

من زار قبراً فقال اللہم انی اسئلک بحق محمد و آل محمد
ان لا تعذب ہذا المیت رفع العذاب۔

میر معصوم کی قبر کے قبہ کے کتبے

اس قبے کے اندرونی جانب اوپر سے نیچے تک دس منطقوں
میں جو ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں یہ کتبے لکھے
ہوئے ہیں۔ اوپر کے تین اور نیچے کے تین کتبے ابھرے
ہوئے حرفوں میں ہیں۔ درمیانی چار کھدے ہوئے حرفوں میں
خط نستعلیق ہے۔ گنبد کے نیچے اور ستونوں سے اوپر پتھروں
کی سلوں سے مثمن بنایا گیا ہے جس پر گنبد قایم ہے۔

لے ٹوٹ کرنے سے رہ گیا، قیاساً بڑھایا گیا۔

منطقوں کے کتبے درج ذیل ہیں - اوپر کے منطقہ سے شمار شروع کیا گیا ہے - اصل کے مطابق ہر ننے مقولے کے قایل کا نام ترچھا لکھا گیا ہے - ابیات کو کتبوں میں مسلسل لکھا گیا ہے یعنی نثر کے طریق پر - میں ان کو ذیل میں شعروں کے طریق پر لکھ رہا ہوں -

۱- قال بعض البلغاء الامل حجاب الاجل - قال سعید بن المسیب لیس قبل الموت شیٔ الا الموت شئی[1] اشد منہ و لیس بعد الموت شیٔ الا الموت الیسر منہ

۲- قال رسول ﷺ من حاسب نفسہ ربح و من اغفل عنہا خسر - قال ﷺ مثل الدنیا و الآخرۃ مثل ضرتین ان ارضیت احدہما اسخطت الاخری ﷺ قال عیسیٰ علیہ السلام الدنیا قنطرۃ فاعبروہا و لا تعمروہا

۳- نی گل برخ باد صبا می خندد
نی نی ہمہ بر غفلت ما می خندد
گویم گویم کہ او چرا می خندد
بر یک دمہ عمر بے وفا می خندد

از تفرقۂ دہر اگر رستی ہیچ
در جای شدت بلند در پستی ہیچ
چون آخر کار بایدت خاک شدن
دانستی ہیچ ور ندانستی ہیچ

۴- ﷺ الذنب لا ینسی و البر لا یبلی الدیان لا یموت

---

[1] میری نقل میں اسی طرح ہے

فکن کما شئیت فکما تدین تدان.

بیان عیسیٰ علیہ السلام الدنیا لا بیس مزرعہ و اہلہا حراث بیہ بہ نحن نرید ان نموت حتی نتوب و نحن لا نتوب حتی نموت ۔ قیل الفقر ملک لیس فیہ محاسبۃ

۵۔ نامی کہ ز دست دہر در تاب شدہ
پژمردہ گلیست کز رخش آب شدہ
زود است کہ بنگری تو آن غمزدہ را
آسودہ بزیر خاک و در آب شدہ

جز غم دل اہل درد خندان کہ کند
جز نالہ دوای مستمندان کہ کند
جز گریہ نوازش حزینان کہ کند
جاروب مزار خاکساران (کذا) کہ کند

۶۔ در دہر اگر گدا و گر محتشم است
آخر ہمہ را روی بسوی عدم است
عمر تو اگر بیش بود کم ز کم است
زیرا کہ چون نیک بنگری یکدو دم است

روزی کہ دلم ز دہر نومید شود — جان نیز بسر منزل جاوید شود
ذرات وجودم کہ بمہرش شدہ خاک — کمتر ذرہ از و چون خورشید شود

۷. مثل الدنیا مثل الحیة لین مسها قاتل سمها
ما آمده بودیم درین باغ بگشت
چون ابر بروی سبزه چون باد بگشت
چون نرگس پر خمار ناگاه از خواب
تا چشم کشادیم نه بهم عمر گذشت

هان تا می هان بخویش یک دم پرواز
مردانه بساز توشهٔ رفتن ساز
داری در پیش بس ره دور و دراز
ای کاش امید آمدن بودی باز

---

۸. در موسم گل چمن رخ مُنقش گون کرد
دل دیده بیاد دوستان پُر خون کرد
سبزه بنود بخاک ما غمزدگان
غم سبز شد و ز خاک سر بیرون کرد

این اهل قبور بین بخواب اند همه
آسوده ز دادن جواب اند همه
از نشأهٔ جام واپسین تا دم حشر
در زیر زمین مست خراب اند همه

ناآمی من ازین دیر پشیمان رفتم
نا چیده گل ازین گلستان رفتم
بودم دو ہزار آرزو در دل ریش
نا کرده یکی ازان بسامان رفتم

۹- ای آنکہ جہان گرفتۂ خوش بکنار
دانی کہ ترا بوقت کار آید کار
گر ملک حبش داری و در ملک تتار
با خود نبری ہیچ بغیر از کردار

ما قصہ نگفتیم کلام آخر شد
حرفی ننوشتیم پیام آخر شد
صبح طربم نا شده شام آخر شد
چون نوبت ما رسید جام آخر شد

زد نیشۂ چرخ سنگ بر ساغر ما
خون شد چو انار دانہ دل در بر ما
گردی نشستہ بود بر افسر ما
اکنون بنگر خاک ببیہ بر سر ما

۱۰- [illegible] الناس نیام فاذا ماتوا انتبھوا لا شفیع
انجح من التوبۃ لا بیع الدنیا بالاخرۃ تربح لا بقیۃ العمر

لا قیمۃ لما ؎ تدارک فی آخر العمر ما فاتک فی اولہ ؎
تطرف تبرک الذنوب ؎ ثواب الآخرۃ خیر من نعیم الدنیا
؎ خف اللہ تامن لغیرہ (کذا) ؎ خالف نفسک
تسترح ؎ قیل ای عیش یطیب و لیس للموت طبیب
؎ من تأمل ان یعیش غدا فانہ تأمل ان
یعیش ابدا۔

قبہ قبر میر معصوم کا کتبہ ختم ہوا۔

قبہ اور ستونوں کے درمیان پتھر کی چار سلیں ہیں۔
ان سلوں کے اوپر اور سلوں سے ہشت پہلو شکل بنا
کر قبہ اس پر قائم کیا گیا ہے۔ اوپر اور نیچے کی سلوں
پر فارسی اشعار کندہ ہیں۔ نیچے کی سلوں پر چار طرف
۱۵ شعر ہیں۔ جن میں سے جانب شمال و جنوب کے
شعر درج ذیل ہیں۔

شمال

امیر سید فاضل محمد معصوم بروی کوہ بنا کرد منزلی بشکوہ
عجب خجستہ مقامی کہ خلق می آیند پی زیارتش از ہرطرف گروہ گروہ
چون از دبیر سال این بنا جستم
قلم گرفت و رقم زد عمارت سرکوہ
۱۰۰۲ھ

جنوب

نامی ز گنہ روی سیاہ آوردہ وز کردۂ خود با تو پناہ آوردہ
گویند بجامیان بود مغفرتت
تو غفاری و من گناہ آوردہ

نامی بکشا چشم بصیرت در یاب
بنیاد زمانہ ہمچون نقشیست بر آب
با تو گویم کہ حاصل دنیا چیست
بیداری یک زمان و باقی ہمہ خواب

میر ابو القاسم کی قبر کے کتبے

میر معصوم اور اُن کے والد کی قبروں کے کتبوں کا ذکر اوپر آ چکا ہے۔ ان سے مشرق کی جانب ایک تیسرا قبہ ہے جو اُن دونوں سے پست تر ہے۔ اس کے نیچے ایک قبر ہے۔ جس پر جانب جنوب ذیل کا کتبہ درج ہے:

چو شد میر ابوالقاسم نیک رای سوی دار عقبی ز دار فنا
چو نامی طلب کرد تاریخ او خرد گفت رفتا (کذا) بدار بقا

ھ ۹۹۱

اس قبہ کے نیچے اور ستونوں کے اوپر ذیل کے اشعار کندہ ہیں
فتیم چون از میان یاران رحمی بر حال خراب دل فگاران رحمی

چون خاک شدیم خاک ما گشت غبار
رحمی رحمی بجناکساران رحمی


شادی زمانه جز غمی بیش نبود
وین عمر گران مایه دمی بیش نبود
سودای بتان جز المی بیش نبود
خونابهٔ دیده جز نمی بیش نبود


چون خاک شود ز غم وجود پاکت
وز حادثه برباد دهد افلاکت
جز سبزه کسی سر نکشد بر گورت
جز باد کسی پا نه نهد بر خاکت


نزا گر آسمان منزل نشین است
ہم آخر جای تو زیر زمین است

اوپر مذکور ہُوا کہ قبے قبروں کے اوپر ہیں۔ ان قبوں کے اطراف میں برآمدہ ہے (دیکھو خاکہ) اس برآمدہ میں ۸ سنگین چھتیں شامل ہیں جو ستونوں پر کھڑی ہیں۔ستونوں کے اوپر اور چھتوں کے نیچے پتھر کی سلوں پر ۸×۴ = ۳۲ شعر کندہ ہیں جو یہاں درج نہیں ہوئے ؛









ضمیمہ

خطاطی کے نمونوں کی تشریح

۱۔سلطان علی مشہدی ۔ جس کی وصلی کا فوٹو شایع کیا جا رہا ہے ۔ وہی مشہور خطاط ہے ۔ جس کا حال اس کتاب کے صفحہ نمرہ ۱۵ پر درج ہے ۔ اصل کی محرر سطح کی تقطیع ۷٫۲ × ۳٫۵

۲۔محمود شہابی کا ذکر تحفۂ سامی میں نہیں آیا ۔ گو وہ اسی زمانہ کا خطاط ہے اس کے حال کے لئے دیکھو "تاریخ عالم آرای عباسی ص ۱۲۴ (بذیل مولانا محمود اسحاق سیاؤشانی) اورینٹل کالج میگزین جلد ۲ نمبر ۲ ص ۱۴ ۔ اس کا سن وفات ۹۹۱ھ ہے ۔ محمود بن اسحاق شہابی کی ایک وصلی کا عکس مسلم ریویو کلکتہ ج ۲ نمبر ۲ پلیٹ ۲ میں بھی چھپا تھا ۔ یہی شخص محمود اسحاق سیاوشانی ہے ۔ دیکھو ہیوار (HWART) کی کتاب شرق اسلامی کے خطاط[1] اور مصور ص ۲۲۸ صاحب عالم آرای عباسی کہتا ہے کہ وہ مولانا میر علی کا شاگرد تھا ۔ "دران عصر نستعلیق را کسی بنزاکت و اندام مولانا محمود مذکور ننوشت" ۔ یہ بھی لکھا ہے کہ "خط او اعتبار تمام دارد و قطعہ او را باطراف و جوانب عالم خصوصا ہند و ماوراءالنہر

---

[1] LES CALLIGRAPHES ETE PARIS 1908

می بروند" اصل کی محررسطح کی تقطیع: ۶/۶ × ۳/۲

۲- عبدالرحمٰن الخوارزمی - اس کے تذکرہ کے لئے دیکھو ہیوار کی کتاب مذکورہ بالا ص ۲۵۷ - یہ خطاط مولانا انیسی اور عبدالکریم پادشاہ کا باپ ہے - ان کا ترجمہ سام مرزا نے دیا ہے - دیکھو یہی کتاب ص نمبر ۲۵ و ۲۶- بقول ہیوار عبدالرحمٰن بھی سلطان یعقوب قراقو ینلو کے دربار کا خطاط تھا - اس نے اور اس کے دو بیٹوں نے نستعلیق کی پرانی طرز کو بدلا اور بعد کے لوگوں نے اس طرز کا تتبع کیا۔

دیوان حافظ کے ایک نسخہ سے جو عبدالرحمٰن مذکور نے ۸۵۹ھ میں لکھا وہ مختلف صفحے بطور نمونہ کے لئے گئے - تقطیع اصل: ۶/۲ × ۲/۷ انچ -

ذیل کے خطاطوں کی تحریر کے نمونے اس کتاب میں شایع کئے گئے ہیں۔

۱- میرعلی تبریزی (دیکھو اقتباس از مرآۃ العالم ص) خواجو کی تین مثنویاں ہمای و ہمایوں، کمال نامہ اور روضۃ الانوار، میر علی بن الیاس التبریزی الباورچی کی یکجا لکھی ہوئی برٹش میوزیم میں موجود ہیں - ان کو میر علی نے ۷۹۸ھ میں لکھا۔ دیکھو فہرست ریو ص ۶۲۰- کمال نامہ کے آخری صفحہ کا عکس یہاں دیا جاتا ہے - روضۃ الانوار کے پہلے صفحہ پر اس نے لکھا ہے - کہ یہ کتاب "کتب خانہ شہریار ابوالفتح بہرام جم اقتدار" کے لئے لکھی گئی۔ مشہور یہ ہے کہ میر علی تبریزی

بودیم اما که دیدیم از نوش
چون بخشم کال هر من دید
شد که ان و جان ده واصل
ذالی هر هر ضعیف از یمن
شد بتاریخ هفصد و چل و چار
گرچه خواجو من شنکر بشینی
آن سخن هر سخن دری دگرست
جوهری گشتش بماند کس
گوهر عالم فضیل حجت ماست
منزل ما مقام بی جایست
هدهد قدسی تدروی باغ است
دل خرم که مرغ بال زنست
دلم از تیغ و فضل کشت ملول

چیدم اما که چیدم از گلدستش
خار نقصان زدامنم بر چید
کشف ارواح شد مرا حاصل
بنهفته در زیر همچون جوشنش
کار این نقش آذری و نگار
نیست در این زبانیم همسنی
وین سخن از و فنی دگرست
فیبت آن خدای اند و بشنش
خرد بیر عقل صحبت ماست
دانشش الطاف دانا بست
عقل علوی چراغ این راغ است
عندلیبی ز طرف نه چمنست
گر مقیدست عقل و فضل فضول
غیر و بیکار تا کنم چو نا سبب
علم آمد ز دست مرد و بجان

فرزه داده و اجازتم عشر بود
نام نظم کمال نامه نهاد
مدی بود و جسرح سخاوی
نزکوهی که بوده تا آب
هیچ صورت بدین معانی نیست
من ز آنم که این ورق میخواند
تو چه دانی که این سخنها چیست
مدعی گو بترک دعوی گیر
قرار شاخ ارغوان قیت
نقش روح کیدم از دل ماست
شمع توفیق را شبستان نیست
چند گویم سخن که لایل شدم
هر که این شاخ چند بتوان چید
خامه و نامه را در آتش و آب
کین ده روییت و آن یکی دو زبان

راه یک هستیم نمود
روز کار فیتم نمیکشت د
داده پس پرده های سیاه ...
وز تف تیغ هر گشته ...
جنبهٔ جان بدین روانی نیست
وین حکایت بدین نسق میداشت
کسر ندانی که آن سخن ورگیست
با بر در مقام دعوی هیبر
و غائب از نیازها عاقبت
شب هر یک نم از گل ما
گل تحقیق گلستان نیست
همچو مرغی شکسته بال شدم
هین این باغ چند بتوان چید

بنشکم چشم جان سپیداد و زم
و آتش دل ز تن چب افروزم


جون . بمسخن بگیه کامل
طمع از سر جسب غیر حق دیدم

در شکستم ورق ز بیم ملالی
بو نه بقطع و سید بیرهم


تم الکتاب الموسوم بکمال نامه من منظومات فضل المتأخرین کمال الدین محمود المشتهر بخواجو الکرمانی فی ثامن عشرین جمادی الاول سنه ثمان وتسعین وسبعمایه الهجریة المکاتبه على يد العبد الضعيف الحسن علی بن الیاس البرکی الباورچی غفر الله ذنوبها وستر عيوبهما ۵




۲ الف




۲ ب







۵ الف



۵ ب

موجد نستعلیق ہے۔ تقطیع اصل : ۱۲$\frac{3}{4}$ × ۹$\frac{1}{4}$

۲ و و ب سلطان محمد نور دیکھو اقتباس مرآۃ العالم ص ،

یہ سبحۃ الابرار جامی کے آخری اور ایک درمیانی صفحہ کا عکس ہے۔ سلطان محمد نور نے اس نسخہ کو ۹۲۹ ھ میں تمام کیا۔ اصل کی تقطیع $\frac{1}{4}$۷ × $\frac{3}{4}$۴

۳۔ اختیار منشی دیکھو اقتباس مرآۃ العالم ص ، اس وصلی پر عبارت ذیل لکھی ہے:

سطر۱۔ للہ الحمد و المنہ کہ اشجار معدلت از رشحات سحاب احسان و افاضت طراوت یافتہ۔

سطر۲۔ و نہال گلزار نصفت از قطرات مطرات مکرمت نضارت پذیرفتہ سکنہ آن ۔ در [دُر ؟] ولایت درمہا دامن داماں آرامش دیدند (مشکوک)

سطر۳۔ و متوطنان آن دیار در ظلال عدل و حرمت باسایش می گذرانند [ے]

سطر۴۔ آرام یافت در حرم امن وحش و طیر
و آسودہ گشت در کنف عدل انس و جان۔

سطر۵۔ و ارباب داعیان و مقیمان و متوطنان آن ملک اقامت مراسم طاعت و ادامت ....

سطر۶۔ مشق بندہ فقیر و حقیر

سطر۷۔ اختیار منشی

تقطیع اصل ″ × $\frac{1}{4}$۳″

۴۔ میر علی ہروی (دیکھو اقتباس خط و سواد کا دیباچہ ص
بعد و اقتباس مرآۃ العالم ص) اس وصلی پر لکھا ہے:
المذنب میر علی در بلدہ ہراۃ تحریر نمود۔ تقطیع اصل ۹ × ۶ ½
۵ (و ب) میر علی اور حافظ نور اللہ۔ میرے نزدیک ۵ ؤ
میر علی کاتب الہروی ہی کی تحریر ہے۔ جیسا کہ اس کے اور
نمبر ۴ کے مقابلہ سے معلوم ہوگا۔ حافظ نور اللہ کی تحریر اس
وصلی کی پشت پر ہے۔ متاخرین اکثر متقدمین کی وصلیوں
کی پشت پر اپنی تحریر سند اور اعتراف تلمذ کے طور پر
لکھ دیتے تھے (مثلاً دیکھو نمبر ۱۱ و و ب)
حافظ نور اللہ کا حال دیکھو تذکرہ خوشنویسان ص پر
یہ بارھویں صدی کے آخر کا کاتب ہے۔
تقطیع اصل ۵ ؤ : ۷ ½ × ۴ ½
تقطیع اصل ۵ ب : ۸ ½ × ۴
۶۔ بایزید دوری (دیکھو اقتباس مرآۃ العالم ص)
یہ امیر خسرو کی مثنوی دول رانی خضر خان کا آخری صفحہ
ہے جس پر سلطان بایزید بن میر نظام مشہور بدوری
کے دستخط ہیں۔ یہ نسخہ جو میر بایزید نے ۹۷۶ھ میں لکھا۔
ایک زمانہ میں اکبر کی ایک بیگم سلیمہ سلطان بیگم کے کتابخانہ
میں تھا۔ پھر شاہ جہان کے کتاب خانہ میں رہا۔ اب
ریاست کپور تھلہ کے سرکاری کتاب خانہ میں ہے (دیکھو روئداد
اجلاس ہشتم انڈین ہسٹاریکل ریکارڈز کمیشن منعقدہ ۱۹۲۵ء ص ۲۶

پس از من هر که آید گر آید
بی اندر پی رسد آنجا که شاید

مرا این عقل و هش پیش دار
نخفد اندر خرابهای بسیار

ز نیرین ما دیه تا کار دانم
مگر گرگ سپاند استخوانم

ولی با این همه امید دارم
که غافل نیست رهبر از شمارم

ز صالح ناقه گر تنگ زد نیرنگ
برارد ناقه خود صالح از سنگ

بزی کور اجسته از پیش و از پس
عصای راه خوب شبان بس

شدم تسلیم سر او دانم پس
که من این ره نیارم رفت از خویش


بد و فضل خدایم کرد تسلیم
هم او صدق و یم بخشد تعلیم


خداوندا بسویت ره نمایم
که با این رهنما سوی تو آیم

همه کس حاجت آرند در پیش
چه حاجت من که گویم حاجت خویش

نمیخواهم ز تو بخشش چو هر کس
تو چندرو هر چه می بخشی همان بس


الفقیر الحقیر المذنب سلطان بایزید
ابن میر نظام مشهور بدوری
[illegible]








ب



ز



۱۱ الف



۱۱ ب

تقطیع اصل : ½ ۷ × ۴

۷ - ۸ - عماد الحسنی و میر عماد۔ دیکھو اقتباس مرآۃ العالم ص ، برٹش میوزیم میں اس کی ایک وصلی ہے جو ۱۰۱۷ھ میں لکھی گئی اور جس پر بظاہر "محمد عماد الحسینی" لکھا ہے۔

دیکھو فہرست ریو ۷۸۳ و - نمبر ۸ پر فقط "عذر خواہ عماد" لکھا ہے۔

تقطیع اصل نمبر ۷ ¼۸ × ½۳ و نمبر ۸ ۱۰ × ۵

۹ - محمد مراد الکشمیری ، دیکھو اقتباس مرآۃ العالم ص ۔ ،

تقطیع ¼۷ × ½۳

۱۰ - جواہر رقم یعنی میر سید علی خان الحسینی تبریزی بن آقا مقیم ، رک بہ اقتباس مرآۃ العالم ص و تذکرہ خوشنویسان ص و فہرست ریو ص ۷۸۲

تقطیع اصل ¾۷ × ⅛۴

۱۱ (و ب) ملا عبد الرشید ، دیکھو اقتباس مرآۃ العالم ص ؛ یہ میر عماد کا بھانجا اور شاگرد شاہ جہان کے زمانہ میں ہندوستان آیا اور ۱۰۸۱ھ میں فوت ہوا یہ قطعہ اس نے ۱۰۷۶ھ (آخر عہد شاہ جہان) میں اکبرآباد میں لکھا۔ اس وصلی کی پشت پر اعجاز رقم خان کی تحریر ہے۔ اس کا حال دیکھو تذکرۂ خوش نویسان ص ۹۲ پر۔ صاحب تذکرۂ مذکور نے لکھا ہے:-

"اکثر نوشتہ آقا عبد الرشید قطعہ و مشق در سرکار او

(یعنی اعجاز رقم خان) بنظر آمده۔

تقطیع اصل:

۱۱ د   ۹ ۱/۲″ × ۴″

۱۱ ب   ۸ ۱/۸″ × ۴ ۳/۸″

غلطنامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	حاشیہ ۱	ص-۶-۷	صفحہ ۶
۳۳	حاشیہ ۵-۸	ص-۸-۷	صفحہ ۹
۱۰۳	۲	دیکھو ص-	دیکھو صفحہ ۸۹
۱۳۴	حاشیہ ۱	دیکھو ص حاشیہ	دیکھو ص ۱۳۵ حاشیہ ۳
۱۳۶	۵	کتاب کے صفحہ	کتاب کے صفحہ ۵۳

۲۳۵ حاشیہ ۱ خلیفہ مستعصم شوال ۶۰۹ھ میں پیدا ہوا اور صفر ۶۵۶ میں ہلاکو کے ہاتھوں ہلاک ہوا۔

۲ صفی الدین قریباً ۸۰ سال کی عمر میں ۶۹۳ھ میں فوت ہوا۔ سیرت، نظم، شعر، انشاء، تاریخ، خلاف، موسیقی کا عالم تھا۔ خط منسوب اس کے زمانے میں اس جیسا کوئی نہ لکھ سکتا تھا۔ وہ خلیفہ مستعصم کا مقرب تھا، جب خلیفہ نے آخری دنوں میں ایک نیا کتب خانہ قائم کیا تو صفی الدین کو کتابدار مقرر کیا اور وہ کتاب خانہ میں خلیفہ کے لیے کتابت کرتا رہا (تاریخ بغداد للعزاوی ۱ : ۳۶۱)۔

۳ ۶۸۵ھ میں فوت ہوا (تاریخ بغداد للعزاوی ۱ : ۳۳۸)۔

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۸۹	۱	ایک بار	یعنی ۱۹۳۴ع میں
۲۹۲	۳	ص نمبر ۵	ص نمبر ۲۹۳
"	۵	ص نمبر ۶	ص نمبر ۲۹۳

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۹۲	۱۱	ص نمبر ۲	ص نمبر ۲۹۴
۲۹۹	۷	(تحفۃالکرام ۳: ۱۳۸)	(تحفۃ الکرام ۳ : ۱۸۳)
"	حاشیہ ۱	مانہ	نہ
۲۹۹	۱۳	اول ۲	الول
"	۱۵	متعلق	متعلق [بہ]
۳۰۱	حاشیہ ۱	دیکھو صفحہ حاشیہ	دیکھو صفحہ ۴۲ حاشیہ
۳۰۴	۳	صفحہ پر دیا ہے	صفحہ ۳۰۹ پر دیا ہے
۳۱۰	۷	کہٗ	[کہ]
۳۱۱	حاشیہ سطر ۴	۳ : ۱۳۵	۳ : ۱۰۵
۳۱۳	۱۵	قدیم حضرت	قدیم حضرت نصب
"	۱۵	نوشتہ نصب	نوشتہ
۳۱۴	خانہ نمبر ۴		ال
۳۱۵	٦	ص ۱۴۵	ص ۳۰۴
۳۲۰	۱۴	ادرارات مقرر	ادرارات مقرر ہوئے
۳۲۵	حاشیہ ۱	چھٹہ مرانی	چھٹہ حمرانی
۳۲٦	حاشیہ ۱	بلاذری کا	بلاذری کا آلرور'
۳۲۸	۲	ماہ رجب	ماہ رجب ۹۷۵
۳۲۹	۱	تسع	تسعمائۃ
۳۳۷	۲۱	جستم	بجستم
۳۳۹	۵	بنا خیر	بنا بھر خیر

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۳۳۹	۹	طاعات حق ؟	[طاعات حق ؟]
۳۴۰	حاشیه ۱	دوسرا مصرع	کتبہ میں دوسرا مصرع
۳۴۳	۱۴	حرخ	چرخ
۳۵۰	۲	خلف او	خلف خیر او
۳۵۱	۱۰	بتاریخ احد	بتاریخ روز
۳۵۲	۱۰ (۵)	بیست ہفتم	بیست و ہفتم
"	۱۱ (۶)	یگانہ کامل	یگانہ و کامل
۳۵۵	۸	سیاست پناہ	سیادت پناہ
۳۵۸	حاشیه ۲	تحفة الکرام (۳: ۱۲۷)	تحفة الکرام (۳ : ۲۷)
"	حاشیه ۱	بہ سادات سیوستان	بہ سادات کھابروت سیوستان
۳۶۳	۲	کے بحر	کے بحر میں
"	۴	کا حسن و ناز	کا نام حسن و ناز
"	حاشیه ۲	قدر حرمین	قدر رقم حرمین
۳۶۷	۱۲	الدہ پستم	ماندہ پستم
۳۷۹	۱	چون ہمی	چو امروز ہمی
"	۶	بنویم	بگویم
۳۸۶	۱۶	از دیر سال	از دبیر خرد سال